# ایسر القرآن

## قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ 27

ہمارا مشن ہے کہ......قرآنی الفاظ کے اُردو تلفظ......اُردو لفظی ترجمہ
عربی مادہ اور عام زبان میں استعمال کو سمجھ کر......قرآن پاک کو
بامحاورہ اُردو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کو ممکن بنانا

خاور صادق
قرآن سمجھو تحریک

قرآن پاک کو اس انداز میں سمجھنے اور سمجھانے کے لئے طریقہ کار

**ڈاکٹر اُمِّ ارقم سلمیٰ ضمیر خان صاحبہ** اور **انجینئر امیر ضمیر احمد خان صاحب**

نے تخلیق و تجویز فرمایا...... اور ہر مرحلہ پر راہنمائی اور تصحیح فرمائی

جملہ حقوق بحق پبلشرز محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| تدوین وترتیب | : | ڈاکٹر اُمِّ ارقم سلمیٰ ضمیر خان |
| تسوید وتصحیح | : | ابوسعد محمد شفیق خاں جالندھری |
| پروف ریڈنگ | : | ڈاکٹر حافظ محمد عرفان رمضان |
| نظرِ ثانی | : | ابُوعبداللہ مفتی محمد مسعود ظفر |
| اہتمام | : | حافظ محمد عثمان عیش (0300-7942202) |
| پارہ | : | قَالَ فَمَا خَطۡبُكُمۡ 27 |
| اشاعت اوّل | : | |
| تعداد | : | 1000 |
| طباعت | : | اقراء کمپیوٹرز، پرنٹرز اینڈ پبلشرز |

پریس مارکیٹ امین پور بازار فیصل آباد۔ پاکستان 0301-7977716

پبلشرز

خاور صادق "قرآن سمجھو تحریک"

صدقہ جاریہ محترم محمد صادق چوہدری/محترمہ خاور صادق/محترم امیر ارقم ضمیر

فرسٹ فلور، امیر ارقم ضمیر مسجد/اسلامک سنٹر، ڈاکٹرز سوسائٹی، کینال روڈ لاہور 0300-5445595

www.quran-samjho.org quran.samjho.tahreek@gmail.com

پاروں کے حصول کیلئے رابطہ: 5445595 300 92 +

# القرآن الكريم

# قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ 27

ہمارا مشن ہے کہ......قرآنی الفاظ کے اُردو تلفظ......اُردو لفظی ترجمہ عربی مادہ اور عام زبان میں استعمال کو سمجھ کر......قرآن پاک کو بامحاورہ اُردو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کو ممکن بنانا

خاور صادق
قرآن سمجھو تحریک

# منفرد انداز میں قرآن پاک کی تلاوت اور اُسے سمجھنے کا طریقہ

قرآن پاک ایک ایسی آسمانی کتاب ہے جسے اللہ عزوجل نے عربی زبان میں نازل کیا ہے۔ اس کے باوجود قرآنِ مجید کومختلف زبانوں میں سمجھانے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کومنتخب فرمایا۔ فہم قرآن کیلئے عالمِ اسلام میں مختلف کوششیں کی گئیں۔ اسی طرح اُردو زبان میں بھی قرآن پاک کی ترجمانی کیلئے بیش بہا کوششیں ہوئیں، مگر بدقسمتی سے عربی زبان کوعربی لہجے میں پڑھنا بالخصوص پاکستان کے کچھ علاقہ جات میں مشکلات کا ہی شکار رہا۔ حقیقت یہ ہے کہ مستقل اساتذہ کرام کی رہنمائی کے بغیر قرآنِ پاک کے مقدس عربی الفاظ کوصحتِ تلفظ سے پڑھنا ناممکن ہی نظر آتا ہے۔ اس کے علاوہ تمام مسلم احباب کیلئے قرآنِ پاک کے الفاظ کی تعلیم کا ابتدائی مرحلہ حروفِ تہجی کے الفاظ کو ہجوں کی شکل میں جوڑ توڑ میں لکھا جاتا ہے اور پڑھایا جاتا ہے۔ اس کیلئے ادارہ جات میں بنیادی ( قاعدے ) موجود ہیں اور وہاں مستقل قراء کرام، اساتذہ کرام بھی موجود ہیں، اُن کی بروقت رہنمائی متعلمین اور مبتدئین کے لئے ازبس ضروری ہے، مگر افسوس صد افسوس! بے شمار لوگ ابھی بھی قرآن پاک کی ناظرہ تعلیم اوراس کے ترجمہ وتفہیم سے یکسر قاصر نظر آتے ہیں۔

خاور صادق **''قرآن سمجھو''** تحریک کا ایک ہی بنیادی مقصد ہے کہ ہر آدمی جس کی قومی زبان اردو ہے اُسے قرآنی الفاظ کا تلفظ بھی سمجھ آجائے اور قرآن کے لفظی اور بامحاورہ ترجمہ بھی سمجھنے میں آسانی ہوجائے اور ترجمہ کوعام زبان میں استعمال ہونے والے الفاظ سے کالمی انداز میں قرآن کو سمجھانے کی منفرد کوشش کی گئی ہے۔ پہلے کالم میں قرآنی الفاظ، دوسرے کالم میں قرآنی الفاظ کا اردو میں تلفظ، تیسرے کالم میں لفظی اردو ترجمہ، چوتھے کالم میں قرآنی الفاظ کا عربی لغت میں مادہ اور پانچویں کالم میں عام زبان میں عربی الفاظ کا استعمال پیش کیا گیا ہے، تاکہ پڑھنے والے اچھی طرح تلفظ سیکھنے کے ساتھ اردو ترجمہ بھی خوب ذہن نشین کرلیں اور بامحاورہ ترجمہ بھی دل نشین انداز میں پیش خدمت ہے۔ عوام الناس کیلئے یہ نادر اور منفرد کوشش وکاوش ہے۔ اللہ تعالیٰ شرف قبولیت سے نوازے۔

قرآنی الفاظ کی تلاوت کا طریقہ قرأت وتجوید کے رولز کے مطابق چند ضروری مگر مختصر قوانین پڑھنے والوں کی رہنمائی کیلئے پیش خدمت ہیں:

① **جزم والاهمزه:** اس کے لئے اُردو کے تلفظ میں ''x'' کراس کا نشان لگایا گیا ہے، جیسے:

يَأْتُوكُمْ　　یَ x تُ وْکُمْ　　مُؤْمِنِيْنَ　　مُ x مِ نِ یْ نَ

② **مد متصل:** اگرحروف مده (واوٗ، الف، یائے) کے بعد ہمزہ اُسی کلمہ میں آجائے تو اُسے مدِ متصل کہتے ہیں اسے تین نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے، جیسے:

جَآءَكُمْ　　جَا... ءَ کُ مْ　　سُوْٓءَ　　سُ وْ... ءَ　　سَيِّئَتُ　　سَیْ... ءَ تُ

③ **مد منفصل:** اگرحروفِ مده (واوٗ، الف، یائے) کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں آئے تو اُس کو مدِ منفصل کہتے ہیں اُسے دو نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے، جیسے:

بِمَآ اُنْزِلَ　　بِ مَا.. اُنْ زِ لَ　　قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا　　قُ وْ لُ وْ.. آ مَنْ نَا　　فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ　　فِیْ.. اَنْ فُ سِ کُمْ

④ **ادغام تام** اور **مدغم حروف کی صوت (آواز):** دو حرفوں کا آپس میں اس طرح مل جانا گویا دونوں ایک ہوگئے ہیں اسکی تین صورتیں ہیں:

① ایک حرف دومرتبہ ایک کلمہ یا دوکلموں میں اِس طرح آئے کہ پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہوتو ساکن کومتحرک میں مدغم کردیں گے، اس کو مدغم مثلین کہتے ہیں جیسے:

اِذْهَبْ بِّكِتَابِيْ　　اِذْ ہَ بْ بِ کِ تَا بِ یْ　　سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا　　سَ عْ یُ کُمْ مَ شْ کُ وْ رَا　　عَنْ نَّفْسِيْ　　عَنْ نَفْ سِ یْ

② اگر ایسے دوحرف ایک کلمہ یا دوکلموں میں جمع ہوں جن کا مخرج ایک اوران کا پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہوتو ساکن حرف کومتحرک حرف میں مدغم کردیں گے، جیسے:

اُحِطْتُّ　　اُ حِ ت تُ　　اِذْ ظَّلَمُوْٓا　　اِظْ ظَ لَ مُ وْ　　قَدْ تَّبَيَّنَ　　قَ تْ تَ بَ یْ یَ نَ

③ اگر ایسے دوحروف ایک کلمہ یا دوکلموں میں جمع ہوں جو قریب المخرج اور قریب الصوت ہوں اور پہلا حرف ساکن اور دوسرا حرف متحرک ہوتو ساکن حرف کومتحرک میں مدغم کردیں گے، جیسے:

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ　　اَ لَ مْ نَ خْ لُ کْ کُمْ　　قُلْ رَّبِّيْ　　قُ رْ رَ بْ بِ یْ　　مِنْ رَّحِيْقٍ　　مِ رْ رَ حِ یْ قِنْ

⑤ **ادغام ناقص میں صوت (آواز):** ''ن'' ساکن یا ''ن'' تنوین (کے قاعدہ ادغام غُنّہ کے ساتھ) میں دیکھ چکے ہیں کہ ''ن'' کے ادغام کے باوجود اس کی صوت (آواز) باقی ہے ایسے ہی مدغم حرف کی کوئی صفت باقی رہے تو اُس کو ادغامِ ناقص کہتے ہیں، جیسے:

مَنْ يَّفْعَلْ　　مَ یَں یَ فْ عَ لْ　　مَنْ يَّشَآءُ　　مَ یَں یَ شَا... ءُ　　عِلْمًا وَّ　　عِ لْ مَا وَں وَ　　جَنّٰتٌ وَّ　　جَ نْ نَا تُوں وَ

**نوٹ:** تلاوت کے حوالے سے مزید ضروری ''قواعد وضوابط''، تفصیل کے ساتھ ایک کتابچہ کی صورت میں شائع کئے جائیں گے۔　　(ادارہ)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٣١ | قَالَ | قَا لَ | اس (ابراہیم) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | فَمَا | فَ مَا | تو کیا ہے | | |
| | خَطْبُكُمْ | خَ طْ بُ كُمْ | تمہارا مقصد | خ ط ب | |
| | اَيُّهَا | آ ی یُ ہَ | اے | | |
| | الْمُرْسَلُوْنَ ۝٣١ | لْ مُ رْ سَ لُوْ نَ | بھیجے ہوئے (فرشتو!)؟ | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَتِ مُحَمَّدِیَّہ |
| ٣٢ | قَالُوْٓا | قَا لُوْ.. | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | اِنَّآ | اِن نَا.. | بلاشبہ ہم | | |
| | اُرْسِلْنَآ | اُرْ سِلْ نَا.. | بھیجے گئے ہیں | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَتِ مُحَمَّدِیَّہ |
| | اِلٰى قَوْمٍ | اِلَا قَا وْ مِ | ایک قوم کی طرف | ق و م | قَوم، اَقوَام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسٰی |
| | مُّجْرِمِيْنَ ۝٣٢ | مُ جْ رِ مِیْ نَ | جو مُجرم ہے | ج ر م | جُرم، مُجرم، فَردِ جُرم، جَرائم پیشہ |

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝٣١ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ۝٣٢

(ابراہیم علیہ السلام) نے کہا کہ اللہ کے بھیجے ہوئے (فرشتو!) تمہارا کیا مقصد ہے؟ ۝٣١ انہوں نے جواب دیا کہ ہم گناہگار قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں ۝٣٢

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٣٣ | لِنُرْسِلَ | لِ نُ رْ سِلَ | تاکہ ہم بھیجیں (برسائیں) | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَتِ مُحَمَّدِیَّہ |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | حِجَارَةً | حِ جَا رَ ةً | پتھر | ح ج ر | حَجرِ اَسود، شَجر وحَجر، وَادیٔ حَجر |
| | مِّنْ طِيْنٍ ۝٣٣ | م مِنْ طِیْ نِ | (کھنگر) مٹی کے | ط ی ن | پاک طِینَت (پاک مٹی)، بدطِینَت |
| ٣٤ | مُّسَوَّمَةً | م سَا وْ وَ مَ تَنْ | نِشان زدہ | س و م | |
| | عِنْدَ | عِ نْ دَ | ہاں سے | ع ن د | عِندَاللہ ماجُور ہوں، عِندَالطَّلَب |
| | رَبِّكَ | رَب بِ كَ | آپ کے ربّ کے | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العَالَمِین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | لِلْمُسْرِفِيْنَ ۝٣٤ | لِلْ مُسْ رِ فِیْ نَ | حد سے گزرنے والوں کیلئے | س ر ف | اِسرَاف وتَبذِیر، مُسرِف (فضول خرچ) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | **لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِينٍ ﴿٣٣﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِينَ ﴿٣٤﴾** | | | | |
| | تاکہ ہم ان پر مٹی کے کنکر برسائیں ﴿٣٣﴾ جو تیرے ربّ کی طرف سے نشان زدہ ہیں، ان حد سے گزر جانے والوں کے لئے ﴿٣٤﴾ | | | | |
| ٣٥ | فَأَخْرَجْنَا | فَ اَ خْ رَ جْ نَا | پھر ہم نے نکال لیا | خ ر ج | خارِج، وَزارتِ خارِجہ<br>مَخرَج، خُرُوج |
| | مَنْ | مَنْ | اس شخص کو کہ | | |
| | كَانَ | کَ ا نَ | وہ تھا | ك و ن | |
| | فِيهَا | فِيْ هَا | اس (بستی) میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقت |
| | مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٣٥﴾ | مِ نَ لْ مُ x مِ نِيْ نَ | مؤمنوں میں سے | ء م ن | مُؤمن لوگ، اِیمان، مُؤمن مَرد |
| ٣٦ | فَمَا وَجَدْنَا | فَ مَا وَ جَ دْ نَا | اور ہم نے نہ پایا | و ج د | وَجد، وِجدان، واجِد (نام)، مَوجُود |
| | فِيهَا | فِيْ هَا | اس میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقت |
| | غَيْرَ | غَ ا ئِيْ رَ | سوائے | غ ی ر | غیر مُلکی، غیر مَشروط، غیرُ الله |
| | بَيْتٍ | بَ ا ئِيْ تِ | ایک گھر کے | ب ی ت | بَیتُ الله، بَیتُ العِزّت<br>بَیتُ المُقدَس، بَیتُ المَعمُور |
| | **فَأَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيهَا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٣٥﴾ فَمَا وَجَدْنَا فِيهَا غَيْرَ بَيْتٍ** | | | | |
| | پس جتنے ایمان والے وہاں تھے ہم نے انہیں نکال لیا ﴿٣٥﴾ اور ہم نے وہاں صرف ایک ہی گھر پایا | | | | |
| | مِّنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿٣٦﴾ | مِ مِ نَ لْ مُسْ لِ مِیْ نَ | مسلمانوں میں سے | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامَتی، تَسلیم |
| ٣٧ | وَتَرَكْنَا | وَ تَ رَ كْ نَا | اور ہم نے چھوڑ دی | ت ر ك | تَرک، تارِک، مَترُوک، تَرکہ |
| | فِيهَآ | فِيْ هَا.. | اس میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقت |
| | آيَةً | آ یَ تَ | ایک نشانی | ء ی ی | آیَت (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | لِّلَّذِينَ | لِ لِلْ لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کے لئے جو | | |
| | يَخَافُونَ | یَ خَا فُوْ نَ | خوف کھاتے ہیں | خ و ف | خوف وہراس، بِلاخوف، خوفناک |
| | الْعَذَابَ | لْ عَ ذَا بَ | عذاب سے | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم<br>عَذابِ آخرت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاَلِيْمَ ۝٣٧ | لْ اَ لِیْ م | نہایت دردناک | ء ل م | اَلمناک حادِثہ، رَنج واَلَم |

مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝٣٦ وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ۝٣٧

مسلمانوں کا ۝٣٦ اور وہاں ہم نے ان کے لئے جو درد ناک عذاب کا ڈر رکھتے ہیں ایک (کامل) علامت چھوڑی ۝٣٧

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٣٨ | وَفِيْ مُوْسٰى | وَ فِیْ مُوْسَا.. | اور موسیٰ (کے قصے) میں (نشانی ہے) | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِذْ | اِ ذْ | جب | | |
| | اَرْسَلْنٰهُ | اَ رْ سَلْ نَا ہُ | ہم نے اسے بھیجا | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَتِ مُحَمَّدِیَہ |
| | اِلٰى فِرْعَوْنَ | اِ لَا فِ رْ عَا وْ نَ | فرعون کی طرف | | (ایک حکمران تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں) |
| | بِسُلْطٰنٍ | بِ سُلْ طَا نِ | دلیل (معجزے) کیساتھ | س ل ط | سَلطَنَت، تَسَلُّط قائم کرنا، سُلطَانُ العَارِفِین |
| | مُّبِيْنٍ ۝٣٨ | م مُ بِیْ ن | ظاہر | ب ی ن | بَیان، مُبَیَّنَہ طور پر، دَلِیلِ بَیِّن |
| ٣٩ | فَتَوَلّٰى | فَ تَ وَلْ لَا | تو اس نے منہ پھیر لیا | و ل ی | |
| | بِرُكْنِهٖ | بِ رُکْ نِ ہِیْ | اپنی قوت کے سبب | ر ك ن | رُکنِ یَمانی، اَرکَانِ اِسلام |
| | وَقَالَ | وَ قَا لَ | اور کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |

وَفِيْ مُوْسٰۤى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝٣٨ فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ

موسیٰ (علیہ السلام کے قصے) میں (بھی ہماری طرف سے تنبیہ ہے) کہ ہم نے اسے فرعون کی طرف کھلی دلیل دیکر بھیجا ۝٣٨ پس اس نے اپنے بل بوتے پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سٰحِرٌ | سَا حِ رُنْ | (موسیٰ) جادوگر ہے | س ح ر | سِحرِ بَیَانی، سِحر اَنگیز، مَسحُور کُن آواز |
| | اَوْ | اَ وْ | یا | | |
| | مَجْنُوْنٌ ۝٣٩ | مَ جْ نُوْ ن | مجنون (دیوانہ) ہے | ج ن ن | مَجنُون (پاگل)، جُنُون، جُنُونی آدمی |
| ٤٠ | فَاَخَذْنٰهُ | فَ اَ خَذْ نَا ہُ | پھر ہم نے اسے پکڑا | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُوَاخَذہ کرنا، |
| | وَجُنُوْدَهٗ | وَ جُنُوْ دَ ہُوْ | اور اس کے لشکروں کو | ج ن د | جُنُودِ شَام، جُنُودِ جَالُوت، جُنُودِ کُفَّار |
| | فَنَبَذْنٰهُمْ | فَ نَبَ ذْ نَا ہُمْ | اور ہم نے انہیں پھینک دیا | ن ب ذ | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي الْيَمِّ | فِلْ يَم مِ | سمندر میں | ی م م | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | وَهُوَ | وَ ہُ وَ | اور اس حال میں کہ وہ | | سَحَر و اِفطار، نَماز و روزہ، صُبح و شام |
| | مُلِيْمٌ ۝٤٠ | مُ لِیْ م | قابلِ ملامت تھا | ل و م | مَلامَت زَدہ، مَلامَت کرنا |

سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ۝٣٩ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ۝٤٠

منہ موڑا اور کہنے لگا یہ جادوگر ہے یا دیوانہ ہے ۝٣٩ بالآخر ہم نے اسے اور اسکے لشکروں کو اپنے عذاب میں پکڑ کر دریا میں ڈال دیا وہ تھا ہی ملامت کے قابل ۝٤٠

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٤١ | وَفِيْ عَادٍ | وَ فِیْ عَا دِنْ | اور عاد (کے قصے) میں (نشانی ہے) | | قومِ عاد |
| | اِذْ | اِ ذْ | جب | | |
| | اَرْسَلْنَا | اَ رْ سَلْ نَا | ہم نے بھیجی | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَتِ مُحَمَّدِیَّہ |
| | عَلَيْهِمُ | عَ لَا ئِیْ ہِمُ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | الرِّيْحَ | رِ رِیْ حَ | ہوا | ر و ح | رِیَاح، رِیح، رِیَاحی دَرد |
| | الْعَقِيْمَ ۝٤١ | لْ عَ قِیْ م | بانجھ (بے برکت) | ع ق م | عَقِیمہ (بانجھ عورت) |
| ٤٢ | مَا تَذَرُ | مَا تَ ذَ رُ | وہ نہیں چھوڑتی تھی | و ذ ر | |
| | مِنْ شَيْءٍ | مِنْ شَائِیْ ءِنْ | کسی چیز کو (کہ) | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضَرُوریہ شَیئے، اَشیائے خُورد و نوش |
| | اَتَتْ | اَ تَ تْ | وہ آتی تھی | ء ت ی | |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِیْ ہِ | اس پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |

وَفِيْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ۝٤١ مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ

اسی طرح عادیوں میں بھی (ہماری طرف سے تنبیہ ہے) جبکہ ہم نے ان پر خیر و برکت سے خالی آندھی بھیجی ۝٤١ وہ جس جس چیز پر گرتی تھی اسے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | جَعَلَتْهُ | جَ عَ لَتْ ہُ | اسے کر دیتی تھی | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | كَالرَّمِيْمِ ۝٤٢ | کَ رْ رَ مِیْ م | بوسیدہ ہڈی کی طرح | ر م م | کَالعَدم، کَالعَدم جَمَاعت، کَمَا حَقُّہٗ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۳ | وَفِيْ ثَمُوْدَ | وَ فِيْ ثَ مُوْ دَ | اور ثمود (کے قصے) میں (نشانی ہے) | | قوم ثمود |
| | اِذْ | اِ ذْ | جب | | |
| | قِيْلَ | قِيْ لَ | کہا گیا | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَهُمْ | لَ هُمْ | ان سے: | | |
| | تَمَتَّعُوْا | تَ مَتْ تَ عُوْ | تم فائدہ اٹھاؤ | م ت ع | مَتاعِ کارواں، مَتاعِ عزیز، تمتُّع (فائدہ اٹھانا)، حجِّ تمتُّع |
| | حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۴۳﴾ | حَتْ تَا حِيْ نِنْ | ایک وقت (تین دن) تک | ح ی ن | حتّٰی الامکان، حتّٰی کہ |

اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ﴿۴۲﴾ وَفِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۴۳﴾

بوسیدہ ہڈی کی طرح (چورا چورا) کر دیتی تھی ﴿۴۲﴾ اور ثمود (کے قصے) میں بھی (عبرت) ہے جب ان سے کہا گیا کہ تم کچھ دنوں تک فائدہ اٹھالو ﴿۴۳﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۴ | فَعَتَوْا | فَ عَ تَوْ | پھر انہوں نے سرکشی کی | ع ت و | |
| | عَنْ اَمْرِ | عَنْ اَمْ رِ | حکم سے | ء م ر | اَمرِ ربّی، اَمر، آمر، مامُور |
| | رَبِّهِمْ | رَبْ بِ هِمْ | اپنے ربّ کے | ر ب ب | ارباب، مُربّی، ربُّ العالمین ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | فَاَخَذَتْهُمُ | فَ اَ خَ ذَتْ هُمُ | تو انہیں پکڑ لیا | ء خ ذ | اَخذُ الکتاب، ماخذ، ماخوذ، مُواخذہ کرنا، |
| | الصّٰعِقَةُ | صْ صَا عِ قَ ةُ | کڑک (آسمانی عذاب) نے | ص ع ق | صاعقہ (نام)، صاعقہ (کڑک بجلی) |
| | وَهُمْ | وَ هُمْ | اس حال میں کہ وہ | | |
| | يَنْظُرُوْنَ ﴿۴۴﴾ | يَنْ ظُ رُوْ نَ | دیکھ رہے تھے | ن ظ ر | نذیر وبشیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ۴۵ | فَمَا اسْتَطَاعُوْا | فَ مَسْ تَ طَا عُوْ | پھر انہوں نے طاقت نہ رکھی | ط و ع | اِستطاعت، مُستطیع (استطاعت والا) |

فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَمَا اسْتَطَاعُوْا

لیکن انہوں نے اپنے ربّ کے حکم سے سرتابی کی جس پر انہیں ان کے دیکھتے دیکھتے (تیز وتند) کڑاکے نے ہلاک کر دیا ﴿۴۴﴾ پس نہ تو وہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ قِيَامٍ | مِنْ قِ يَا مِنْ | کھڑے ہونے کی | ق و م | قِیام، قومہ، مُقیم، قائم مقام |
| | وَّمَا كَانُوْا | وَ مَا كَا نُوْ | اور نہ وہ تھے | ک و ن | شان وشوکت، صبر وتحمّل، کون ومکان |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُنْتَصِرِيْنَ ﴿٤٥﴾ | مُنْ تَ صِ رِيْن | بدلہ لینے والے ہی | ن ص ر | نُصرت، نَاصِر، اَنصَارِ مَدِینہ |
| ۴۶ | وَقَوْمَ | وَ قَا ءُ مَ | اور (ہم نے ہلاک کیا) قوم | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | نُوْحٍ | نُوْ حِ | نُوح کو | | حضرت نُوح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | مِّنْ قَبْلُ ؕ | م مِنْ قَبْ ل | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نماز، قَبل اَز طَعام والکَلام |
| | اِنَّهُمْ | اِن نَ ہُمْ | بلاشبہ وہ | | |
| | كَانُوْا | كَ انُوْ | تھے | ك و ن | |
| | قَوْمًا | قَا ءُ مَنْ | لوگ | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |

مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا

کھڑے ہو سکے اور نہ بدلہ لے سکے ﴿۴۵﴾ اور نوح (علیہ السلام) کی قوم کا بھی اس سے پہلے (یہی حال ہو چکا تھا) وہ بھی بڑے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فٰسِقِيْنَ ع ﴿٤٦﴾ | فَا سِ قِيْ ن | نافرمان | ف س ق | فِسق و فُجُور، فَاسِق و فَاجِر، فَاسِق |
| ۴۷ | وَالسَّمَآءَ | وَس سَ مَا ... ءَ | اور آسمان | س م و | سَماوی کُتب، اَرض و سَماء |
| | بَنَيْنٰهَا | بَ نَا ءِيْ نَا ہَا | ہم نے اسے بنایا | ب ن ی | بِناڈَالنا (بنانا)، بِنائے اِسلام |
| | بِاَيْىدٍ | بِ آ ءِيْ دِيْ اُوْں | قُوّت کے ساتھ | ء ی د | تائید، مُؤیَّد، تائیدِ الٰہی، مُؤیَّدات |
| | وَّاِنَّا | وَ اِن نَا | اور بلاشبہ ہم | | شان و شوکت، صبر و تحمّل، ذِکر و اذکار |
| | لَمُوْسِعُوْنَ ﴿٤٧﴾ | لَ مُوْ سِ عُوْن | یقیناً وُسعت والے ہیں | و س ع | وُسعتِ ظرفی، وَسیع، وَاسِع وَسیع و عَریض |
| ۴۸ | وَالْاَرْضَ | وَلْ اَرْضَ | اور زمین | ء ر ض | اَرض و سَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | فَرَشْنٰهَا | فَ رَشْ نَا ہَا | ہم نے اسے بچھایا | ف ر ش | فَرشِ راہ، فَرشی اِینٹ، فَرشی بِستر |

فٰسِقِيْنَ ع ﴿٤٦﴾ وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا ع

نافرمان لوگ تھے ﴿۴۶﴾ آسمان کو ہم نے (اپنے) ہاتھوں سے بنایا ہے اور یقیناً ہم کشادگی کرنے والے ہیں ﴿۴۷﴾ اور زمین کو ہم نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَنِعْمَ | فَ نِ عْ مَ | تو کیا ہی اچھا | ن ع م | نِعمت، اِنعام، مُنعِم، نَعِیم (نام) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمٰهِدُوْنَ ۴۸ | لْ مَا ہِ دُوْ ن | بچھانے والے ہیں (ہم)! | م ہ د | مَہدُ اللُّغۃ، تمہید، مَہد سے لَحد تک |
| ۴۹ | وَمِنْ كُلِّ | وَ مِنْ كُل لِ | اور ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شَيْءٍ | شَا ئِ ءِ نْ | چیز کو | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضرُوریہ شئے، اَشیائے خُورد و نوش |
| | خَلَقْنَا | خَ لَقْ نَا | ہم نے پیدا کیا | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلُوق، خلقت |
| | زَوْجَيْنِ | زَ اَوْ جَا ئِ نِ | جوڑا (جوڑا) | ز و ج | زوجہ، زوج، اَزواجِ مُطہَّرات |
| | لَعَلَّكُمْ | لَ عَل لَ كُ مْ | تا کہ تم | | |
| | تَذَكَّرُوْنَ ۴۹ | تَ ذَ كْ كَ رُوْ ن | نصیحت پکڑو | ذ ك ر | تذکیر و نصیحت، ذِکر و اذکار، ذاکِر |

فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ۴۸ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۴۹

فرش بنا دیا ہے، پس ہم بہت ہی اچھے بچھانے والے ہیں ۴۸ اور ہر چیز کو ہم نے جوڑا جوڑا پیدا کیا ہے تا کہ تم نصیحت حاصل کرو ۴۹

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۰ | فَفِرُّوْٓا | فَ فِرْ رُوْ.. | لہٰذا تم دوڑو | ف ر ر | فِرار ہونا، مفرُور، راہِ فِرار |
| | اِلَى | اِ لَ | طرف | | اَلدَّاعیٰ اِلَی الخَیر، مَکتُوب اِلَیہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | اللّٰهِ ؕ | ل لَا ہْ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | اِنِّيْ | اِن نِیْ | بلاشبہ میں | | |
| | لَكُمْ مِّنْهُ | لَ كُ مْ مِنْ ہُ | تمہیں اس سے | | مِنجانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | نَذِيْرٌ | نَ ذِ ی رُ | ڈرانے والا ہوں | ن ذ ر | نَذِیر و بَشِیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| | مُّبِيْنٌ ۵۰ ج | م مُ بِیْ ن | کھلا | ب ی ن | بَیان، مُبَیَّنہ طَور پر، دَلِیلِ بَیِّن |
| ۵۱ | وَلَا تَجْعَلُوْا | وَ لَا تَ جْ عَ لُوْ | اور تم نہ بناؤ | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | مَعَ | مَ عَ | ساتھ | | مَعَ ہٰذا، مَعِیَّت، اسکی مَعِیَّت میں |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | اِلٰهًا | اِ لَا ہَنْ | معبود | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | **فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۚ﴿۵۰﴾ وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا** | | | | |
| | پس تم اللہ تعالیٰ کی طرف دوڑ بھاگ (یعنی رجوع) کرو، یقیناً میں تمہیں اسکی طرف سے صاف صاف تنبیہ کرنے والا ہوں ﴿۵۰﴾ اور اللہ تعالیٰ کے | | | | |
| | اٰخَرَ ؕ | آ خَ رَ | کوئی دوسرا | ء خ ر | آخَر، اُخریٰ، تاخیر، مُؤخّر طاؤس و رُباب آخَر |
| | اِنِّىْ | اِن نِیْ | بلاشبہ میں | | |
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تمہیں | | |
| | مِّنْهُ | مِنْ ہُ | اس سے | | مِنجانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | نَذِيْرٌ | نَ ذِ یْ رُ | ڈرانے والا ہوں | ن ذ ر | نَذیر و بَشیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| | مُّبِيْنٌ ۚ﴿۵۱﴾ | م مُ بِیْ ن | کھلا | ب ی ن | بَیان، مُبَیَّنہ طور پر، دَلیلِ بَیّن |
| ۵۲ | كَذٰلِكَ | کَ ذَا لِ کَ | اسی طرح | | کالعدم، کالعدم جماعت، کَمَا حَقُّہٗ |
| | مَآ اَتَى | مَا.. اَ تَ | نہیں آیا تھا | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کے پاس جو | | |
| | مِنْ قَبْلِهِمْ | مِنْ قَبْ لِ ہِمْ | ان سے پہلے تھے | ق ب ل | قَبل از نماز، قَبل از طعام والکلام |
| | **اٰخَرَ ؕ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۚ﴿۵۱﴾ كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ** | | | | |
| | ساتھ کسی اور کو معبود نہ ٹھہراؤ، بیشک میں تمہیں اس کی طرف سے کھلا ڈرانے والا ہوں ﴿۵۱﴾ اسی طرح جو لوگ ان سے پہلے گزرے ہیں انکے پاس | | | | |
| | مِّنْ رَّسُوْلٍ | مِر رَسُوْلِنْ | کوئی رسول | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسَل، رِسالَت مُحَمَّدِیَّہ |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا ماشاءَاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قَلیل |
| | قَالُوْا | قَا لُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | سَاحِرٌ | سَا حِ رُنْ | (یہ) جادوگر ہے | س ح ر | سِحر بَیانی، سِحر انگیز، مَسحُور کُن آواز |
| | اَوْ | اَ وْ | یا | | |
| | مَجْنُوْنٌ ۚ﴿۵۲﴾ | مَ جْ نُوْ ن | مجنون (دیوانہ) ہے | ج ن ن | مَجنُون (پاگل)، جُنُون، جُنُونی آدمی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۳ | اَتَوَاصَوْا | اَ تَ وَا صَاوْ | کیا وہ ایک دوسرے کو وصیت کرتے آئے ہیں | و ص ی | وَصِیَّت کرنا، وَصی، آخِری وَصِیَّت |
| | بِهٖ ج | بِ ہٖ | اس (بات) کی؟ | | |
| | بَلْ | بَ لْ | (نہیں) بلکہ | | |
| | هُمْ قَوْمٌ | ہُمْ قَ وْ مُنْ | وہ (سارے) لوگ ہیں ہی | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |

مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۵۲﴾ اَتَوَاصَوْا بِهٖ ج بَلْ هُمْ قَوْمٌ

جو بھی رسول آیا انہوں نے کہہ دیا کہ یا تو یہ جادوگر ہے یا دیوانہ ہے ﴿۵۲﴾ کیا یہ اس بات کی ایک دوسرے کو وصیت کرتے گئے ہیں، (نہیں) بلکہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | طَاغُوْنَ ج ﴿۵۳﴾ | طَا غُوْ ن | سرکش | ط غ ی | طُغیانی، سمندر میں طُغیانی، طاغُوت |
| ۵۴ | فَتَوَلَّ | فَ تَ وَل لَ | لہٰذا آپ منہ پھیر لیں | و ل ی | |
| | عَنْهُمْ | عَنْ ہُمْ | ان سے | | |
| | فَمَآ | فَ مَا.. | کیونکہ نہیں ہیں | | |
| | اَنْتَ | اَنْ تَ | آپ | | |
| | بِمَلُوْمٍ قلے ﴿۵۴﴾ | بِ مَ لُوْ م | قابلِ ملامت | ل و م | مَلَامَت زَدہ، مَلَامَت کرنا |
| ۵۵ | وَّذَكِّرْ | وَ ذَ ک کِ رْ | اور آپ نصیحت کرتے رہیں | ذ ك ر | تذکیر و نصیحت، ذِکر و اذکار، ذاکِر |
| | فَاِنَّ | فَ اِن نَ | کیونکہ بلاشبہ | | |
| | الذِّكْرٰى | ذ ذِکْ رَا | نصیحت | ذ ك ر | تذکیر و نصیحت، ذِکر و اذکار، ذاکِر |
| | تَنْفَعُ | تَنْ فَ عُ | نفع دیتی ہے | ن ف ع | نَفع، مُنافِع، مَنفِعَت |

طَاغُوْنَ ج ﴿۵۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ قلے ﴿۵۴﴾ وَّ ذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ

یہ سب کے سب سرکش ہیں ﴿۵۳﴾ تو آپ ان سے منہ پھیر لیں آپ پر کوئی ملامت نہیں ﴿۵۴﴾ اور نصیحت کرتے رہیں یقیناً یہ نصیحت ایمان

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾ | لْ مُ x مِ نِیْ ن | مؤمنوں کو | ء م ن | مُؤمن لوگ، ایمان، مُؤمن مَرد |
| ۵۶ | وَمَا | وَ مَا | اور نہیں | | شِیر و شُکر، شَب و روز، اُمید و رَجا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خَلَقۡتُ | خَ لَ قۡ تُ | میں نے پیدا کئے | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلُوق، خلقت |
| | الۡجِنَّ | لۡ جِ ن نَ | جِنّ | ج ن ن | جِنّ واِنس، سُورۃ الجِنّ، جنّات |
| | وَالۡاِنۡسَ | وَلۡ اِنۡ سَ | اور انسان | ء ن س | اِنسانی خُلیہ، خُوبصُورت اِنسان، اِنسانیت، اِنسانی وَقار |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا ماشاءَاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | لِيَعۡبُدُوۡنِ ﴿٥٦﴾ | لِ یَ عۡ بُ دُوۡ ن | اس لئے کہ وہ میری عبادت کریں | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابِد، مَعبُود |
| ٥٧ | مَاۤ اُرِيۡدُ | مَا.. اُ رِیۡ دُ | میں نہیں چاہتا | ر و د | پُختہ اِرادہ، اِرادت، مُرِید صادِق |
| | مِنۡهُمۡ | مِنۡ ہُمۡ | ان سے | | مِنجانِب، مِن حَیثُ القَوم |

الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿٥٥﴾ وَمَا خَلَقۡتُ الۡجِنَّ وَالۡاِنۡسَ اِلَّا لِيَعۡبُدُوۡنِ ﴿٥٦﴾ مَاۤ اُرِيۡدُ مِنۡهُمۡ

والوں کو نفع دے گی ﴿٥٥﴾ میں نے جنات اور انسانوں کو محض اسی لئے پیدا کیا ہے کہ وہ صرف میری عبادت کریں ﴿٥٦﴾ نہ میں ان سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنۡ رِّزۡقٍ | مِر رِزۡ قِنۡ اُوۡں | کوئی رزق | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، رِزقِ حلال |
| | وَّمَاۤ | وَ مَا.. | اور نہ | | لَیل ونَہار، رَحِیم وکَرِیم، رَنج واَلَم |
| | اُرِيۡدُ | اُ رِیۡ د | میں چاہتا ہوں | ر و د | پُختہ اِرادہ، اِرادت، مُرِید صادِق |
| | اَنۡ | آ ئِیۡں | یہ کہ | | |
| | يُّطۡعِمُوۡنِ ﴿٥٧﴾ | یُ طۡ عِ مُوۡن | وہ مجھے کھلائیں | ط ع م | طَعام مَاحضَر، قَبل از طَعام |
| ٥٨ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | هُوَ | ہُ وَ | وہی ہے | | |
| | الرَّزَّاقُ | رَ رَ زَ ا قُ | بہت رزق دینے والا | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، رِزقِ حلال |
| | ذُو الۡقُوَّةِ | ذُ لۡ قُوۡ وَ ۃِ | قوت والا | ق و ی | قُوّت، قَوِی، مُقَوِّی غذا |
| | الۡمَتِيۡنُ ﴿٥٨﴾ | لۡ مَ تِیۡ ن | نہایت طاقتور | م ت ن | مَتن، مُتُون، مَتانت، مَتنِ حدِیث |

مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ﴿٥٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿٥٨﴾

روزی چاہتا ہوں نہ میری یہ چاہت ہے کہ یہ مجھے کھلائیں ﴿٥٧﴾ اللہ تعالیٰ تو خود ہی سب کا روزی رساں توانائی والا اور زور آور ہے ﴿٥٨﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٥٩ | فَاِنَّ | فَ اِن نَ | پس بے شک | | |
| | لِلَّذِيْنَ | لِل لَ ذِ ی نَ | ان لوگوں کے لئے جنہوں نے | | |
| | ظَلَمُوْا | ظَ لَ مُوْ | ظلم کیا | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |
| | ذَنُوْبًا | ذَ نُو بَ | ایک ڈول (حصۂ عذاب) ہے | ذ ن ب | |
| | مِّثْلَ | م مِثْ لَ | مثل | م ث ل | مِثَال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل، مِثَالیں |
| | ذَنُوْبِ | ذَ نُو بِ | ڈول (حصے) (یعنی عذاب کا ایک حصہ) | ذ ن ب | |
| | اَصْحٰبِهِمْ | اَصْ حَا بِ هِمْ | ان کے ساتھیوں کے | ص ح ب | صَحَابِی، صَحَابَہ، اَصحَابِ بَدر، صَاحِب |
| | فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿٥٩﴾ | فَ لَا یَسْ تَعْ جِ لُوْ نِ | لہٰذا وہ مجھ سے (عذاب) جلدی طلب نہ کریں | ع ج ل | عُجلت پسند، مہرِ مُعَجَّل، تَعجِیل (جلد بازی) |

فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿٥٩﴾

پس جن لوگوں نے ظلم کیا ہے انہیں بھی ان کے ساتھیوں کے حصہ کے مثل حصہ ملے گا، لہٰذا وہ مجھ سے جلدی طلب نہ کریں ﴿٥٩﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٠ | فَوَيْلٌ | فَ وَا یْ لُ | سو بڑی ہلاکت ہے | و ی ل | وَیل (جہنم کی وادی) |
| | لِّلَّذِيْنَ | ل لِل لَ ذِ ی نَ | ان لوگوں کے لئے جنہوں نے | | |
| | كَفَرُوْا | کَ فَ رُوْ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مَکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | مِنْ يَّوْمِهِمُ | مِیْں یَا وْ مِ هِ مُ | ان کے اس دن (کے آنے) سے | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | الَّذِيْ | ل لَ ذِ ی | جس کا | | |
| | يُوْعَدُوْنَ ﴿٦٠﴾ ع | یُوْ عَ دُوْ نَ | وہ وعدہ دیئے جاتے ہیں | و ع د | وَعدَہ، وَعدَہ وَعِید، وَعدَہ خِلَافِی |

ع ٢

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿٦٠﴾ ع

پس خرابی ہے منکروں کو ان کے اس دن کی جس کا وعدہ دیئے جاتے ہیں ﴿٦٠﴾

اٰیَاتُهَا ۴۹　﴿۵۲﴾　سُوۡرَةُ الطُّوۡرِ مَكِّيَّةٌ　﴿۷۶﴾　رُكُوۡعَاتُهَا ۲

# بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | وَ | وَ | قسم ہے | | (و) قسمیہ ہے |
| | الطُّوۡرِ ۙ﴿۱﴾ | طُوۡرِ | طُور (پہاڑ) کی | ط و ر | سورۂ طُور، قومِ طُور، طُور پہاڑ طُور خم بارڈر |
| ۲ | وَ | وَ | اور | | سَحَر و اَفطار، نَماز و روزہ، صُبح و شام |
| | كِتٰبٍ | کِ تا بِ | ایک کتاب کی | ك ت ب | کِتابِ حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |
| | مَّسۡطُوۡرٍ ۙ﴿۲﴾ | م مَس طُور | جو لکھی ہوئی ہے | س ط ر | سَطَر، سُطُور، کِتابِ مَسطُور |
| | فِيۡ رَقٍّ | فِیۡ رَق قِ | ایسے کاغذ میں | ر ق ق | وَرق، اَوراق، وَرَقہ |
| ۳ | مَّنۡشُوۡرٍ ۙ﴿۳﴾ | م مَن شُور | جو کھلا ہوا ہے | ن ش ر | ناشر، نَشر و اِشاعت، نَشرِیات |
| | وَّالۡبَيۡتِ | وَل بَا ئِ تِ | اور بیتِ (گھر) کی | ب ی ت | بَیتُ اللہ، بَیتُ العِزّت بَیتُ المُقدس، بَیتُ المَعمُور |
| ۴ | الۡمَعۡمُوۡرِ ۙ﴿۴﴾ | لْ مَ عْ مُور | مَعمُور (آباد) کی | ع م ر | عِمرانیات (آبادیات)، مَعمُور (آباد) |

وَ الطُّوۡرِ ۙ﴿۱﴾ وَ كِتٰبٍ مَّسۡطُوۡرٍ ۙ﴿۲﴾ فِيۡ رَقٍّ مَّنۡشُوۡرٍ ۙ﴿۳﴾ وَّ الۡبَيۡتِ الۡمَعۡمُوۡرِ ۙ﴿۴﴾

قسم ہے طور کی ① اور لکھی ہوئی کتاب کی ② جو جھلی کے کھلے ہوئے ورق میں ہے ③ اور آباد گھر کی ④

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | وَالسَّقۡفِ | وَس سَق فِ | اور چھت | س ق ف | |
| | الۡمَرۡفُوۡعِ ۙ﴿۵﴾ | لْ مَر فُو عِ | بلند کی ہوئی کی | ر ف ع | رَافع، مَرفُوع، رِفعت، سَطحِ مُرتفع |
| ۶ | وَالۡبَحۡرِ | وَل بَ حْ رِ | اور سمندر | ب ح ر | بَحرِ ہند، بَحیرۂ عرب، بَحرِ اَوقیانُوس |
| | الۡمَسۡجُوۡرِ ۙ﴿۶﴾ | لْ مَس جُو رِ | بھڑکائے ہوئے کی | س ج ر | |
| ۷ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | عَذَابَ | عَ ذَا بَ | عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم عَذابِ آخرت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبِّكَ | رَ ب بِ كَ | آپ کے ربّ کا | ر ب ب | ارباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | لَوَاقِعٌ ۙ﴿٧﴾ | لَ وَا قِ عٌ | ضرور واقع ہونے والا ہے | و ق ع | واقع ہونا، وُقُوع پذیر، وُقُوعہ |

وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۙ﴿٥﴾ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۙ﴿٦﴾ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۙ﴿٧﴾

اور اونچی چھت کی ﴿٥﴾ اور بھڑکائے ہوئے سمندر کی ﴿٦﴾ بیشک آپ کے ربّ کا عذاب ہو کر رہنے والا ہے ﴿٧﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۸ | مَّا | مَا | نہیں ہے | | |
| | لَهٗ | لَ هُوْ | اسے | | |
| | مِنْ دَافِعٍ ۙ﴿٨﴾ | مِنْ دَا فِ عٌ | کوئی دفع کرنے والا | د ف ع | دَفع کرنا، مُدافعت، دِفاع قُوّتِ مُدافعت، وزارتِ دِفاع |
| ۹ | يَّوْمَ | يَا ؤْ مَ | (واقع ہوگا) جس دن | ی و م | یوم قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | تَمُوْرُ | تَ مُوْ رُ | تیزی سے حرکت کرے گا | م و ر | |
| | السَّمَآءُ | س سَ مَا...ءُ | آسمان | س م و | سَماوِی کُتُب، ارض وسَماء |
| | مَوْرًا ۙ﴿٩﴾ | مَا ؤْ رَا | تیزی سے حرکت کرنا | م و ر | |
| ۱۰ | وَّتَسِيْرُ | وَ تَ سِیْ رُ | اور چلیں گے | س ی ر | سَیر وتفریح، صُبح کی سَیر، سَیّارہ |
| | الْجِبَالُ | لْ جِ بَا لُ | پہاڑ | ج ب ل | جَبَلِ اُحد، جَبَلِ ثَور، جَبَلِ رَحمت |
| | سَيْرًا ؕ﴿١٠﴾ | سَا ئِ رَا | چلنا | س ی ر | سَیر وتفریح، صُبح کی سَیر، سَیّارہ |

مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۙ﴿٨﴾ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۙ﴿٩﴾ وَّ تَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ؕ﴿١٠﴾

اسے کوئی روکنے والا نہیں ﴿٨﴾ جس دن آسمان تھرتھرانے لگے گا ﴿٩﴾ اور پہاڑ چلنے پھرنے لگیں گے ﴿١٠﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱ | فَوَيْلٌ | فَ وَا ئِ لُوْ ئِنْ | پس ہلاکت ہے | و ی ل | وَیل (جہنم کی وادی) |
| | يَّوْمَئِذٍ | یَا ؤْ مَ ءِ ذِ | اس دن | ی و م | یوم قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۙ﴿١١﴾ | ل لِلْ مُ كَذْ ذِ بِیْ نَ | جھٹلانے والوں کے لئے | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب مُسیلمہ کَذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| ۱۲ | الَّذِيْنَ | اَل لَ ذِ ی نَ | وہ لوگ کہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هُمْ | ہُ مْ | وہ | | |
| | فِيْ خَوْضٍ | فِیْ خَا وْ ضِیْں | (تکذیبِ حق کے) مشغلے میں | خ و ض | غَور وخَوض کرنا |
| | يَّلْعَبُوْنَ ﴿١٢﴾ | یَ لْ عَ بُوْ نَ | کھیل رہے تھے | ل ع ب | لَہو ولَعِب، مَلاعِب (کھیل) |

وقف لازم

فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١١﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ﴿١٢﴾

اس دن جھٹلانے والوں کی (پوری) خرابی ہے ⑪ جو اپنی بیہودہ گوئی میں اُچھل کود کر رہے ہیں ⑫

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۳ | يَوْمَ | یَا وْ مَ | جس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | يُدَعُّوْنَ | یُ دَ عْ عُوْ نَ | وہ سختی سے دھکیلے جائیں گے | د ع ع | |
| | اِلٰى نَارِ | اِلَا نَا رِ | آگ کی طرف | ن و ر | نارِ نَمرود، نارِ جَہنم، نارِ سَموم |
| | جَهَنَّمَ | جَ هَنْ نَ مَ | جہنم کی | | جہنّم کا عذاب، جہنّم کی وادی |
| | دَعًّا ﴿١٣﴾ | دَ عْ عَا | سختی سے دھکیلا جانا | د ع ع | |
| ۱۴ | هٰذِهِ | ہَا ذِ هِ | (کہا جائے گا:) یہی ہے | | مَسجِدِ ہٰذا، حامِلِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |
| | النَّارُ | نْ نَا رُ | وہ آگ | ن و ر | نارِ نَمرود، نارِ جَہنم، نارِ سَموم |
| | الَّتِيْ | ل لَ تِیْ | جو | | |
| | كُنْتُمْ | کُنْ تُمْ | تم تھے | ك و ن | |
| | بِهَا | بِ ہَا | اسے | | |

يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ﴿١٣﴾ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا

جس دن وہ دھکے دے دے کر آتش جہنم کی طرف لائے جائیں گے ⑬ یہی وہ آتش دوزخ ہے جسے تم جھوٹ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | تُكَذِّبُوْنَ ﴿١٤﴾ | تُ كَذْ ذِ بُوْ نَ | جھٹلاتے | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب مُسَیلمہ کَذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| ۱۵ | اَفَسِحْرٌ | اَ فَ سِ حْ رُنْ | کیا پھر جادو ہے | س ح ر | سِحر بیانی، سِحر انگیز، مَسحُور کُن آواز |
| | هٰذَآ | ہَا ذَا.. | یہ | | مَسجِدِ ہٰذا، حامِلِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَمْ | اَ مْ | یا | | |
| | اَنْتُمْ | اَنْ تُمْ | تم | | |
| | لَا تُبْصِرُوْنَ ۚ ⑮ | لَا تُبْ صِ رُوْ نَ | نہیں دیکھتے؟ | ب ص ر | بَصارت، بَصِیرت، اَبصار |
| ١٦ | اِصْلَوْهَا | اِصْ لَا وْ هَا | تم اس میں داخل ہو جاؤ | ص ل ی | |
| | فَاصْبِرُوْٓا | فَ صْ بِ رُوْ.. | اب تم صبر کرو | ص ب ر | صَبر، صَابر، صُبُور، صَابرین |
| | اَوْ | آ وْ | یا | | |

تُكَذِّبُوْنَ ⑭ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ۚ ⑮ اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ

بتلاتے تھی ⑭ (اب بتاؤ) کیا یہ جادو ہے؟ یا تم دیکھتے ہی نہیں ہو ⑮ جاؤ دوزخ میں اب تمہارا صبر کرنا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَا تَصْبِرُوْا ۚ | لَا تَ صْ بِ رُوْ | صبر نہ کرو | ص ب ر | صَبر، صَابر، صُبُور، صَابرین |
| | سَوَآءٌ | سَ وَا...ءُ نْ | برابر ہے | س و ی | تَسوِيَةُ الصُّفُوف (صفوں کو سیدھا کرنا) مُساوات، مُساوِی |
| | عَلَيْكُمْ ۚ | عَ لَا یْ كُ مْ | تم پر | | عَلَى الاِعلان، عَلَى العُمُوم |
| | اِنَّمَا | اِن نَ مَا | بس | | مَاحول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجرَہ |
| | تُجْزَوْنَ | تُ جْ زَ وْ نَ | تمہیں جزا دی جائے گی | ج ز ی | جزَا و سَزا، جزَائے خیر جزَاکَ اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | مَا | مَا | اس کی جو | | مَاحول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجرَہ |
| | كُنْتُمْ | كُنْ تُمْ | تم تھے | ك و ن | |
| | تَعْمَلُوْنَ ⑯ | تَ عْ مَ لُوْ نَ | عمل کیا کرتے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| ١٧ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | اَلْمُتَّقِيْنَ | لْ مُتْ تَ قِیْ نَ | متقی لوگ | و ق ی | مُتَّقی لوگ، تَقویٰ و پَرہیزگاری |

لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۚ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ⑯ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ

اور نہ کرنا تمہارے لئے یکساں ہے، تمہیں فقط تمہارے کئے کا بدلہ دیا جائے گا ⑯ یقیناً پرہیزگار لوگ جنتوں میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِیْ | فِیْ | میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقْت |
| | جَنّٰتٍ | جَن نَا تِنْ | باغات | ج ن ن | جَنّتِ فِردوس، جَنّتُ الْمُعَلّٰی، جَنّتُ الْبَقیع |
| | وَّنَعِیْمٍ ۙ﴿۱۷﴾ | وَنْ نَ عِیْ مْ | اور نعمتوں (میں ہوں گے) | ن ع م | نِعمت، اِنعام، مُنعِم، نَعِیم (نام) |
| ۱۸ | فٰكِهِیْنَ | فَا کِ ہِیْ نَ | لطف اندوز ہو رہے ہوں گے | ف ك ه | فَکَاہَت (لُطف اندوز ہونا) |
| | بِمَآ | بِ مَا.. | ان چیزوں سے جو | | مَاحول، مَافَوقُ الْفِطرَت، مَاجِرَہ |
| | اٰتٰىهُمْ | آ تَا ہُمْ | انہیں دے گا | ء ت ی | |
| | رَبُّهُمْ ج | رَب بُ ہُمْ | ان کا ربّ | ر ب ب | اَرْبَاب، مُرَبِّی، رَبُّ العَالَمِین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | وَوَقٰىهُمْ | وَ وَ قَا ہُمْ | اور انہیں بچا لے گا | و ق ی | مُتَّقِی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| | رَبُّهُمْ | رَب بُ ہُمْ | ان کا ربّ | ر ب ب | اَرْبَاب، مُرَبِّی، رَبُّ العَالَمِین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |

## فِیْ جَنّٰتٍ وَّ نَعِیْمٍ ۙ﴿۱۷﴾ فٰكِهِیْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَ وَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ

اور نعمتوں میں ہیں ﴿۱۷﴾ جو انہیں ان کے ربّ نے دے رکھی ہیں اس پر خوش خوش ہیں، اور ان کے پروردگار نے انہیں جہنم کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَذَابَ | عَ ذَا بَ | عذاب سے | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہنّم<br>عَذَابِ آخرت |
| | الْجَحِیْمِ ﴿۱۸﴾ | لْ جَ حِیْ م | جہنم کے | ج ح م | جَحِیم (جہنم کا نام ہے) |
| ۱۹ | كُلُوْا | کُ لُوْ | تم کھاؤ | ء ك ل | اَکْلِ حَلَال، مَاکُول، مَاکُولَات |
| | وَاشْرَبُوْا | وَشْ رَ بُوْ | اور پیو | ش ر ب | شَربت، مَشْرُوب، شَرَاب |
| | هَنِیْٓــًٔا | ہَ نِیْ...ءَ مْ | خوب مزے سے | ه ن ء | |
| | بِمَا | بِ مَا | اس کے بدلے جو | | مَاحول، مَافَوقُ الْفِطرَت، مَاجِرَہ |
| | كُنْتُمْ | کُنْ تُمْ | تم تھے | ك و ن | |
| | تَعْمَلُوْنَ ۙ﴿۱۹﴾ | تَ عْ مَ لُوْ ن | عمل کیا کرتے | ع م ل | عَمَل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| ۲۰ | مُتَّكِـِٕیْنَ | مُت تَ کِ ءِ یْ نَ | تکیہ لگائے ہوں گے | و ك ء | تَکْیَہ لگائے ہوئے ہے، گاؤ تَکیَہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

عَذَابَ الْجَحِيْمِ ⑱ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـئًا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ⑲ مُتَّكِـِٕيْنَ

عذاب سے بھی بچا لیا ہے⑱ تم مزے سے کھاتے پیتے رہو ان اعمال کے بدلے جو تم کرتے تھے ⑲ برابر بچھے ہوئے شاندار

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰى | عَ لَا | پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | سُرُرٍ | سُ رُرِ | ایسے تختوں | س ر ر | |
| | مَّصْفُوْفَةٍ | م مَص فُو فَ ہْ | جو ایک دوسرے سے ملے ہوں گے | ص ف ف | صُفُوف، صَف آراء ہونا، صَف بَندی، نَمازِی کی صَف |
| | وَزَوَّجْنٰهُمْ | وَ زَ اوْ وَجْ نَا ہُمْ | اور ہم ان کا نکاح کر دیں گے | ز و ج | زَوجَہ، زَوج، اَزواجِ مُطہَّرات |
| | بِحُوْرٍ | بِ حُو رِنْ | حُوروں سے | ح و ر | جنّت کی حوریں |
| | عِيْنٍ ⑳ | عِی ن | بڑی بڑی آنکھوں والی | ع ی ن | عُیُون، اَعیُن، عَین (آنکھ) حُورِعِین (بڑی بڑی آنکھوں والی) |
| ۲۱ | وَالَّذِيْنَ | وَل لَ ذِی نَ | اور وہ لوگ جو | | قَول وقَرار، حُزن و مَلَال، غَم و حُزن |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُو | ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمِن، اِیمَان |
| | وَاتَّبَعَتْهُمْ | وَت تَ بَ عَتْ ہُمْ | اور ان کی پیروی کی | ت ب ع | تابعدار، تابِع فرماں، اِتّباعِ سُنَّت |

عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ⑳ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ

تختے پر تکیے لگائے ہوئے، اور ہم نے ان کے نکاح بڑی بڑی آنکھوں والی (حوروں) سے کر دیئے ہیں ⑳ اور جو لوگ ایمان

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ذُرِّيَّتُهُمْ | ذُ ر رِی یَ تُ ہُمْ | ان کی اولاد نے | ذ ر ر | ذُرِّیَّتِ آدم علیہ السلام، ذُرِّیَّتِ اِبلیس |
| | بِاِيْمَانٍ | بِ اِیْ مَا نِنْ | ایمان کے ساتھ | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمِن، اِیمَان |
| | اَلْحَقْنَا | اَلْ حَقْ نَا | تو ہم ملا دیں گے | ل ح ق | اِلْحَاق کرنا، مُلحق ہونا، لَواَحِقِین |
| | بِهِمْ | بِ ہِمْ | ان کے ساتھ | | |
| | ذُرِّيَّتَهُمْ | ذُ ر رِی یَ تَ ہُمْ | ان کی اولاد کو (جنت میں) | ذ ر ر | ذُرِّیَّتِ آدم علیہ السلام، ذُرِّیَّتِ اِبلیس |
| | وَمَآ | وَ مَا.. | اور نہیں | | شان وشوکت، صبر وتحمُّل، ذِکر واذکار |
| | اَلَتْنٰهُمْ | اَ لَتْ نَا ہُمْ | ہم ان کیلئے کم کریں گے | ء ل ت | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ عَمَلِهِمْ | مِنْ عَ مَ لِ هِمْ | ان کے عمل سے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، مَعمول |

ذُرِّيَّتُهُمْ بِإِيمَانٍ أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَا أَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ

لائے اور ان کی اولاد نے بھی ایمان میں ان کی پیروی کی ہم ان کی اولاد کو ان تک پہنچا دیں گے اور ان کے عمل سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ شَيْءٍ ؕ | مِنْ شَ ئِ ءٍ | کچھ بھی | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضَروریہ شئے، اَشیائے خُوردونوش |
| | كُلُّ | کُل لُ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | امْرِئٍۭ | مْ رِ ءِ مْ | شخص | م ر ء | |
| | بِمَا | بِ مَا | اس کے بدلے جو | | مَاحَول، مَافوقُ الفِطرَت، مَاجرَہ |
| | كَسَبَ | کَ سَ بَ | اس نے کمایا | ك س ب | کَسبِ کثیر، کَسبِ حَلال، کَسبِ فَیض |
| | رَهِينٌ ﴿۲۱﴾ | رَ هِیْ نٌ | گروی ہے | ر ه ن | رَہن رکھنا، مَرہُون مَنّت ہونا |
| ۲۲ | وَأَمْدَدْنٰهُمْ | وَ اَمْ دَ دْ نَا هُمْ | اور ہم انہیں خوب دیں گے | م د د | اِمداد دینا، مَدد کرنا، مُمِد ومُعاون |
| | بِفَاكِهَةٍ | بِ فَا کِ هَ تِنْ وْ | لذیذ میوے | ف ك ه | فَاکِہہ (پھل)، فَواکِہہ (جمع) |

مِّنْ شَيْءٍ ؕ كُلُّ امْرِئٍۭ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ ﴿۲۱﴾ وَأَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ

ہم کچھ کم نہ کریں گے، ہر شخص اپنے اپنے اعمال کا گروی ہے ﴿۲۱﴾ ہم ان کے لئے میوے اور مرغوب گوشت کی ریل پیل کر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّلَحْمٍ | وَ لَ حْ مِ | اور گوشت | ل ح م | لَحمِ خنزیر، مَاءُاللَّحم، لَحمِیات (پروٹین) |
| | مِّمَّا | مِ مِم مَا | اس میں سے جو | | مَاحَول، مَافوقُ الفِطرَت، مَاجرَہ |
| | يَشْتَهُوْنَ ﴿۲۲﴾ | یَشْ تَ هُوْ نَ | وہ چاہیں گے | ش ه و | شَہوَت رَانی، قُوّتِ اِشتِہاء |
| ۲۳ | يَتَنَازَعُوْنَ | یَ تَ نَا زَ عُوْ نَ | ایک دوسرے سے چھینیں گے | ن ز ع | تَنازَعہ، تَنازِعہ مَعامَلات |
| | فِيهَا | فِیْ هَا | اس (جنّت) میں | | فِی الحَال، فِی الفور، فِی الوَقت |
| | كَأْسًا | کَ x سَ | ایسا جامِ شراب | ك ء س | کاسۂ گدائی، کاسہ (پیالہ) |
| | لَّا لَغْوٌ | ل لَا لَ غْ وُنْ | کہ نہ لغو (بکواس) ہوگی | ل غ و | لَغویات، لَغوِیات، لَغوکلام |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس میں | | فِی الْحَال، فِی الْفور، فِی الْوَقْت |
| | وَلَا | وَ لَا | اور نہ | | عدل وانصاف، قول وقرار، مکروفریب لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | تَاْثِيْمٌ ٢٣ | تَ x ثِیْ م | گناہ کا کام | ء ث م | اِثم، رَاقِم آثِم، بَندہ آثِم |

**وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ۝٢٢ يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ۝٢٣**

دیں گے ۝٢٢ (خوش طبعی کیساتھ) ایک دوسرے سے جام (شراب) کی چھینا جھپٹی کرینگے جس شراب کے سرور میں بیہودہ گوئی ہوگی نہ گناہ ۝٢٣

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٢٤ | وَيَطُوْفُ | وَ یَ طُوْ فُ | اور پھر رہے ہوں گے | ط و ف | طَوَاف بَیْتُ اللہ، طَوَافِ زِیَارَہ |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِیْ ہِمْ | ان پر | | |
| | غِلْمَانٌ | غِ لْ مَا نُ | نوعمر لڑکے | غ ل م | غُلَام، غِلْمَان، غُلَام علی (نام) |
| | لَّهُمْ | ل لَ ہُمْ | ان (کی خدمت) کے لئے | | |
| | كَاَنَّهُمْ | کَ اَن نَ ہُمْ | گویا کہ وہ | | |
| | لُؤْلُؤٌ | لُ x لُ ءُ | موتی ہوں | ل ء ل ء | لُؤلُؤ (موتی کو کہتے ہیں) (جواہرات کی دوکان کا نام رکھا ہوتا ہے) |
| | مَّكْنُوْنٌ ٢٤ | م مَ کْ نُوْ ن | (پردے میں) چھپے ہوئے | ك ن ن | کِتَابِ مَکْنُون (محفوظ کتاب) |
| ٢٥ | وَاَقْبَلَ | وَ اَ قْ بَ لَ | اور متوجہ ہوں گے | ق ب ل | سَحَر وافطار، نماز وروزہ، صُبح وشام قِبلہ، مدّ مقابل، مُتقابل، تقابل |
| | بَعْضُهُمْ | بَ عْ ضُ ہُمْ | ان کے بعض | ب ع ض | بعض لوگ، بَعضُ النّاس بَعض اشیاء |

**وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ ۝٢٤ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ**

اور ان کے اردگرد ان کے نوعمر غلام چل پھر رہے ہونگے، گویا کہ وہ موتی تھے جو ڈھکے رکھے تھے ۝٢٤ اور آپس میں ایک دوسرے کی طرف

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰى | عَ لَا | پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | بَعْضٍ | بَ عْ ضِیْن | بعض | ب ع ض | بعض لوگ، بَعضُ النّاس بَعض اشیاء |
| | يَّتَسَآءَلُوْنَ ٢٥ | یَ تَ سَا... ءَ لُوْ ن | ایک دوسرے سے (حال) پوچھتے ہوئے | س ء ل | سُوال، مَسئلہ، مَسئول، سائل |
| ٢٦ | قَالُوْٓا | قَا لُوْ.. | وہ کہیں گے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّا | اِن نَا | بلاشبہ | | |
| | كُنَّا | كُن نَا | ہم تھے | ك و ن | |
| | قَبْلُ | قَبْ لُ | (اس سے) پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نَماز، قَبل اَز طَعَام والکَلَام |
| | فِيْٓ | فِيْ.. | میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | اَهْلِنَا | اَہْ لِ نَا | اپنے اَہل (وعیال) | ء ه ل | اَہل وعَیال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بَیت |
| | مُشْفِقِيْنَ ۞ | مُشْ فِ قِيْ ن | ڈرنے والے | ش ف ق | مُشفِق (ڈرنے والا) اِشفَاق (نام) |
| ۲۷ | فَمَنَّ | فَ مَن نَ | پھر احسان کیا | م ن ن | مَنّ واِحسَان، مَمنُون، مَنَّت |

عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۞ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ۞ فَمَنَّ

متوجہ ہو کر سوال کریں گے ۞ کہیں گے کہ اس سے پہلے ہم اپنے گھر والوں کے درمیان بہت ڈرا کرتے تھے ۞ پس اللہ تعالیٰ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ نے | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | عَلَيْنَا | عَ لَا ئِ نَا | ہم پر | | عَلَی الاِعلاَن، عَلَی العُمُوم |
| | يَرٰى ﴿٣٥﴾ | یَ رَا | (سب کچھ) دیکھ رہا ہے؟ | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہلال، غیر مرئی |
| ۳۶ | اَمْ | اَمْ | کیا | | |
| | لَمْ يُنَبَّاْ | لَمْ يُ نَبْ بَ x | اسے خبر نہیں دی گئی | ن ب ء | نبی، اَنبیاء، ختمِ نبوت، اَنْبَاء (سعودی چینل) |
| | بِمَا | بِ مَا | اس کی جو | | مَاحول، مَافوقُ الفطرت، مَاجرہ |
| | فِيْ صُحُفِ | فِيْ صُ حُ فِ | صحیفوں میں ہے؟ | ص ح ف | صُحفِ ابراہیم، صُحفِ مُوسیٰ، صحائف، صحیفہ آسمانی |
| | مُوْسٰى ﴿٣٦﴾ | مُوْ سَا | موسیٰ کے | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| ۳۷ | وَاِبْرٰهِيْمَ | وَ اِبْ رَا هِیْ مَ | اور ابراہیم کے | | حضرت ابراہیم علیہ السلام (نبی کا نام) |

الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى ﴿٣٥﴾ اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا فِيْ صُحُفِ مُوْسٰى ﴿٣٦﴾ وَاِبْرٰهِيْمَ

غیب ہے کہ وہ (سب کچھ) دیکھ رہا ہے؟ ﴿٣٥﴾ کیا اسے اس چیز کی خبر نہیں دی گئی جو موسیٰ (علیہ السلام) کے صحیفوں میں ہے ﴿٣٦﴾ اور وفادار ابراہیم (علیہ السلام)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الَّذِيْ | لْ لَ ذِ يْ | وہ جس نے | | |
| | وَفّٰى ﴿٣٧﴾ | وَفْ فَا | پورا کیا (اپنا عہد)؟ | و ف ی | وفا شعاری، وفاداری، ایفائے عہد، عہدِ وفا |
| ۳۸ | اَلَّا | اَ لْ لَا | یہ کہ نہیں | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَزِرُ | تَ زِ رُ | بوجھ اٹھائے گی | و ز ر | وَزِیر، وَزَارت، وُزَرَاء |
| | وَازِرَةٌ | وَا زِ رَ تُن | کوئی بوجھ اٹھانے والی (جان) | و ز ر | وَزِیر، وَزَارت، وُزَرَاء |
| | وِّزْرَ | وِ زْ رَ | بوجھ | و ز ر | وِزْر (بوجھ/ہتھیار)، اَوْزَار (جمع) |
| | اُخْرٰى ﴿۳۸﴾ | اُ خْ رَا | کسی دوسری (جان) کا | ء خ ر | آخَر، اُخریٰ، طاؤس و رُباب آخَر |
| ۳۹ | وَاَنْ | وَ اَ ن | اور یہ کہ | | عَدل و اِنصاف، قول و قرار، مکر و فریب |
| | لَّيْسَ | لَا یْ سَ | نہیں ہے | | |
| | لِلْاِنْسَانِ | لِلْ اِنْ سَا نِ | کسی انسان کے لئے | ن س ی | اِنسانی حُلیہ، خُوبصُورت اِنسان، اِنسانیت، اِنسانی وَقار |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | مَا | مَا | وہی جو | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |

اَلَّذِىْ وَفّٰٓى ﴿۳۷﴾ اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ﴿۳۸﴾ وَ اَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا

کے (صحیفوں میں تھا) ﴿۳۷﴾ کہ کوئی شخص کسی دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گا ﴿۳۸﴾ اور یہ کہ ہر انسان کے لئے صرف وہی ہے جس کی کوشش

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سَعٰى ﴿۳۹﴾ | سَ عَا | اس نے کوشش کی | س ع ی | سَعیِ لَاحَاصِل، سَعیِ بِسیَار، سَعی بَینَ الصَّفَا وَالمَروَۃ |
| ۴۰ | وَاَنَّ | وَ اَ ن نَ | اور بلا شبہ | | شان و شوکت، صبر و تحمُّل، ذِکر و اذکار |
| | سَعْيَهٗ | سَ عْ یَ ہُوْ | اس کی کوشش | س ع ی | سَعیِ لَاحَاصِل، سَعیِ بِسیَار، سَعی بَینَ الصَّفَا وَالمَروَۃ |
| | سَوْفَ | سَا ؤ فَ | جلد ہی | | |
| | يُرٰى ﴿۴۰﴾ | یُ رَا | اسے دکھائی جائے گی | ر ء ی | رِیَا، رُویَا، رُؤیتِ ہِلَال، غیر مَرئی |
| ۴۱ | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثم آمین |
| | يُجْزٰىهُ | یُ جْ زَا ہُ | اسے اس کا بدلہ دیا جائے گا | ج ز ی | جَزَا و سَزَا، جَزَائے خیر، جَزَاکَ اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | الْجَزَآءَ | لْ جَ زَا ... ءَ | بدلہ | ج ز ی | جَزَا و سَزَا، جَزَائے خیر، جَزَاکَ اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | الْاَوْفٰى ﴿۴۱﴾ | لْ اَ ؤ فَا | پورا (پورا) | و ف ی | وَفَاشِعَارِی، وَفَادَارِی، اِیفَائے عَہد، عَہد وَفَا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۲ | وَاَنَّ | وَ اَن نَ | اور بے شک | | شِیْر وشُکر، شَب و روز، اُمید و رَجا |

سَعٰى ﴿۳۹﴾ وَاَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰى ﴿۴۰﴾ ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى ﴿۴۱﴾ وَاَنَّ

خود اس نے کی ﴿۳۹﴾ اور یہ کہ بیشک اس کی کوشش عنقریب دیکھی جائے گی ﴿۴۰﴾ پھر اسے پورا پورا بدلہ دیا جائے گا ﴿۴۱﴾ اور یہ کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلٰى | اِلَا | طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلیہ |
| | رَبِّكَ | رَب بِ کَ | آپ کے رب ہی (کی) | ر ب ب | اَربَاب، مُربّی، رَبُّ العالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | الْمُنْتَهٰى ﴿۴۲﴾ | لْ مُن تَ ہَا | انتہا (پہنچنا) ہے | ن ھ ی | اِنتِہَاء، سدرۃُ المُنتہیٰ، اِنتِہَائی اِلتماس |
| ۴۳ | وَاَنَّهٗ | وَ اَن نَ ہُوْ | اور بلاشبہ | | قَول و قرَار، حُزن و مَلال، غم و حُزن |
| | هُوَ | ہُ وَ | وہی | | |
| | اَضْحَكَ | اَض حَ کَ | ہنساتا ہے | ض ح ك | ضَاحِک آدمی (ہنس مکھ)، مُضحِکہ خیز خبر، مُضحِکہ خیز بات |
| | وَاَبْكٰى ﴿۴۳﴾ | وَ اَب کَا | اور وہی رُلاتا ہے | ب ك ی | مَیّت پر آہ و بُکا کرنا |
| ۴۴ | وَاَنَّهٗ | وَ اَن نَ ہُوْ | اور بے شک | | شِیْر وشُکر، شَب و روز، اُمید و رَجا |
| | هُوَ | ہُ وَ | وہی | | |
| | اَمَاتَ | اَ مَا تَ | مارتا ہے | م و ت | مَوت و حیَات، مَرضُ المَوت |

اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى ﴿۴۲﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَ اَبْكٰى ﴿۴۳﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ

آپ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کے رب ہی کی طرف پہنچنا ہے ﴿۴۲﴾ اور یہ کہ وہی ہنساتا ہے اور وہی رلاتا ہے ﴿۴۳﴾ اور یہ کہ وہی مارتا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَحْيَا ﴿۴۴﴾ | وَ اَح یَا | اور وہی زندہ کرتا ہے | ح ی ی | حَیَاتِ جاوِدانی، حَیّ قیُّوم حَیَاتِ طَیّبہ، جنگلی حَیات |
| ۴۵ | وَاَنَّهٗ | وَ اَن نَ ہُوْ | اور بلاشبہ اسی نے | | شَان و شَوکت، صَبر و تحمُّل، ذِکر و اَذکار |
| | خَلَقَ | خَ لَ قَ | پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تخلِیق، مخلُوق، خلقت |
| | الزَّوْجَيْنِ | زَ اوْ جَا ئِ نِ | جوڑا | ز و ج | زوجہ، زَوج، اَزواجِ مُطہّرات |
| | الذَّكَرَ | ذ ذَ کَ رَ | (یعنی) نر | ذ ك ر | مُذکّر مؤنّث، تذکیر و تانیث |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْاُنْثٰى ﴿۴۵﴾ | وَلْ اُنْ ثَا | اور مادہ | ء ن ث | مُؤَنَّث، تذکیر وتانیث |
| ۴۶ | مِنْ نُّطْفَةٍ | مِنْ نُ طْ فَ تِنْ | نُطفے سے | ن ط ف | نُطفہ اِنسانی |
| | اِذَا | اِ ذَا | جب | | |
| | تُمْنٰى ﴿۴۶﴾ | تُمْ نَا | وہ ٹپکایا جاتا ہے (رحم میں) | م ن ی | مَادّہ مَنْوِیَّہ (مَادّہ تَوَلُّد) |

وَاَحْيَا ﴿۴۴﴾ وَاَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿۴۵﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰى ﴿۴۶﴾

اور جلاتا ہے ﴿۴۴﴾ اور یہ کہ اسی نے جوڑا یعنی نرومادہ پیدا کیا ہے ﴿۴۵﴾ نطفہ سے جبکہ وہ ٹپکایا جاتا ہے ﴿۴۶﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۷ | وَاَنَّ | وَ اَن نَ | اور بلاشبہ | | لَیل ونَہار، رَحِیم وکَرِیم، رَنج واَلَم |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِ ہِ | اسی کے ذمہ ہے | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | النَّشْاَةَ | نَ نَشْ اَ ةَ | پیدائش | ن ش ء | نَشاۃِ ثانیہ، اِنشاء پَردازی، نَشوونُما |
| | الْاُخْرٰى ﴿۴۷﴾ | لْ اُخْ رَا | دوسری بار بھی | ء خ ر | آخر، اُخرٰی، تاخیر، مُؤَخَّر طاؤس ورُباب آخر |
| ۴۸ | وَاَنَّهٗ | وَ اَن نَ ہُوْ | اور بے شک | | سَیر وسِیاحت، عِلم وحِکمت، شَب وروز |
| | هُوَ | ہُ وَ | وہی | | |
| | اَغْنٰى | اَ غْ نَا | غنی (بے نیاز) کرتا ہے | غ ن ی | عَبدُالغَنی، مُستَغنِی، اَغنِیاء غَنِی (اللہ تعالیٰ کی صفت ہے) |
| | وَاَقْنٰى ﴿۴۸﴾ | وَ اَقْ نَا | اور سرمایہ دار بناتا ہے | ق ن ی | سَحَر واَفطار، نَماز وروزہ، صُبح وشام |
| ۴۹ | وَاَنَّهٗ | وَ اَن نَ ہُوْ | اور یقیناً | | شِیر وشَکَر، شَب وروز، اُمید ورَجا |
| | هُوَ | ہُ وَ | وہی ہے | | |
| | رَبُّ | رَب بُ | ربّ | ر ب ب | اَرباب، مُرَبِّی، رَبُّ العالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |

وَاَنَّ عَلَيْهِ النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى ﴿۴۷﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَاَقْنٰى ﴿۴۸﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ

اور یہ کہ اسی کے ذمہ دوبارہ پیدا کرنا ہے ﴿۴۷﴾ اور یہ کہ وہی مالدار بناتا ہے اور سرمایہ دیتا ہے ﴿۴۸﴾ اور یہ کہ وہی شعریٰ (ستارے)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | الشِّعْرٰى ﴿۴۹﴾ | شِ شِ عْ رَا | شِعْرٰی (ستارے) کا | ش ع ر | شِعرٰی (ستارے کا نام) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۰ | وَاَنَّهٗ | وَ اَن نَ ہُوْ.. | اور بلاشبہ اسی نے | | سَحَر و اَفطَار، نَماز و روزہ، صُبح و شَام |
| | اَهْلَكَ | اَہ لَ کَ | ہلاک کیا | ه ل ك | ہَلَاک ہونا، مُہلِک، ہَلَاکَت |
| | عَادَا | عَا دَ | عادِ | | |
| | اِۨلْاُوْلٰى ۝۵۰ | نِل اُو لَا | اولیٰ کو | ء و ل | اَوّل، اُولیٰ، اَوَائل، اَوّل و آخِر |
| ۵۱ | وَثَمُوْدَاۡ | وَ ثَ مُوْ دَ | اور ثمود کو | | |
| | فَمَآ | فَ مَا.. | پھر نہ | | |
| | اَبْقٰى ۝۵۱ | اَب قَا | اس نے باقی چھوڑا (کسی کو) | ب ق ی | بَاقِی، بَقِیہ مَواد، بَقَا، بَقَایَا |
| ۵۲ | وَقَوْمَ | وَ قَا وْ مَ | اور قومِ | ق و م | قَوم، اَقوَام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | نُوْحٍ | نُوْحِ | نُوح کو بھی | | حضرت نُوح علیہ السلام (نبی کا نام) |

الشِّعْرٰى ۝۴۹ وَ اَنَّهٗۤ اَهْلَكَ عَادَا اِۨلْاُوْلٰى ۝۵۰ وَ ثَمُوْدَاۡ فَمَآ اَبْقٰى ۝۵۱ وَ قَوْمَ نُوْحٍ

کا ربّ ہے ۝۴۹ اور یہ کہ اسی نے عاد اوّل کو ہلاک کیا ہے ۝۵۰ اور ثمود کو بھی (جن میں سے) ایک کو بھی باقی نہ رکھا ۝۵۱ اور اس سے پہلے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ قَبْلُ ؕ | م مِن قَب ل | (ان سے) پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نَماز، قَبل اَز طَعام والکَلَام |
| | اِنَّهُمْ | اِن نَ ہُم | بلاشبہ وہ | | |
| | كَانُوْا | کَا نُوْ | تھے | ك و ن | |
| | هُمْ | ہُ م | وہی | | |
| | اَظْلَمَ | اَظ لَ مَ | بہت زیادہ ظالم | ظ ل م | ظُلم، ظَالم، مَظلُوم، ظَالِمِین |
| | وَاَطْغٰى ۝۵۲ | وَ اَط غَا | اور بڑے سرکش | ط غ ی | طُغیَانی، سَمُندر میں طُغیَانی، طَاغُوت |
| ۵۳ | وَالْمُؤْتَفِكَةَ | وَل مُ x تَ فِ کَ ةَ | اور اُلٹا دی گئی بستی کو | ء ف ك | مُؤتَفِکَہ (اُلٹائی ہوئی بَستی) |
| | اَهْوٰى ۝۵۳ | اَہ وَا | اس نے زمین پر دے مارا | ه و ی | |
| ۵۴ | فَغَشّٰىهَا | فَ غَش شَا ہَا | پھر اسے ڈھانپ لیا اس (تباہی و بربادی) نے | غ ش ی | غَاشِیَہ، غَشی طَاری ہونا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

## مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ۝۵۲ وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ۝۵۳ فَغَشّٰىهَا

قومِ نوح کو، یقیناً وہ بڑے ظالم اور سرکش تھے ۵۲ اور مؤتفکہ (شہر یا الٹی ہوئی بستیوں کو) اسی نے اُلٹ دیا ۵۳ پھر اس پر چھا دیا جو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَا | مَا | جس نے | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجرَہ |
| | غَشّٰى ۝۵۴ | غَش شَا | ڈھانپا | غ ش ی | غَاشِیَہ، غَشی طاری ہونا |
| ۵۵ | فَبِاَيِّ | فَ بِ آئِ یِ | پھر کون سی | | |
| | اٰلَاۗءِ | آ لَا ... ءِ | نعمتوں میں | ء ل و | اٰلاءُ اللہ (اللہ کی نعمتیں) |
| | رَبِّكَ | رَب بِ کَ | اپنے ربّ کی | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | تَتَمَارٰى ۝۵۵ | تَ تَ مَا رَا | تو شک کرے گا؟ | م ر ی | مِریَہ (شک کرنا) |
| ۵۶ | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ (رسول تو) | | مَسجِدِ ہٰذا، حامِلِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |
| | نَذِيْرٌ | نَ ذِ یْ رُ | ڈرانے والا ہے | ن ذ ر | نَذیر و بَشیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| | مِّنَ | م مِنَ | سے | | مِنجانِب، مِن حَیثُ القوم |
| | النُّذُرِ | ن نُ ذُ رِ | ڈرانے والوں میں | ن ذ ر | نَذیر و بَشیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| | الْاُوْلٰى ۝۵۶ | لْ اُوْ لَا | پہلے | ء و ل | اُولیٰ، اَوّل و آخر، قُرونِ اُولیٰ |

## مَا غَشّٰى ۝۵۴ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ۝۵۵ هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ۝۵۶

چھایا ۵۴ پس اے انسان! تُو اپنے رب کی کس کس نعمت کے بارے میں جھگڑے گا؟ ۵۵ یہ (نبی) ڈرانے والے ہیں پہلے ڈرانے والوں میں سے ۵۶

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۷ | اَزِفَتِ | اَ زِ فَ تِ | قریب آگئی | ء ز ف | |
| | الْاٰزِفَةُ ۝۵۷ | لْ آ زِ فَ ۃُ | قریب آنے والی (قیامت) | ء ز ف | |
| ۵۸ | لَيْسَ | لَا ئِ سَ | نہیں ہے | | |
| | لَهَا | لَ ہَا | اس (قیامت) کو | | |
| | مِنْ دُوْنِ | مِنْ دُوْنِ | سوا | د و ن | بِدُون اِس کے |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العٰالَمین |
| | كَاشِفَةٌ ﴿٥٨﴾ | کَا شِ فَ ۃ | کوئی بھی ظاہر کرنے والا | ك ش ف | مُنکشِف ہونا، کشف بینک، کاشِف |
| ٥٩ | اَفَمِنْ | اَ فَ مِنْ | کیا پھر سے | | |
| | هٰذَا | ہَا ذَ | یہ | | |
| | الْحَدِيْثِ | لْ حَ دِیْ ثِ | بات (قرآن) | ح د ث | حَدیث، تَحدیثِ نعمت، مُحدِّث |

اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿٥٧﴾ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿٥٨﴾ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ

آنے والی گھڑی قریب آ گئی ہے ﴿٥٧﴾ اللہ تعالیٰ کے سوا اس کا (وقت معین پر کھول) دکھانے والا اور کوئی نہیں ﴿٥٨﴾ پس کیا تم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَعْجَبُوْنَ ﴿٥٩﴾ | تَ عْ جَ بُوْ نَ | تم تعجب کرتے ہو؟ | ع ج ب | عَجیب، تَعَجُّب، عَجَب، مُتَعَجِّب، عُجُوبَہ |
| ٦٠ | وَتَضْحَكُوْنَ | وَ تَ ضْ حَ كُوْ نَ | اور تم ہنستے ہو | ض ح ك | ضَاحِک آدمی (ہنس مکھ)، مُضحِکہ خیز خبر، مُضحِکہ خیز بات |
| | وَلَا | وَ لَا | اور نہیں | | عَدل و اِنصاف، قول و قرار، مکر و فریب لاتعداد، لاعِلاج، لاعِلم، لاجواب |
| | تَبْكُوْنَ ﴿٦٠﴾ | تَبْ كُوْ نَ | روتے | ب ك ی | مَیِّت پر آہ و بُکا کرنا |
| ٦١ | وَاَنْتُمْ | وَ اَنْ تُمْ | اور تم | | سَحر و اِفطار، نماز و روزہ، صُبح و شام |
| | سٰمِدُوْنَ ﴿٦١﴾ | سَا مِ دُوْ نَ | کھیل کود میں مست ہو | س م د | |
| ٦٢ | فَاسْجُدُوْا | فَسْ جُ دُوْ | اب تم (باز آجاؤ اور) سجدہ کرو | س ج د | سَجدہ، سَاجِد، مَسجُود، سجدہ گاہ، مَسجِد |

تَعْجَبُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿٦٠﴾ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿٦١﴾ فَاسْجُدُوْا

اس بات سے تعجب کرتے ہو؟ ﴿٥٩﴾ اور ہنس رہے ہو؟ روتے نہیں؟ ﴿٦٠﴾ (بلکہ) تم کھیل رہے ہو ﴿٦١﴾ اب اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِلّٰهِ | لِل لَا ہِ | اللہ کو | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العٰالَمین |
| | وَاعْبُدُوْا ﴿٦٢﴾ السجدة ع | وَ عْ بُ دُوْ | اور عبادت کرو (اسی کی) | ع ب د | عَبد، عِبَادَت، عابِد، مَعبُود |

السجدۃ ٦ — لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿٦٢﴾ السجدة ع — ع ٣

کرو اور (اسی کی) عبادت کرو ﴿٦٢﴾

اٰیَاتُھَا ۵۵ (۵۴) سُوْرَۃُ الْقَمَرِ مَکِّیَّۃٌ (۳۷) رُکُوْعَاتُھَا ۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | اِقْتَرَبَتِ | اِ قْ تَ رَ بَ تِ | قریب آگئی | ق ر ب | قُرب، قَرِیب، اَقرَب، قَرِیبی عَزِیز و اَقَارِب |
| | السَّاعَۃُ | س سَا عَ ۃُ | قیامت | س و ع | یَومُ السَّاعَۃ (قیامت کا دن)، سَاعَتِ کُبرٰی، سَاعَات |
| | وَانْشَقَّ | وَ نْ شَقْ قَ | اور پھٹ گیا | ش ق ق | شَقِّ قَمر، اِنْشِقَاق، وَاقِعہ شَقِّ صَدر |
| | الْقَمَرُ ① | لْ قَ مَ رُ | چاند | ق م ر | قَمرِی مہینہ شَمس و قَمر، قمر (نام) |
| ۲ | وَاِنْ | وَ اِ نْ | اور اگر | | سَیر و سَیاحت، عِلم و حِکمت، شَب و روز اِن شَاءَ اللہ |
| | یَّرَوْا | یَ رَ وْ | وہ (مُشرک) دیکھیں | ر ء ی | رِیَا، رُوْیَا، رُوْیتِ ہِلَال، غَیر مَرئِی |
| | اٰیَۃً | آ یَ تَ ئِنْ | کوئی نشانی (معجزہ) | ء ی ی | آیَت (نشانی/واحد)، آیَات (جمع) |
| | یُّعْرِضُوْا | یُ عْ رِ ضُوْ | تو منہ پھیر لیتے ہیں | ع ر ض | اِعرَاض کرنا، اِعرَاض بَرتنا |
| | وَیَقُوْلُوْا | وَ یَ قُوْ لُوْ | اور کہتے ہیں کہ | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | سِحْرٌ | سِ حْ رُ | (یہ تو) جادو ہے | س ح ر | سِحر بَیَانِی، سِحر اَنگیز، مَسحُور کُن آواز |

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَۃُ وَ انْشَقَّ الْقَمَرُ ① وَ اِنْ یَّرَوْا اٰیَۃً یُّعْرِضُوْا وَ یَقُوْلُوْا سِحْرٌ

قیامت قریب آگئی اور چاند پھٹ گیا① یہ اگر کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو منہ پھیر لیتے ہیں اور کہہ دیتے ہیں کہ یہ پہلے سے چلا آتا ہوا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُّسْتَمِرٌّ ② | م مُسْ تَ مِرْ رُ | بڑا مضبوط (ہمیشہ سے چلا آتا) | م ر ر | مَاضِیِ اِستِمرَارِی، شِفَائے مُستَمِرَّہ |
| ۳ | وَکَذَّبُوْا | وَ کَ ذْ ذَ بُوْ | اور انہوں نے جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تَکذِیب، کَاذِب، کَذَّاب مُسیلمہ کَذَّاب (نُبُوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | وَاتَّبَعُوْٓا | وَ تْ تَ بَ عُوْ.. | اور پیروی کی | ت ب ع | تَابِعدار، تَابِع فرمَاں، اِتّبَاعِ سُنَّت |
| | اَھْوَآءَھُمْ | اَ ہْ وَا...ءَ ہُمْ | اپنی خواہشوں کی | ھ و ی | ہَوَائے نَفس، ہَوَا و ہَوَس |
| | وَکُلُّ | وَ کُلْ لُ | اور ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عَالَم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَمْرٍ | اَمْ رِ | کام | ء م ر | اَمْرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | مُّسْتَقِرٌّ ③ | م مُسْ تَ قِرْ | ٹھہرا ہوا ہے (اس کے لئے وقت مقرر ہے) | ق ر ر | اِستقرار حمل، اِقرار، مُستقِر |
| ۴ | وَلَقَدْ | وَلَ قَ دْ | اور بلا شبہ یقیناً | | شِیر و شکر، شب و روز، اُمید و رجا |

مُّسْتَمِرٌّ ② وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ③ وَلَقَدْ

جادو ہے ② انہوں نے جھٹلایا اور اپنی خواہشوں کی پیروی کی اور ہر کام ٹھہرے ہوئے وقت پر مقرر ہے ③ یقیناً ان کے پاس

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جَآءَهُمْ | جَا... ءَ هُمْ | ان کے پاس آچکی ہیں | ج ی ء | |
| | مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ | مِ نَلْ اَمْ بَا... ءِ | خبریں | ن ب ء | نبی، اَنبیاء، ختم نبوت، اَنباء (سعودی چینل) |
| | مَا | مَا | وہ/جو | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجرَہ |
| | فِيْهِ | فِيْ هِ | جن میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | مُزْدَجَرٌ ۙ④ | مُزْ دَ جَ رْ | ڈانٹ اور نصیحت ہے | ز ج ر | زجر و توبیخ کرنا |
| ۵ | حِكْمَةٌۢ | حِ كْ مَ تُ مْ | دانائی کی بات | ح ك م | حِکمت و دانائی، حَکیم، مُحکم، حُکَماء |
| | بَالِغَةٌ | بَا لِ غَ تُنْ | مکمل | ب ل غ | بَالغ، بُلُوغت، اَبلاغِ عامہ |
| | فَمَا | فَ مَا | پھر (بھی) نہیں | | |
| | تُغْنِ | تُ غْ نِ | فائدہ دیتیں | غ ن ی | عَبدُالغنی، مُستغنی، اَغنیاء، غَنی (اللہ تعالیٰ کی صفت ہے) |

جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ۙ④ حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ

وہ خبریں آچکی ہیں جن میں ڈانٹ ڈپٹ (کی نصیحت) ہے ④ اور کامل عقل کی بات ہے لیکن ان ڈراوَنی باتوں نے بھی کچھ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | النُّذُرُ ۙ⑤ | ن نُ ذُ رُ | ڈرانے والی (باتیں) | ن ذ ر | نَذیر و بَشیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ۶ | فَتَوَلَّ | فَ تَ وَلْ لَ | چنانچہ آپ مُنہ موڑ لیجئے | و ل ی | |
| | عَنْهُمْ | عَنْ هُمْ | ان سے | | |
| | يَوْمَ | يَا ءُ مَ | (یاد کریں!) جس دن | ی و م | یَومِ قائد، یَومِ اِقبال، یَومِ عید |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَدْعُ | ی َ دْ عُ | بلائے گا | د ع و | دُعا، دَعوت، دَاعی، مدعُو، دُعائیہ |
| | الدَّاعِ | د دَا عِ | بلانے والا | د ع و | دُعا، دَعوت، دَاعی، مدعُو، دُعائیہ |
| | اِلٰى شَيْءٍ | اِلَا شَا ئِ ءٍ | چیز کی طرف | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضُروریہ شَئے، اَشیائے خُوردونوش |
| | نُّكُرٍ ۙ ۶ | ن نُ كُ رٍ | نہایت ہولناک | ن ك ر | اِنکاری ہونا، اِنکار کرنا، مُنکَرات |
| ۷ | خُشَّعًا | خُش شَ عَنْ | جھکی ہوں گی | خ ش ع | خَشیّتِ الٰہی، خُشوع وخُضوع |

النُّذُرُ ۙ ۵ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ۙ ۶ خُشَّعًا

فائدہ نہ دیا ۵ پس (اے نبی!) تم ان سے اعراض کرو جس دن ایک پکارنے والا ناگوار چیز کی طرف پکارے گا ۶ یہ جھکی ہوئی

وقف لازم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَبْصَارُهُمْ | اَبْ صَا رُ هُمْ | ان کی نگاہیں | ب ص ر | بصارت، بَصیرت، اَبصار |
| | يَخْرُجُوْنَ | ی َ خْ رُ جُوْ نَ | وہ نکلیں گے | خ ر ج | خارج، وَزارتِ خارجہ مَخرج، خُروج |
| | مِنَ الْاَجْدَاثِ | مِ نَلْ اَجْ دَا ثِ | قبروں سے | ج د ث | جَدْث (واحد/قبر)، اَجْداث (جمع) |
| | كَاَنَّهُمْ | كَ اَن نَ هُمْ | گویا کہ وہ | | |
| | جَرَادٌ | جَ رَا دُ | ٹڈی دل ہے | ج ر د | جَراد (ٹڈی دل کو کہتے ہیں) |
| | مُّنْتَشِرٌ ۙ ۷ | م مُنْ تَ شِ رْ | پھیلا ہوا | ن ش ر | ناشر، نَشر واِشاعت، مُنتشر، اِنتشار |
| ۸ | مُّهْطِعِيْنَ | م مُهْ طِ عِيْ نَ | وہ دوڑ رہے ہوں گے | ھ ط ع | |

اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ۙ ۷ مُّهْطِعِيْنَ

آنکھوں کے ساتھ قبروں سے اس طرح نکل کھڑے ہوں گے کہ گویا وہ پھیلا ہوا ٹڈی دل ہے ۷ پکارنے والے کی طرف دوڑتے ہوں گے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَى الدَّاعِ ۭ | اِلَ د دَا عِ | بلانے والے کی طرف | د ع و | دُعا، دَعوت، دَاعی، مدعُو، دُعائیہ |
| | يَقُوْلُ | ی َ قُوْ لُ | کہیں گے | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |
| | الْكٰفِرُوْنَ | لْ كَا فِ رُوْ نَ | کافر | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | هٰذَا يَوْمٌ | هَا ذَا يَا ؤْ مُنْ | یہ دن ہے | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَسِرٌ ⑧ | عَ سِ رٌ | نہایت سخت | ع س ر | عُسرت، عُسر و یُسر، مُعسر (تنگدست) |
| 9 | كَذَّبَتْ | كَذْ ذَ بَتْ | جھٹلایا تھا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب مُسیلمہ کَذّاب (نُبُوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | قَبْلَهُمْ | قَبْ لَ ہُمْ | ان سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام والکلام |
| | قَوْمُ | قَوْ مُ | قومِ | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | نُوْحٍ | نُو حِنْ | نُوح نے | | حضرت نُوح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | فَكَذَّبُوْا | فَ كَذْ ذَ بُوْ | چنانچہ انہوں نے جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب مُسیلمہ کَذّاب (نُبُوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |

اِلَى الدَّاعِ ۭ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ⑧ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا

اور کافر کہیں گے یہ دن تو بہت سخت ہیں ⑧ ان سے پہلے قوم نوح نے بھی ہمارے بندے کو جھٹلایا تھا اور دیوانہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَبْدَنَا | عَبْ دَ نَا | ہمارے بندے کو | ع ب د | عَبدُاللہ، عِباد، عِبادُالرّحمٰن |
| | وَقَالُوْا | وَ قَا لُوْ | اور انہوں نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | مَجْنُوْنٌ | مَ جْ نُوْ نُوْں | (یہ) دیوانہ ہے | ج ن ن | مجنُون (پاگل)، جُنُون، جُنُونی آدمی |
| | وَّازْدُجِرَ ⑨ | وَ زْ دُ جِ رَ | اور اسے جھڑک دیا گیا | ز ج ر | زجر و توبیخ کرنا |
| 10 | فَدَعَا | فَ دَ عَا | تب اس نے پکارا | د ع و | دُعا، دَعوت، دَاعی، مَدعُو، دُعائیہ |
| | رَبَّهٗٓ | رَب بَ ہُوْ.. | اپنے ربّ کو | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | اَنِّيْ | اَن نِيْ | بے شک میں | | |
| | مَغْلُوْبٌ | مَ غْ لُوْ بُنْ | مَغلُوب ہوں | غ ل ب | غالِب اِمکان، غلبہ دِین، مَغلُوب |
| | فَانْتَصِرْ ⑩ | فَنْ تَ صِ رْ | اب تو انتقام لے / مدد کر | ن ص ر | نُصرت، نَاصِر، اَنصارِ مَدینہ |

عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ ⑨ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ⑩

بتلا کر جھڑک دیا گیا تھا ⑨ پھر اس نے اپنے ربّ سے دعا کی کہ میں بے بس ہوں میری مدد کر ⑩

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | فَفَتَحْنَآ | فَ فَ تَ حْ نَا.. | چنانچہ ہم نے کھول دیئے | ف ت ح | فتح، فاتِح، مَفتُوح، اِفتِتاح |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَبْوَابَ | اَبْ وَا بَ | دروازے | ب و ب | بابِ رحمت، بابِ عُمرہ، بابِ اَرْقم |
| | السَّمَآءِ | س سَ مَا...ءِ | آسمان کے | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | بِمَآءٍ | بِ مَا...ءِ | پانی کے ساتھ | م و ہ | مَاءِ زَمزَم، مَاءِ شِیرِیں، مَاءِ بَارِد |
| | مُّنْهَمِرٍ ﴿۱۱﴾ | م مُنْ ہَ مِ رْ | زوردار برسنے والے | ھ م ر | |
| ۱۲ | وَّفَجَّرْنَا | وَ فَ ج جَ رْ نَ | اور ہم نے (پھاڑ دیئے) جاری کر دیئے | ف ج ر | فَجر کَاذِب، فَجر صَادِق، نَمازِ فَجر |
| | الْاَرْضَ | لْ اَ رْ ضَ | زمین سے | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَرَاضِی، کُرۂ اَرض |
| | عُيُوْنًا | عُ یُوْ نَنْ | چشمے | ع ی ن | عَیْن (چَشمہ)، اَعْیُن (جمع، چَشمے) |
| | فَالْتَقَى | فَلْ تَ قَ | تو مل گیا | ل ق ی | مُلاقَاتی حَضرَات، شَرفِ مُلاقَات |

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ﴿۱۱﴾ وَّ فَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى

پس ہم نے آسمان کے دروازوں کو زور کے مینہ سے کھول دیا ﴿۱۱﴾ اور زمین سے چشموں کو جاری کر دیا پس اس کام کیلئے جو مقدر کیا گیا تھا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمَآءُ | لْ مَا...ءُ | (آسمان وزمین کا) پانی | م و ہ | مَاءِ زَمزَم، مَاءِ شِیرِیں، مَاءِ بَارِد |
| | عَلٰٓى اَمْرٍ | عَ لَا... اَمْ رِنْ | ایک ایسے کام پر | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | قَدْ قُدِرَ ﴿۱۲﴾ | قَ دْ قُ دِ رَ | جو تحقیق طے ہو چکا تھا | ق د ر | مُقدَّر، مِقدَار، تَقدِیرِ الٰہی |
| ۱۳ | وَحَمَلْنٰهُ | وَ حَ مَ لْ نَا هُ | اور ہم نے اس (نوح) کو سوار کیا | ح م ل | لَیل ونَہار، رَحِیم وکَرِیم، رَنج واَلَم |
| | عَلٰى | عَ لَا | پر | | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم |
| | ذَاتِ اَلْوَاحٍ | ذَا تِ اَلْ وَا حِ اُ دْ س | تختوں والی (کشتی) | ل و ح | لَوحِ مَحْفُوظ، لَوح وقَلَم، لَوحِ قُرآنی |
| | وَّدُسُرٍ ﴿۱۳﴾ | وَ دُ سُ رْ | اور میخوں (والی پر) | د س ر | شَان وشَوکَت، صَبر وتَحَمُّل، ذِکر واَذکَار |
| ۱۴ | تَجْرِىْ | تَ جْ رِیْ | وہ چلتی تھی | ج ر ی | جَارِی وسَارِی، اِجرَاء، جَرَیَان |

الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿۱۲﴾ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّ دُسُرٍ ﴿۱۳﴾ تَجْرِىْ

(دونوں) پانی جمع ہو گئے ﴿۱۲﴾ اور ہم نے اسے تختوں اور کیلوں والی (کشتی) پر سوار کر لیا ﴿۱۳﴾ جو ہماری آنکھوں کے سامنے چل رہی تھی،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاَعْيُنِنَا ج | بِ اَ عْ يُ نِ نَا | ہماری آنکھوں کے سامنے | ع ی ن | عُیُون، اَعیُن، عَین (آنکھ) قُرَّۃُ العَین (آنکھوں کی ٹھنڈک) |
| | جَزَآءً | جَ زَ ا … ءَ | بدلہ لینے کے لئے | ج ز ی | جَزَا و سَزَا، جَزَائے خَیر جَزَاکَ اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | لِّمَنْ | ل لِ مَنْ | اس شخص کا جس کا | | |
| | كَانَ | کَ انَ | تھا | ك و ن | |
| | كُفِرَ ⑭ | کُ فِ رَ | انکار کیا گیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مَکّہ، کُفرانِ نِعمَت |
| ۱۵ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | شان و شوکت، صبر و تحمّل، کون و مکان |
| | تَّرَكْنٰهَآ | ت تَ رَ کْ نَا ہَا.. | ہم نے اس (کشتی) کو (بنا) چھوڑا تھا | ت ر ك | تَرک، تارِک، مَترُوک، تَرکَہ |
| | اٰيَةً | آ یَ تَنْ | ایک نشانی | ء ی ی | آیَتْ (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | فَهَلْ | فَ ہَلْ | تو کیا ہے | | |
| | مِنْ مُّدَّكِرٍ ⑮ | مِ م مُ د دَ کِ رْ | کوئی نصیحت پکڑنے والا؟ | ذ ك ر | تذکیر و نصیحت، ذِکر و اذکار، ذاکِر |

بِاَعْيُنِنَا ج جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ⑭ وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ⑮

بدلہ اس کی طرف سے جس کا کفر کیا گیا تھا ⑭ اور بیشک ہم نے اس واقعہ کو نشانی بنا کر باقی رکھا پس کوئی ہے نصیحت حاصل کرنے والا ⑮

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۶ | فَكَيْفَ | فَ كَ ا يْ فَ | پھر (دیکھو) کیسا | ك ی ف | کَیفِیّت، بَہرکَیف، کَیفَ حالُک |
| | كَانَ | کَ انَ | تھا | ك و ن | |
| | عَذَابِيْ | عَ ذَ ا بِیْ | میرا عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہَنَّم عَذابِ آخرت |
| | وَنُذُرِ ⑯ | وَ نُ ذُ رْ | اور میرا ڈراوا؟ | ن ذ ر | نَذِیر و بَشِیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ۱۷ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | عَدل و اِنصاف، قَول و قَرار، مَکر و فَریب |
| | يَسَّرْنَا | یَس سَ رْ نَ | ہم نے آسان کیا ہے | ی س ر | یُسر، مُیَسِّر، اَیسَرُ القُرآن تَیسِیرُ القُرآن |
| | الْقُرْاٰنَ | لْ قُ رْ آ نَ | قرآن کو | ق ر ء | قُرآنِ عَظِیم، قِراَت، قارِی |
| | لِلذِّكْرِ | لِذ ذِ کْ رِ | نصیحت کے لئے | ذ ك ر | تذکیر و نصیحت، ذِکر و اذکار، ذاکِر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَهَلْ | فَ ہَلْ | تو کیا ہے | | |

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَ نُذُرِ ۝١٦ وَ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ

بتاؤ میر عذاب اور میری ڈرانے والی باتیں کیسی رہیں؟ ۝١٦ اور بیشک ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے پس کیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝١٧ | مِم مُ دْ دَ کِ رْ | کوئی نصیحت پکڑنے والا؟ | ذ ك ر | تذکیر ونصیحت، ذِکر واذکار، ذاکر |
| ١٨ | كَذَّبَتْ | كَذْ ذَ بَتْ | جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کذّاب مُسیلمہ کذّاب (نبوت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | عَادٌ | عَا دُنْ | (قومِ) عاد نے | | قومِ عاد |
| | فَكَيْفَ | فَ کَا ئِ فَ | پھر (دیکھو) کیسا | ك ی ف | کیفیّت، بہرکیف، کَیفَ حَالُکَ |
| | كَانَ | کَ انَ | تھا | ك و ن | |
| | عَذَابِىْ | عَ ذَا بِیْ | میرا عذاب | ع ذ ب | عَذَابِ الٰہی، عَذابِ جہنّم عَذابِ آخرت |
| | وَنُذُرِ ۝١٨ | وَنُ ذُ رْ | اور میرا ڈراوا؟ | ن ذ ر | نذیر وبشیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ١٩ | اِنَّآ | اِن نَا.. | بلاشبہ | | |
| | اَرْسَلْنَا | اَرْ سَلْ نَا | ہم نے بھیجی | ر س ل | رَسول، رُسل، مُرسل، رِسَالتِ محمدیّہ |

مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝١٧ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَ نُذُرِ ۝١٨ اِنَّآ اَرْسَلْنَا

کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟ ۝١٧ قوم عاد نے بھی جھٹلایا پس کیسا ہوا میرا عذاب اور میری ڈرانے والی باتیں ۝١٨ ہم نے ان پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | رِيْحًا | رِیْ حَنْ | (تیز) ہوا | ر و ح | رِیَاح، رِیح، رِیاحی درد |
| | صَرْصَرًا | صَ رْ صَ رَنْ | شاں شاں کرتی | ص ر ص ر | |
| | فِىْ يَوْمِ | فِیْ یَا ؤْ مِ | دن میں | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | نَحْسٍ | نَ حْ سِنْ | نحوست والے | ن ح س | نحوست پھیلانا، منحوس ہونا |
| | مُّسْتَمِرٍّ ۝١٩ | م مُسْ تَ مِ رْ | ہمیشہ کی | م ر ر | مَاضیِ اِستمراری، شفائے مُستمرّہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۰ | تَنْزِعُ | تَن زِ عُ | وہ اُکھاڑ پھینکتی تھی | ن ز ع | وقتِ نَزع، حالتِ نَزع |
| | النَّاسَ ۙ | ن نا سَ | لوگوں کو | ن و س | خیرُالنّاس، عامّۃُالنّاس،عوامُ النّاس |
| | كَاَنَّهُمْ | کَ اَن نَ ہُم | گویا کہ وہ | | |

عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ﴿١٩﴾ تَنْزِعُ النَّاسَ ۙ كَاَنَّهُمْ

تیز وتند مسلسل چلنے والی ہوا، ایک پیہم منحوس (دائمی نحوست والے) دن میں بھیج دی ⑲ جو لوگوں کو اٹھا اٹھا کر دے پٹختی تھی، گویا کہ وہ جڑ سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَعْجَازُ | اَع جا زُ | تنے ہوں | ع ج ز | |
| | نَخْلٍ | نَ خ لِ | کھجور کے | ن خ ل | نخل، نخلستان |
| | مُّنْقَعِرٍ ﴿٢٠﴾ | م مُن قَ عِ رْ | جڑ سے اُکھڑی ہوئی | ق ع ر | |
| ۲۱ | فَكَيْفَ | فَ کَ ئِ فَ | پھر کیسا | ك ی ف | کیفیّت، بہر کیف، کیف حالُک |
| | كَانَ | کَ ا نَ | تھا | ك و ن | |
| | عَذَابِيْ | عَ ذَ ا بِیْ | میرا عذاب | ع ذ ب | عذابِ الٰہی، عذابِ جہنّم، عذابِ آخرت |
| | وَنُذُرِ ﴿٢١﴾ | وَ نُ ذُ رْ | اور میرا ڈراوا؟ | ن ذ ر | نذیر و بشیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ۲۲ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلا شبہ یقیناً | | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذِکر واذکار |
| | يَسَّرْنَا | یَس سَ رْ نَ | ہم نے آسان کیا ہے | ی س ر | یُسر، مَیسّر، اَیسرُ القرآن، تیسیرُ القرآن |
| | الْقُرْاٰنَ | لْ قُ رْ آ نَ | قرآن کو | ق ر ء | قرآنِ عظیم، قرأت، قاری |

اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ﴿٢٠﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿٢١﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ

کٹے ہوئے کھجور کے تنے ہیں ⑳ پس کیسی رہی میری سزا اور میرا ڈرانا؟ ㉑ یقیناً ہم نے قرآن کو نصیحت کے لئے آسان کر دیا ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِلذِّكْرِ | لِذ ذِکْ رِ | نصیحت کے لئے | ذ ك ر | تذکیر ونصیحت، ذِکر واذکار، ذاکر |
| | فَهَلْ | فَ ہَ لْ | تو کیا ہے | | |
| | مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٢٢﴾ ع | مِم مُ د دَ کِ رْ | کوئی نصیحت پکڑنے والا؟ | ذ ك ر | تذکیر ونصیحت، ذِکر واذکار، ذاکر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٢٣ | كَذَّبَتْ | کَذ ذَ بَتْ | جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب مُسیلمہ کَذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | ثَمُوْدُ | ثَ مُوْ دُ | (قومِ) ثمود نے | ث م د | قومِ ثمود |
| | بِالنُّذُرِ ۝٢٣ | بِن نُ ذُ رِ | ڈرانے والوں کو | ن ذ ر | نَذیر و بَشیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ٢٤ | فَقَالُوْٓا | فَ قَا لُوْ.. | تو انہوں نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اَبَشَرًا | اَ بَ شَ رَ | کیا ایک ایسے آدمی کی | ب ش ر | خیرُ البَشَر، نُور و بَشَر، بَشریّت |
| | مِّنَّا | مِ مِن نَا | جو ہم میں سے ہے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القوم |

لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝٢٢ ع كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ۝٢٣ فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا ع ٢٢ ٨

پس کیا ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا؟ ۝٢٢ قوم ثمود نے ڈرانے والوں کو جھٹلایا ۝٢٣ اور کہنے لگے کیا ہمیں میں سے ایک شخص کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاحِدًا | وَا حِ دَ | اکیلا | و ح د | وَاحِد، وَحدانیت، تَوحِید، مُوَحِّد |
| | نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ | نَ نَت تَ بِ عُ هُوْ. | ہم اس کی پیروی کریں؟ | ت ب ع | تابعدار، تابِع فرماں، اِتّباعِ سُنّت |
| | اِنَّآ | اِن نَا.. | بلاشبہ ہم تو | | |
| | اِذًا لَّفِيْ | اِ ذَل لَ فِيْ | تب یقیناً (ہوں گے) میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | ضَلٰلٍ | ضَ لَا لِنْ وْ | بڑی گمراہی | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت و گمراہی |
| | وَّسُعُرٍ ۝٢٤ | وَ سُ عُ رِ | اور دیوانگی (میں) | س ع ر | شان و شوکت، صبر و تحمّل، ذِکر و اذکار |
| ٢٥ | ءَاُلْقِيَ | ءَ اُلْ قِ يَ | کیا نازل کی گئی ہے | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | الذِّكْرُ | ذ ذِكْ رُ | وحی (ذِکر) | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا يْ هِ | اسی پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | مِنْۢ بَيْنِنَا | مِم بَا يْ نِ نَا | ہم سب کے درمیان سے؟ | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |

وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ۝٢٤ ءَاُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا

ہم فرمانبرداری کرنے لگیں؟ تب تو ہم یقیناً غلطی اور دیوانگی میں پڑے ہوئے ہوں گے ۝٢٤ کیا ہمارے سب کے درمیان صرف اسی پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَلْ | بَ لْ | (نہیں) بلکہ | | |
| | هُوَ | هُ وَ | وہ | | |
| | كَذَّابٌ | كَذ ذَا بُنْ | سخت جھوٹا | ك ذ ب | کِذب، تکذِیب، کاذِب، کَذّاب مُسیلمہ کَذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | اَشِرٌ ۲۵ | اَ شِ رٌ | خود پسند ہے/متکبر | ء ش ر | |
| ۲۶ | سَيَعْلَمُوْنَ | سَ يَ عْ لَ مُوْ نَ | عنقریب وہ جان لیں گے | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعلِّم، مَعلُوم، علّامہ |
| | غَدًا | غَ دَ | کل | | |
| | مَّنِ الْكَذَّابُ | م مَ نِلْ كَذ ذَا بُ | (کہ) کون ہے سخت جھوٹا | ك ذ ب | کِذب، تکذِیب، کاذِب، کَذّاب مُسیلمہ کَذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | الْاَشِرُ ۲۶ | لْ اَ شِ رُ | خود پسند؟/متکبر | ء ش ر | |
| ۲۷ | اِنَّا | اِن نَا | بلاشبہ ہم | | |
| | مُرْسِلُوا | مُ رْ سِ لُ | بھیجنے (چٹان سے نکالنے) والے ہیں | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَتِ مُحَمَّدِیَّہ |

بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ۲۵ سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ۲۶ اِنَّا مُرْسِلُوا

وحی اتاری گئی؟ نہیں بلکہ وہ جھوٹا شیخی خور ہے ۲۵ اب سب جان لیں گے کل کو کہ کون جھوٹا اور شیخی خور تھا؟ ۲۶ بیشک ہم ان کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | النَّاقَةِ | ن نَا قَ ةِ | اونٹنی | ن و ق | ناقۃُ اللہ، ناقہ رَسُول، ناقہ قَصویٰ |
| | فِتْنَةً لَّهُمْ | فِتْ نَ تَ ل لَ هُمْ | ان کی آزمائش کے لئے | ف ت ن | فِتنَہ پَرور، شَدید فِتنَہ، فِتنَہ باز |
| | فَارْتَقِبْهُمْ | فَ رْ تَ قِبْ هُمْ | لہٰذا آپ ان کا انتظار کریں | ر ق ب | رَقابَت، رَقِیب، مُراقَبہ |
| | وَاصْطَبِرْ ۲۷ | وَ صْ طَ بِ رْ | اور صبر کریں | ص ب ر | صَبر، صَابر، صَبُور، صابرین |
| ۲۸ | وَنَبِّئْهُمْ | وَ نَبْ بِ x هُمْ | اور انہیں خبر دیں | ن ب ء | نَبی، اَنبِیاء، خَتمِ نُبُوت، اَنباء (سعودی چینل) |
| | اَنَّ | اَن نَ | کہ بے شک | | |
| | الْمَآءَ | لْ مَا...ءَ | پانی | م و ہ | مَاءِ زَمزَم، مَاءِ شِیرِیں، مَاءِ بَارِد |
| | قِسْمَةٌ | قِسْ مَ تُ مْ | تقسیم ہوگا | ق س م | قِسمَت، تَقسِیم، اَقسام، قَسَم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿٢٧﴾ وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ

آزمائش کے لئے اونٹنی بھیجیں گے، پس (اے صالح) تو ان کا منتظر رہ اور صبر کر ﴿٢٧﴾ ہاں! انہیں خبر کر دے کہ پانی ان میں تقسیم شدہ ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَيْنَهُمْ ج | بَ اَئْ نَ ہُمْ | ان کے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | كُلُّ | کُل لُ | ہر ایک (کے) | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شِرْبٍ | شِ رْ بِ | پانی کی باری | ش ر ب | شَربت، مَشرُوب، شَراب |
| | مُّحْتَضَرٌ ﴿٢٨﴾ | م مُ حْ تَ ضَ رْ | (اسے) حاضر کی جائے گی | ح ض ر | حاضِری، حاضِر وناظِر، حاضِرِ خِدمت |
| ٢٩ | فَنَادَوْا | فَ نَا دَا وْ | پھر انہوں نے پکارا | ن د و | نِدا آئی، مُنادی کرنا، نِدائے مِلّت |
| | صَاحِبَهُمْ | صَا حِ بَ ہُمْ | اپنے ساتھی کو | ص ح ب | صَحابی، صَحابہ، اَصحابِ بدر، صاحِب |
| | فَتَعَاطٰى | فَ تَ عَا طَا | تو اس نے پکڑا | ع ط ی | عَطا کرنا، مُعطی، عَطایا |
| | فَعَقَرَ ﴿٢٩﴾ | فَ عَ قَ رْ | اور کونچیں کاٹ ڈالیں (اونٹنی کی) | ع ق ر | |

بَيْنَهُمْ ج كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿٢٨﴾ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ﴿٢٩﴾

ہر ایک اپنی باری پر حاضر ہوگا ﴿٢٨﴾ انہوں نے اپنے ساتھی کو آواز دی جس نے (اونٹنی پر) وار کیا اور (اس کی) کونچیں کاٹ دیں ﴿٢٩﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٣٠ | فَكَيْفَ | فَ کَا ئِ فَ | پھر کیسا | ك ی ف | کیفیّت، بہرکیف، کیف حالُک |
| | كَانَ | کَ ا نَ | تھا | ك و ن | |
| | عَذَابِیْ | عَ ذَا بِیْ | میرا عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم عَذابِ آخرت |
| | وَنُذُرِ ﴿٣٠﴾ | وَ نُ ذُ رْ | اور میرا ڈراوا؟ | ن ذ ر | نَذِیر و بَشِیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ٣١ | اِنَّآ | اِن نَا.. | بلاشبہ | | |
| | اَرْسَلْنَا | اَ رْ سَلْ نَا | ہم نے بھیجی | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسالتِ مُحمّدِیّہ |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | صَيْحَةً | صَا ئِ حَ تَا ؤں | چیخ | ص ی ح | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّاحِدَةً | وَاحِ دَتَنۡ | ایک ہی | و ح د | وَاحِد، وَحدَانیت، توحِید، مُوَحِّد |
| | فَكَانُوۡا | فَ کَا نُوۡ | تو وہ ہو گئے (ایسے) | ك و ن | |

فَكَيۡفَ كَانَ عَذَابِىۡ وَ نُذُرِ ﴿۳۰﴾ اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ صَيۡحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوۡا

پس کیوں کر ہوا میرا عذاب اور میرا ڈرانا﴿۳۰﴾ ہم نے ان پر ایک چیخ بھیجی پس ایسے ہو گئے جیسے باڑ بنانے والے کی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَهَشِيۡمِ | کَ ہَ شِیۡ مِ | جیسے روندی ہوئی باڑ | ہ ش م | اِبۡنِ ہِشَام، اَبُوۡ ہِشَام، ہَاشِمۡ (نام) |
| | الۡمُحۡتَظِرِ ﴿۳۱﴾ | لۡ مُ حۡ تَ ظِ رۡ | باڑ لگانے والے کی | ح ظ ر | |
| ۳۲ | وَ لَقَدۡ | وَلَ قَ دۡ | اور بلا شبہ یقیناً | | لَیل و نَہار، رَحِیم و کَرِیم، رَنج و اَلَم |
| | يَسَّرۡنَا | یَس سَ رۡ نَ | ہم نے آسان کیا ہے | ی س ر | یُسر، مَیسِر، اَیسرُ القرآن، تَیسِیرُ القرآن |
| | الۡقُرۡاٰنَ | لۡ قُ رۡ آ نَ | قرآن کو | ق ر ء | قُرآن عَظِیم، قِرأت، قَارِی |
| | لِلذِّكۡرِ | لِذ ذِ کۡ رِ | نصیحت کے لئے | ذ ك ر | تذکیر و نصیحت، ذِکر و اذکار، ذَاکِر |
| | فَهَلۡ | فَ ہَ لۡ | تو کیا ہے | | |
| | مِنۡ مُّدَّكِرٍ ﴿۳۲﴾ | مِم مُ د دَ کِ رۡ | کوئی نصیحت پکڑنے والا؟ | ذ ك ر | تذکیر و نصیحت، ذِکر و اذکار، ذَاکِر |

كَهَشِيۡمِ الۡمُحۡتَظِرِ ﴿۳۱﴾ وَ لَقَدۡ يَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّكۡرِ فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّكِرٍ ﴿۳۲﴾

روندی ہوئی گھاس ﴿۳۱﴾ اور ہم نے نصیحت کے لئے قرآن کو آسان کر دیا ہے پس کیا ہے کوئی جو نصیحت قبول کرے ﴿۳۲﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۳ | كَذَّبَتۡ | کَذ ذَ بَتۡ | جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذِیب، کَاذِب، کَذَّاب، مُسَیلِمَہ کَذَّاب (نُبُوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | قَوۡمُ | قَا وۡ مُ | قوم | ق و م | قَوم، اَقوَام، مُسلِم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | لُوۡطٍۭ | لُوۡ طِ مۡ | لُوط نے | | حضرت لوط علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | بِالنُّذُرِ ﴿۳۳﴾ | بِن نُ ذُ رۡ | ڈرانے والوں کو | ن ذ ر | نَذِیر و بَشِیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ۳۴ | اِنَّاۤ | اِن نَا.. | بلا شبہ | | |
| | اَرۡسَلۡنَا | اَرۡ سَلۡ نَا | ہم نے بھیجی | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَتِ مُحَمَّدِیَّہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | حَاصِبًا | حَا صِ بَنْ | پتھر برسانے والی ہوا | ح ص ب | |
| | اِلَّآ | اِل لَا .. | سوائے | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | اٰلَ | آ لَ | آلِ | | آلِ بَنِی ہَاشِم، آلِ مُحَمَّدؐ، آلِ فَاطِمَہ |
| | لُوْطٍ ؕ | لُو طْ | لُوط کے | | حضرت لوط علیہ السلام (نبی کا نام) |

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍۭ بِالنُّذُرِ ﴿۳۳﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ

قوم لوط نے بھی ڈرانے والوں کی تکذیب کی ﴿۳۳﴾ بیشک ہم نے ان پر پتھر برسانے والی ہوا بھیجی سوائے لوط (علیہ السلام) کے گھر والوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَجَّيْنٰهُمْ | نَ ج جَا ئِ نَا ہُمْ | ہم نے انہیں نجات دی | ن ج و | نَجات، فرقہ ناجیہ، ناجیہ (نام) |
| | بِسَحَرٍ ۙ﴿۳۴﴾ | بِ سَ حَ رْ | سحر کے وقت | س ح ر | سَحَری کے اَوقات، سَحَر و اِفطَار |
| ۳۵ | نِّعْمَةً | نِ عْ مَ ةً | فضل کرتے ہوئے | ن ع م | نِعمت، اِنعام، مُنعِم، نَعِیم (نام) |
| | مِّنْ عِنْدِنَا ؕ | م مِنْ عِنْ دِ نَا | اپنے پاس سے | ع ن د | عِندَ اللہ ماجُور ہوں، عِندَ الطَّلَب |
| | كَذٰلِكَ | کَ ذَا لِ کَ | اسی طرح | | |
| | نَجْزِيْ | نَ جْ زِیْ | ہم جزا دیتے ہیں | ج ز ی | جَزَا و سَزَا، جَزَائے خَیر جَزَاکَ اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | مَنْ شَكَرَ ﴿۳۵﴾ | مَنْ شَ کَ رَ | اسے جو شکر کرے | ش ك ر | شُکر، شُکریہ، شُکر گزار، مَشکُور |

نَّجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ۙ﴿۳۴﴾ نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ شَكَرَ ﴿۳۵﴾

کے، انہیں ہم نے سحر کے وقت نجات دے دی ﴿۳۴﴾ اپنے احسان سے ہر ایک شکر گزار کو ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ﴿۳۵﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۶ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | شان و شوکت، صبر و تحمل، ذکر و اذکار |
| | اَنْذَرَهُمْ | اَنْ ذَ رَ ہُمْ | اس (لُوط) نے انہیں ڈرایا تھا | ن ذ ر | نَذِیر و بَشِیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| | بَطْشَتَنَا | بَ طْ شَ تَ نَا | ہماری پکڑ سے | ب ط ش | بَطشِ شَدِید (سخت پکڑ) |
| | فَتَمَارَوْا | فَ تَ مَا رَ وْ | تو انہوں نے شک کیا | م ر ی | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِالنُّذُرِ ٣٦ | بِن نُ ذُ رِ | ڈراوے میں | ن ذ ر | نَذِیر و بَشِیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ٣٧ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | شَان وشوکت، صَبر وتَحَمُّل، کَون ومَکان |
| | رَاوَدُوْهُ | رَا وَ دُوْ هُ | انہوں نے اس (لُوط) سے مطالبہ کیا | ر و د | |
| | عَنْ ضَيْفِهٖ | عَنْ ضَا ئِ فِ هِیْ | اس کے مہمانوں کا | ض ی ف | ضَیف (مہمان)، ضِیافت، دَارُالضِیافت |

وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ٣٦ وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ

یقیناً (لوط علیہ السلام) نے انہیں ہماری پکڑ سے ڈرایا تھا لیکن انہوں نے ڈرانے والوں کے بارے میں جھگڑا کیا ٣٦ اور ان (لوط علیہ السلام) کو انکے مہمانوں کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَطَمَسْنَآ | فَ طَ مَسْ نَا.. | تو ہم نے مٹا دیں | ط م س | |
| | اَعْيُنَهُمْ | اَ عْ یُ نَ هُمْ | ان کی آنکھیں | ع ی ن | عُیُون، اَعیُن، عَین (آنکھ) قُرَّةُ العَین (آنکھوں کی ٹھنڈک) |
| | فَذُوْقُوْا | فَ ذُ وْ قُوْ | سو تم چکھو | ذ و ق | ذَوق وشَوق، ذَائِقَةُ المَوت، خُوش ذَائِقَہ |
| | عَذَابِیْ | عَ ذَ ا بِیْ | میرا عذاب | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہنَّم عَذَابِ آخرت |
| | وَنُذُرِ ٣٧ | وَ نُ ذُ رِ | اور میرا ڈراوا | ن ذ ر | نَذِیر و بَشِیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ٣٨ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | شَان وشوکت، صَبر وتَحَمُّل، ذِکر واذکار |
| | صَبَّحَهُمْ | صَب بَ حَ هُمْ | انہیں ہلاک کر دیا | ص ب ح | |
| | بُكْرَةً | بُ کْ رَ تَنْ | صبح کے وقت | ب ك ر | بُکرہ (صبح کے وقت کو کہتے ہیں) |
| | عَذَابٌ | عَ ذَ ا بُ | عذاب نے | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہنَّم عَذَابِ آخرت |

فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا عَذَابِیْ وَنُذُرِ ٣٧ وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ

بارے میں پھسلایا پس ہم نے انکی آنکھیں اندھی کر دیں میرا عذاب اور میرا ڈرانا چکھو ٣٧ اور یقینی بات ہے کہ انہیں صبح سویرے ہی ایک جگہ پکڑنے والے مقررہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُّسْتَقِرٌّ ج ٣٨ | م مُسْ تَ قِرْ رُ | ہمیشہ کے (ایک جگہ پکڑنے والے مقررہ) | ق ر ر | اِستقرارِ حَمل، قَرار گاہ، جَائے قَرار |
| ٣٩ | فَذُوْقُوْا | فَ ذُ وْ قُوْ | سو تم چکھو | ذ و ق | ذَوق وشَوق، ذَائِقَةُ المَوت، خُوش ذَائِقَہ |
| | عَذَابِیْ | عَ ذَ ا بِیْ | میرا عذاب | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہنَّم عَذَابِ آخرت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَنُذُرِ ﴿۳۹﴾ | وَنُ ذُ رِ | اور میرا ڈراوا | ن ذ ر | نَذِیر و بَشِیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ۴۰ | وَلَقَدْ | وَلَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | شان وشوکت، صبر وتحمُّل، کون ومکان |
| | يَسَّرْنَا | یَس سَ رْ نَا | ہم نے آسان کیا ہے | ی س ر | یُسر، مُیَسِّر، اَیسرُ القرآن تَیسِیرُ القرآن |
| | الْقُرْاٰنَ | لْ قُ رْ آ نَ | قرآن کو | ق ر ء | قُرآن عَظِیم، قِراَت، قاری |
| | لِلذِّكْرِ | لِذ ذِکْ رِ | نصیحت کے لئے | ذ ك ر | تذکیر ونصیحت، ذِکر واذکار، ذاکر |
| | فَهَلْ | فَ ہَلْ | تو کیا ہے | | |

مُّسْتَقِرٌّ ج ﴿۳۸﴾ فَذُوقُوا عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿۳۹﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ

عذاب نے غارت کر دیا ﴿۳۸﴾ پس میرے عذاب اور میرے ڈراوے کا مزہ چکھو ﴿۳۹﴾ اور یقیناً ہم نے قرآن کو پند ونصیحت کیلئے آسان کر دیا ہے، پس کیا کوئی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ مُّدَّكِرٍ ع ﴿۴۰﴾ | مِم مُ دْ دَ کِ رْ | کوئی نصیحت پکڑنے والا؟ | ذ ك ر | تذکیر ونصیحت، ذِکر واذکار، ذاکر |
| ۴۱ | وَلَقَدْ | وَلَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | شان وشوکت، صبر وتحمُّل، ذِکر واذکار |
| | جَآءَ | جَا...ءَ | آئے تھے | ج ء ی | |
| | اٰلَ فِرْعَوْنَ | آلَ فِ رْ عَا وْ نَ | آلِ فرعون کے پاس (بھی) | | فرعون کی آل اولاد |
| | النُّذُرُ ج ﴿۴۱﴾ | ن نُ ذُ رُ | ڈرانے والے | ن ذ ر | نَذِیر و بَشِیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ۴۲ | كَذَّبُوْا | کَذ ذَ بُو | انہوں نے جھٹلائیں | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب مُسیلمہ کَذّاب (نبُوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | جَعَلْنٰهَا | جَ عَلْ نَا ہَا | اسے بنایا ہے | ج ع ل | جعلی، جَعل سازی، جعلی نوٹ، جعلی مُقابلہ، جعلی کاغذات |
| | تَذْكِرَةً | تَ ذْ کِ رَ تَا ؤں | عظیم نصیحت | ذ ك ر | تذکیر و نصیحت، ذِکر و اذکار، ذاکر |
| | وَّمَتَاعًا | وَ مَ تَا عَ | اور فائدے کا سامان | م ت ع | مَتاعِ کارواں، مَتاعِ عزیز، تمتُّع (فائدہ اٹھانا)، حجِّ تمتُّع |
| | لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿٧٣﴾ | ل لِلْ مُقْ وِ یْ ن | مسافروں کے لئے | ق و ی | |
| ٧٤ | فَسَبِّحْ | فَ سَب بِ حْ | لہٰذا آپ تسبیح کیجئے: | س ب ح | سُبحانَ اللہ، تسبیحات، تسبیح و تحمید |
| | بِاسْمِ | بِسْ مِ | نام کی | س م و | وَجہِ تسمیہ، اِسمِ بامُسمّٰی، مُسمّاۃ، اِسمِ گرامی |
| | رَبِّكَ | رَب بِ کَ | اپنے ربّ کے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾ | لْ عَ ظِیْ مِ | جو نہایت عظمت والا ہے | ع ظ م | اجرِ عظیم، اَعظم، عظمت، وزارتِ عُظمیٰ |

جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿٧٣﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾ ع ٢ ٣٦ ١٥

سب نصیحت اور مسافروں کے فائدے کی چیز بنایا ہے ﴿٧٣﴾ پس اپنے بہت بڑے ربّ کے نام کی تسبیح کیا کرو ﴿٧٤﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٧٥ | فَلَآ اُقْسِمُ | فَ لَا... اُقْ سِ مُ | تو میں قسم کھاتا ہوں | ق س م | قَسم، اللہ کی قسم، خُدا کی قسم |
| | بِمَوٰقِعِ | بِ مَ وَا قِ عِ | جگہوں کی | و ق ع | واقع ہونا، وُقوع پذیر، وُقوعہ |
| | النُّجُوْمِ ﴿٧٥﴾ | ن نُ جُوْ مِ | ستاروں کے گرنے کی | ن ج م | نجم، علمِ نُجوم (ستارے)، انجم |
| ٧٦ | وَاِنَّهٗ | وَ اِن نَ ہُوْ | اور بلاشبہ یہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَقَسَمٌ | لَ قَ سَ مُ | یقیناً قسم ہے | ق س م | قسم، اللہ کی قسم، خُدا کی قسم |
| | لَّوْ | ل لَا ءْ | اگر | | |
| | تَعْلَمُوْنَ | تَ عْ لَ مُوْ نَ | تمھیں علم ہو | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، علّامہ |
| | عَظِيْمٌ ۙ ۝٧٦ | عَ ظِیْ م | بہت بڑی (قسم) | ع ظ م | اجرِ عَظیم، اعظم، عَظمت، وزارتِ عُظمیٰ |
| ٧٧ | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | کہ بلاشبہ یہ | | |

فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۙ ۝٧٥ وَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ۙ ۝٧٦ اِنَّهٗ

پس میں قسم کھاتا ہوں ستاروں کے گرنے کی ۝٧٥ اور اگر تمہیں علم ہو تو یہ بہت بڑی قسم ہے ۝٧٦ کہ بیشک یہ قرآن

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَقُرْاٰنٌ | لَ قُ رْ آ نُن | یقیناً قرآن ہے | ق ر ء | قُرآنِ عَظیم، قِرأت، قاری |
| | كَرِيْمٌ ۙ ۝٧٧ | کَ رِیْ م | نہایت معزز | ک ر م | کَریم، اَکرم، مُکرّم، تکریم |
| ٧٨ | فِيْ كِتٰبٍ | فِیْ کِ تَا بِ | ایک کتاب میں | ک ت ب | کِتابِ حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |
| | مَّكْنُوْنٍ ۙ ۝٧٨ | م مَ کْ نُوْ ن | محفوظ (لوحِ محفوظ) | ک ن ن | کِتَابِ مَکنُون (محفُوظ کتاب) |
| ٧٩ | لَّا يَمَسُّهٗٓ | لَا یَ مَس سُ ہُوْ.. | اسے ہاتھ نہیں لگاتے | م س س | مَس کرنا (چھونا)، مَساس کرنا |
| | اِلَّا | اِل لَ | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |
| | الْمُطَهَّرُوْنَ ۝٧٩ | لْ مُ طَ ہ ہَ رُوْ ن | پاک (فرشتے) ہی | ط ھ ر | طاہِر، طَہارت، مُطَہِّر، ازواجِ مُطہّرات |

لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ۙ ۝٧٧ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ۙ ۝٧٨ لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝٧٩

بہت بڑی عزت والا ہے ۝٧٧ جو ایک محفوظ کتاب میں درج ہے ۝٧٨ جسے صرف پاک لوگ ہی چھو سکتے ہیں ۝٧٩

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٠ | تَنْزِيْلٌ | تَ نْ زِیْ لُ | نازل کی ہوئی ہے | ن ز ل | نازِل، نُزُول قُرآن، نازِلہ |
| | مِّنْ رَّبِّ | م مِر رَب بِ | ربّ | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد ﷺ |
| | الْعٰلَمِيْنَ ۝٨٠ | لْ عَا لَ مِیْ ن | العالمین کی طرف سے | ع ل م | عالَمِ رنگ و بُو، عالَمِ اسلام، عالَمِ کُفر |
| ٨١ | اَفَبِهٰذَا | اَ فَ بِ ہَا ذَ | کیا پھر اس | | مَسْجِدِ ہٰذا، حامِلِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلْحَدِیْثِ | لْ حَ دِیْ ثِ | حدیث (قرآن) سے | ح د ث | حَدیث، تحدیثِ نعمت، مُحدّث |
| | اَنْتُمْ | اَنْ تُمْ | تم | | |
| | مُّدْهِنُوْنَ ﴿٨١﴾ | مُ دْ هِ نُوْ نَ | مُداہنت (بے توجہی) کرتے ہو؟ | د ھ ن | مُداہنت کرنا (توجہ نہ دینا) |

تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٠﴾ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿٨١﴾

یہ رب العالمین کی طرف سے اترا ہوا ہے ﴿٨٠﴾ پس کیا تم ایسی بات کو سرسری (اور معمولی) سمجھ رہے ہو؟ ﴿٨١﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٢ | وَتَجْعَلُوْنَ | وَ تَ جْ عَ لُوْ نَ | اور تم بناتے ہو | ج ع ل | جعلی، جعل سازی، جعلی نوٹ، جعلی مُقابلہ، جعلی کاغذات |
| | رِزْقَكُمْ | رِ زْ قَ كُ مْ | اپنا حصہ | ر ز ق | رزق، رازق، رزّاق، رزقِ حلال |
| | اَنَّكُمْ | اَن نَ كُ مْ | یہ کہ بے شک تم | | |
| | تُكَذِّبُوْنَ ﴿٨٢﴾ | تُ كَذْ ذِ بُوْ نَ | جھٹلاتے ہو | ك ذ ب | کذب، تکذیب، کاذب، کذّاب، مُسیلمہ کذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| ٨٣ | فَلَوْلَآ | فَ لَوْ لَا.. | پھر کیوں نہیں | | لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | اِذَا | اِ ذَا | جب | | |
| | بَلَغَتِ | بَ لَ غَ تِ | پہنچتی ہے (روح) | ب ل غ | بالغ، بُلوغت، ابلاغِ عامہ |
| | الْحُلْقُوْمَ ﴿٨٣﴾ | لْ حُ لْ قُوْ مَ | حلق تک | ح ل ق | حلق، حُلقوم، اقصیٰ حلق |

وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿٨٣﴾

اور اپنے حصے میں یہی لیتے ہو کہ جھٹلاتے پھرو ﴿٨٢﴾ پس جبکہ روح نرخرے تک پہنچ جائے ﴿٨٣﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٤ | وَاَنْتُمْ | وَ اَنْ تُمْ | اور تم | | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذکر واذکار |
| | حِيْنَئِذٍ | حِیْ نَ ءِ ذِنْ | اس وقت | | |
| | تَنْظُرُوْنَ ﴿٨٤﴾ | تَنْ ظُ رُوْ نَ | دیکھتے ہو | ن ظ ر | نظر، نظارہ، منظر، ناظرین |
| ٨٥ | وَنَحْنُ | وَ نَ حْ نُ | اور ہم | | عدل وانصاف، قول وقرار، مکر وفریب |
| | اَقْرَبُ | اَقْ رَ بُ | زیادہ قریب ہوتے ہیں | ق ر ب | قُرب، قریب، اقرب، قریبی عزیز واقارب |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَيْهِ | اِلَا ئِ ہِ | اس سے | | رُجوع اِلی اللہ، مُرسَل اِلیہ |
| | مِنْكُمْ | مِنْ کُ مْ | تمہاری نسبت | | مِن وعَن، مِن جُملہ، مِن حَیثُ القوم |
| | وَلٰكِنْ | وَ لَا کِ | اور لیکن | | لَیل ونَہار، رَحیم وکَریم، رَنج واَلَم |
| | لَّا تُبْصِرُوْنَ ۝٨٥ | ل لَا تُبْ صِ رُوْ ن | تم نہیں دیکھتے | ب ص ر | بَصارت، بَصیرت، اَبصار، سَمع وبَصر |

وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ۝٨٤ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ۝٨٥

اور تم اس وقت آنکھوں سے دیکھتے رہو ۝٨٤ ہم اس شخص سے بہ نسبت تمہارے زیادہ قریب ہوتے ہیں لیکن تم نہیں دیکھ سکتے ۝٨٥

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٦ | فَلَوْلَآ | فَ لَا وْ لَا.. | پھر کیوں نہیں | | لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شَاءَ اللہ |
| | كُنْتُمْ | کُنْ تُمْ | تم ہو | ك و ن | |
| | غَيْرَ | غَا ئِ رَ | نہ | غ ی ر | غیرمُلکی، غیرمَشروط، غیرُاللہ |
| | مَدِيْنِيْنَ ۝٨٦ | مَ دِیْ نِیْ ن | بدلہ دیئے جانے والے | د ی ن | دَین، مَدیُون، تَدایُن، مَداینَت |
| ٨٧ | تَرْجِعُوْنَهَآ | تَ رْ جِ عُوْ نَ ہَا.. | تم اس (روح) کو پھیر لاتے | ر ج ع | رَجعت پسند، مَرجَعِ خَلائق، رُجوع |
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شَاءَ اللہ |
| | كُنْتُمْ | کُنْ تُمْ | تم ہو | ك و ن | |
| | صٰدِقِيْنَ ۝٨٧ | صَا دِ قِیْ ن | سچے؟ | ص د ق | صادِق، صَدیق، مُصَدِّق، صِدق |

فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ۝٨٦ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝٨٧

پس اگر تم کسی کے زیر فرمان نہیں ۝٨٦ اور اس قول میں سچے ہو تو (ذرا) اس روح کو تم لوٹاؤ ۝٨٧

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٨ | فَاَمَّآ | فَ اَم مَا.. | پھر لیکن | | |
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شَاءَ اللہ |
| | كَانَ | كَا نَ | وہ (مُردہ) ہوا | ك و ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٨٨﴾ | مِ نَلْ مُ قَ رْ رَ بِیْ ن | مقربین میں سے | ق ر ب | قُرب، قَرِیب، اَقرَب، قَرِیبی عَزِیز و اَقَارِب |
| ٨٩ | فَرَوْحٌ | فَ رَا وْ حُوْں | تو (اس کیلئے ہے) راحت | ر و ح | رَاحَتِ جَاں، رَاحَت و آرَام |
| | وَّ رَيْحَانٌ | وَ رَا ئِیْ حَا نُوْں | اور خوشبو | ر و ح | رَیحَان (خُوشبُو)، رَیحَان (نام) |
| | وَّ جَنَّتُ | وَ جَنْ نَ تُ | اور باغ | ج ن ن | جَنّتِ فِردوس، جنّتُ المُعَلّیٰ، جنّتُ البقیع |
| | نَعِيْمٍ ﴿٨٩﴾ | نَ عِیْ م | نعمتوں والا | ن ع م | نِعمت، اِنعام، مُنعِم، نَعِیم (نام) |
| ٩٠ | وَ اَمَّآ | وَ اَمْ مَا.. | اور لیکن | | شِیر و شَکَّر، شَب و روز، اُمید و رَجَا |

فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٨٨﴾ فَرَوْحٌ وَّ رَيْحَانٌ ۙ وَّ جَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿٨٩﴾ وَ اَمَّآ

پس جو کوئی بارگاہِ الٰہی سے قریب کیا ہوا ہوگا﴿٨٨﴾ اسے تو راحت ہے اور غذائیں ہیں اور آرام والی جنت ہے﴿٨٩﴾ اور جو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شَاءَ اللّٰہ |
| | كَانَ | كَا نَ | وہ ہوا | ك و ن | |
| | مِنْ اَصْحٰبِ | مِنْ اَصْ حَا بِ | میں سے | ص ح ب | صَحَابِی، صَحَابَہ، اَصحَابِ بَدر، صَاحِب |
| | الْيَمِيْنِ ﴿٩٠﴾ | لْ یَ مِیْ ن | | ی م ن | یَمِین و یَسَار، یُمنیٰ یُسریٰ، اُمّ اَیمَن |
| ٩١ | فَسَلٰمٌ | فَ سَ لَا مُ | تو (کہا جائے گا:) سلامتی ہے | س ل م | سَلَام، سَلَامَتی، سَلَامَت رَہو |
| | لَّكَ | لَ لَ كَ | تیرے لئے | | |
| | مِنْ اَصْحٰبِ | مِنْ اَصْ حَا بِ | (تو یقیناً) اَصحاب میں سے ہے | ص ح ب | صَحَابِی، صَحَابَہ، اَصحَابِ بَدر، صَاحِب |
| | الْيَمِيْنِ ﴿٩١﴾ | لْ یَ مِیْ ن | دائیں ہاتھ والے | ی م ن | یَمِین و یَسَار، یُمنیٰ یُسریٰ، اُمّ اَیمَن |
| ٩٢ | وَ اَمَّآ | وَ اَمْ مَا.. | اور لیکن | | شَان و شَوکَت، صَبر و تَحَمُّل، ذِکر و اَذکَار |

اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩٠﴾ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩١﴾ وَ اَمَّآ

شخص داہنے (ہاتھ) والوں میں سے ہے﴿٩٠﴾ تو بھی سلامتی ہے تیرے لئے کہ تو داہنے (ہاتھ) والوں میں سے ہے﴿٩١﴾ لیکن اگر کوئی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شَاءَ اللّٰہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَانَ | کَا نَ | وہ ہوا | ك و ن | |
| | مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ | مِ نَلْ مُ كَذْ ذِ بِیْ نَ | جھٹلانے والے | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب مُسیلمہ کَذّاب (نُبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | الضَّآلِّيْنَ ۙ﴿۹۲﴾ | ض ضَا... ل لِیْ ن | گمراہوں میں سے | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت وگُمراہی |
| ۹۳ | فَنُزُلٌ | فَ نُ زُ لُ | تو (اس کی) مہمانی ہوگی | ن ز ل | نازِل، نُزُول، نازِلہ، مَنازِل |
| | مِّنْ حَمِيْمٍ ۙ﴿۹۳﴾ | م مِنْ حَ مِیْ م | گرم کھولتے پانی سے | ح م م | مَاءِ حَمِیم (کھولتا پانی) |
| ۹۴ | وَّتَصْلِيَةُ | وَ تَصْ لِ یَ ةُ | اور داخل کرنا ہے | ص ل ی | سیر وسیاحت، علم وحکمت، شب وروز |

اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ۙ﴿۹۲﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ۙ﴿۹۳﴾ وَّتَصْلِيَةُ

جھٹلانے والوں گمراہوں میں سے ہے ﴿۹۲﴾ تو کھولتے ہوئے گرم پانی کی مہمانی ہے ﴿۹۳﴾ اور دوزخ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جَحِيْمٍ ﴿۹۴﴾ | جَ حِیْ م | جہنم میں | ج ح م | جَحیم (جہنم کا نام ہے) |
| ۹۵ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ (مذکور) | | مَسجِد ہٰذا، حامِل رُقعہ ہٰذا، لہٰذا |
| | لَهُوَ | لَ هُ وَ | یقیناً | | |
| | حَقُّ | حَق قُ | حق ہے | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |
| | الْيَقِيْنِ ۚ﴿۹۵﴾ | لْ یَ قِیْ ن | یقینی | ی ق ن | یقین، یقینی علم، یقینی صورت حال |
| ۹۶ | فَسَبِّحْ | فَ سَب بِ حْ | لہٰذا آپ تسبیح کیجئے | س ب ح | سُبحانَ اللہ، تسبیحات، تسبیح وتحمید |
| | بِاسْمِ | بِس مِ | نام کی | س م و | وَجہ تسمیہ، اِسمِ بامُسمّٰی، مُسمّاۃ، اِسمِ گرامی |
| | رَبِّكَ | رَب بِ كَ | اپنے رب کے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وسلم |
| | الْعَظِيْمِ ۧ﴿۹۶﴾ | لْ عَ ظِیْ م | جو نہایت عظمت والا ہے | ع ظ م | اَجرِ عظیم، اَعظم، عَظمت، وَزارتِ عُظمیٰ |

جَحِيْمٍ ﴿۹۴﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ۚ﴿۹۵﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۧ﴿۹۶﴾ ع

میں جانا ہے ﴿۹۴﴾ یہ خبر سراسر حق اور قطعاً یقینی ہے ﴿۹۵﴾ پس تو اپنے عظیم الشان پروردگار کی تسبیح کر ﴿۹۶﴾

## اٰیَاتُھَا ۲۹ (۵۷) سُوْرَۃُ الْحَدِیْدِ مَدَنِیَّۃٌ (۹۴) رُکُوْعَاتُھَا ۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | سَبَّحَ | سَ ب بَ حَ | تسبیح کرتی ہے | س ب ح | سُبحَانَ اللہ، تَسْبِیحَات، تَسْبِیْح وتَحْمِید |
| | لِلّٰہِ | لِل لَاہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | مَا | مَا | جو چیز بھی ہے | | مَا حَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجرَہ |
| | فِی السَّمٰوٰتِ | فِس سَ مَا وَا تِ | آسمانوں میں | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضِ ج | وَلْ اَ رْض | اورزمین (میں) | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَرَاضِی، کُرۂ اَرض |
| | وَھُوَ | وَ ہُ وَ | اور وہ | | شَان وشوکت، صَبرو تَحَمُّل، ذِکرواذکار |
| | الْعَزِیْزُ | لْ عَ زِ یْ زُ | نہایت غالب ہے | ع ز ز | اَلعَزِیز (غَالِب، اللہ کا صَفاتی نام)، عَزِیزِ مصر، مُعَزَّز، مُعَزَّزَات |
| | الْحَکِیْمُ ① | لْ حَ کِ یْ م | خوب حکمت والا ہے | ح ك م | حُکَّام، مَحکمۂ عَدل، حَاکم، حَکَم، تَحَکُّم |
| ۲ | لَہٗ | لَ ہُوْ | اسی کے لئے ہے | | |
| | مُلْكُ | مُ لْ كُ | بادشاہی | م ل ك | مَلِک فَہد، مَلِک مُحَمَّد بن سَلمَان |

سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ج وَ ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ① لَہٗ مُلْكُ

آسمانوں اور زمین میں جو ہے (سب) اللہ تعالیٰ کی تسبیح کر رہے ہیں، وہ زبردست باحکمت ہے ① آسمانوں اور زمین کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کی | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضِ ج | وَلْ اَ رْض | اورزمین (کی) | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَرَاضِی، کُرۂ اَرض |
| | یُحْیٖ | یُ حْ یِیْ | وہی زندہ کرتا ہے | ح ی ی | حَیَاتِ جَاوِدَانی، حَیّ قَیُّوم، حَیَاتِ طَیِّبَہ، جنگلی حَیَات |
| | وَیُمِیْتُ ج | وَ یُ مِیْ تُ | اور وہی مارتا ہے | م و ت | مَوت وحَیَات، مَرَضُ المَوت |
| | وَھُوَ | وَ ہُ وَ | اور وہ | | لَیل ونَہار، رَحِیم وکَرِیم، رَنج واَلَم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰى كُلِّ | عَ لَا کُل لِ | پر ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شَیْءٍ | شَا ئِ ءِ نْ | چیز | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ شئے، اَشیائے خورد و نوش |
| | قَدِیْرٌ ② | قَ دِیْ ر | خوب قادر ہے | ق د ر | قادِر، قُدرت، مُقتدر، قدِیر |
| ٣ | هُوَ الْاَوَّلُ | هُ وَلْ اَو وَ لُ | وہی ہے اوّل | ء و ل | اَوّل، اُولیٰ، اَوائل، اَوّل و آخر |

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ② هُوَ الْاَوَّلُ

بادشاہت اسی کی ہے، وہی زندگی دیتا ہے اور موت بھی اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ② وہی پہلے ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْاٰخِرُ | وَلْ آ خِ رُ | اور آخر | ء خ ر | آخرت، اَخیر، آخر، اُخروی زندگی |
| | وَالظَّاهِرُ | وَظْ ظَا هِ رُ | اور ظاہر | ظ ه ر | ظاہر و باطن، مَظہر، اِظہارِ حق |
| | وَالْبَاطِنُ ۚ | وَلْ بَا طِ نُ | اور باطن (اس کی حقیقت کوئی پا نہیں سکتا) | ب ط ن | بَطنِ مادر، باطنی طور پر، باطن |
| | وَهُوَ | وَ هُ وَ | اور وہی | | شان و شوکت، صبر و تحمّل، ذکر و اذکار |
| | بِكُلِّ | بِ کُل لِ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شَیْءٍ | شَا ئِ ءِ نْ | چیز کو | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ شئے، اَشیائے خورد و نوش |
| | عَلِیْمٌ ③ | عَ لِیْ م | خوب جاننے والا ہے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علّامہ |
| ٤ | هُوَ الَّذِیْ | هُ وَ لْ لَ ذِیْ | وہی ہے جس نے | | |
| | خَلَقَ | خَ لَ قَ | پیدا کیا | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |

وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ③ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ

اور وہی پیچھے، وہی ظاہر ہے اور وہی مخفی، اور وہ ہر چیز کو بخوبی جاننے والا ہے ③ وہی ہے جس نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کو | س م و | سَماوی کُتُب، اَرض و سَماء |
| | وَالْاَرْضَ | وَلْ اَرْ ضَ | اور زمین کو | ء ر ض | اَرض و سَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | فِیْ سِتَّةِ | فِیْ سِت تَ ةِ | میں چھ | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَيَّامٍ | آ ی یَا مِنْ | دونوں | ی و م | یَوم قائد، یَومِ اِقبال، یَومِ عید |
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اسْتَوٰی | سْ تَ وَا | وہ مستوی (بلند) ہو گیا | س و ی | خطِ اِستِوَاء، مُستَوِی ہونا |
| | عَلَى الْعَرْشِ ط | عَ لَلْ عَ رْش | عرش پر | ع ر ش | عَرشِ الٰہی، عَرشِ مُعَلّٰی، عَرشِ بَرِیں |
| | يَعْلَمُ | یَ عْ لَ مُ | وہ جانتا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، علاّمہ |
| | مَا | مَا | جو چیز | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | يَلِجُ | یَ لِ جُ | داخل ہوتی ہے | و ل ج | وُلُوج (داخل ہونا) |

اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ط يَعْلَمُ مَا يَلِجُ

آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر مستوی ہو گیا، وہ (خوب) جانتا ہے اس چیز کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَ رْض | زمین میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرہِ اَرض |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو | | سَیر وسَیاحَت، عِلم وحِکمت، شَب وروز، مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | يَخْرُجُ | یَ خْ رُ جُ | نکلتی ہے | خ ر ج | خارِج، وَزارتِ خارِجہ، مَخرَج، خُرُوج |
| | مِنْهَا | مِنْ هَا | اس سے | | مِن وعَن، مِن جُملہ، مِن حَیثُ القَوم |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو چیز | | سَیر وسَیاحَت، عِلم وحِکمت، شَب وروز، مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | يَنْزِلُ | یَ نْ زِ لُ | اُترتی ہے | ن ز ل | نَازِل، نُزُول، نَازِلہ، مَنَازِل |
| | مِنَ السَّمَآءِ | مِ نَسْ سَ مَا...ءِ | آسمان سے | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو | | سَیر وسَیاحَت، عِلم وحِکمت، شَب وروز، مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | يَعْرُجُ | یَ عْ رُ جُ | چڑھتی ہے | ع ر ج | عُرُوجِ خَاکی، مِعرَاجُ النَّبی ﷺ |
| | فِيْهَا ط | فِیْ هَا | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | وَهُوَ | وَ هُ وَ | اور وہ | | سَحَر وافطار، نَماز وروزہ، صُبح وشام |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ؕ وَهُوَ

جو زمین سے جائے اور جو اس سے نکلے اور جو آسمان سے نیچے آئے اور جو کچھ چڑھ کر اس میں جائے، اور جہاں کہیں تم ہو وہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَعَكُمْ | مَ عَ كُ مْ | تمہارے ساتھ ہے | | مَعَ اَہل وعیَال، مَعِیَّت |
| | اَيْنَ مَا | آ ئِ نَ مَا | جہاں کہیں بھی | | |
| | كُنْتُمْ ؕ | كُنْ تُمْ | تم ہو | ك و ن | |
| | وَاللّٰهُ | وَلْ لَا هُ | اور اللہ | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِیْن |
| | بِمَا | بِ مَا | اس کو جو | | مَا حَول، مَا فَوقُ الفِطرَت، مَاجرَہ |
| | تَعْمَلُوْنَ | تَ عْ مَ لُوْ نَ | تم عمل کرتے ہو | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| | بَصِيْرٌ ④ | بَ صِیْ رْ | خوب دیکھنے والا ہے | ب ص ر | بصارت، بَصِیرت، اَبصار، سَمع وبَصر |
| ٥ | لَهٗ | لَ هُوْ | اسی کے لئے ہے | | |
| | مُلْكُ | مُلْ كُ | بادشاہی | م ل ك | مَلک فَہد، مَلک مُحمَّد بن سَلمَان |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کی | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |

مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ④ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

تمہارے ساتھ ہے اور جو تم کر رہے ہو اللہ تعالیٰ دیکھ رہا ہے ④ آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہی اسی کی ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْاَرْضِ ؕ | وَلْ اَرْض | اور زمین کی | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَرَاضی، کُرۂ اَرض |
| | وَاِلَى اللّٰهِ | وَ اِلَلْ لَا هِ | اور اللہ ہی کی طرف | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِیْن |
| | تُرْجَعُ | تُ رْ جَ عُ | لوٹائے جاتے ہیں | ر ج ع | رَاجِع، مَرجَع، رُجُوع کرنا (باربار پلٹنا) |
| | الْاُمُوْرُ ⑤ | لْ اُ مُوْ رْ | تمام اُمور | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| ٦ | يُوْلِجُ | يُوْ لِ جُ | وہ داخل کرتا ہے | و ل ج | وُلُوج (داخل ہونا) |
| | الَّيْلَ | ل لَا ئِ لَ | رات کو | ل ی ل | لَیل ونَہار، لَیلَۃُ الجُمُعَۃ، لَیلَۃُ المُبَارکہ، لَیلَۃُ القدر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي النَّهَارِ | فِن نَ ہَا رِ | دن میں | ن ھ ر | لَیل ونَہار، نَہار مُنہ، نَہاری |
| | وَيُوْلِجُ | وَ یُوْ لِ جُ | اور داخل کرتا ہے | و ل ج | وُلُوج (داخل ہونا) |

وَ الْاَرْضِ ؕ وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ⑤ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ يُوْلِجُ

اور تمام کام اسی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں ⑤ وہی رات کو دن میں لے جاتا ہے اور وہی دن کو رات میں داخل

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | النَّهَارَ | ن نَ ہَا رَ | دن کو | ن ھ ر | لَیل ونَہار، نَہار مُنہ، نَہاری |
| | فِي الَّيْلِ ؕ | فِل لَا ئِ ل | رات میں | ل ی ل | لَیل ونَہار، لَیلَۃُ الجُمُعَۃ، لَیلَۃُ المُبارکہ، لَیلَۃُ القدر |
| | وَهُوَ | وَ ہُ وَ | اور وہ | | لَیل ونَہار، رَحِیم وکَرِیم، رَنج واَلَم |
| | عَلِيْمٌۢ | عَ لِیْ مُ مْ | خُوب جاننے | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | بِذَاتِ | بِ ذَا تِ | والا ہے | | ذَاتِ اِلٰہی، ذَاتِ خُداوندی |
| | الصُّدُوْرِ ⑥ | ص صُ دُوْ رِ | (بھید) سینوں کے | ص د ر | صَدْر، صُدُور، شَرحِ صَدْر |
| 7 | اٰمِنُوْا | آ مِ نُوْ | تم ایمان لاؤ | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمِن، اِیمان |
| | بِاللّٰهِ | بِل لَا ہِ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | وَ رَسُوْلِهٖ | وَ رَ سُوْ لِ ہِیْ | اور اس کے رسول (پر) | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَتِ مُحَمَّدِیَّہ |

النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ؕ وَهُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ⑥ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ

کر دیتا ہے اور سینوں کے بھیدوں کا وہ پورا عالم ہے ⑥ اللہ تعالیٰ پر اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایمان لے آؤ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَ اَنْفِقُوْا | وَ اَنْ فِ قُوْ | اور خرچ کرو | ن ف ق | اِنفاق فِی سَبِیلِ اللہ، نان ونَفقَہ |
| | مِمَّا | مِم مَا | اس (مال) میں سے کہ | | مِن وعَن، مِن جُملَہ، مِن حَیثُ الْقَوم مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | جَعَلَكُمْ | جَ عَ لَ کُ مْ | اس (اللہ) نے تمہیں بنایا ہے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | مُّسْتَخْلَفِيْنَ | مُسْ تَ خْ لَ فِیْ نَ | جانشین | خ ل ف | خَلافَت، خُلَفَاء، خَلِیفَہ |
| | فِيْهِ ؕ | فِیْ ہِ | اس میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقْت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَالَّذِيْنَ | فَل لَ ذِ یْ نَ | پھر وہ لوگ جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمان،مُؤمن،اِیمان |
| | مِنْكُمْ | مِن کُ مْ | تم میں سے | | مِنجانب،مِن حَیثُ القوم |
| | وَ اَنْفَقُوْا | وَ اَنْ فَ قُوْ | اور انہوں نے خرچ کیا | ن ف ق | اِنفاق فِی سَبیلِ اللہ،نان ونفقہ |

وَ اَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَ اَنْفَقُوْا

اور اس مال میں سے خرچ کرو جس میں اللہ تعالیٰ نے تمہیں (دوسروں کا) جانشین بنایا ہے پس تم میں سے جو ایمان لائیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |
| | اَجْرٌ | اَجْ رُنْ | اَجر ہے | ء ج ر | اَجر،اُجرت،اَجروثَواب |
| | كَبِيْرٌ ۷ | کَ بِیْ ر | بہت بڑا | ك ب ر | کِبر،اَکبر،کَبیر،تکبُّر،مُتکبِّر |
| ۸ | وَمَا | وَ مَا | اور کیا ہے | | سَحر واَفطار،نَماز وروزہ،صُبح وشام |
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تمہیں | | |
| | لَا تُؤْمِنُوْنَ | لَا تُ x مِ نُوْ نَ | کہ تم ایمان نہیں لاتے | ء م ن | اَمن واَمان،مُؤمن،اِیمان |
| | بِاللّٰهِ ج | بِل لَا ہ | اللہ پر؟ | ء ل ہ | اِلٰہ،اِلٰہی،آلِہَہ،اِلٰہُ العالَمین |
| | وَالرَّسُوْلُ | وَر رَ سُوْ لُ | جبکہ رسول | ر س ل | رَسول،رُسُل،مُرسَل،رِسالتِ مُحمّدیّہ |
| | يَدْعُوْكُمْ | یَ دْ عُوْ کُ مْ | تمہیں بلاتا ہے | د ع و | دُعا،دَعوت،دَاعی،مَدعُو،دُعائیہ |

لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۷ وَ مَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَ الرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ

اور خیرات کریں انہیں بہت بڑا ثواب ملے گا ۷ تم اللہ تعالیٰ پر ایمان کیوں نہیں لاتے؟ حالانکہ خود رسول تمہیں اپنے ربّ پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِتُؤْمِنُوْا | لِ تُ x مِ نُوْ | تاکہ تم ایمان لاؤ | ء م ن | اَمن واَمان،مُؤمن،اِیمان |
| | بِرَبِّكُمْ | بِ رَب بِ کُ مْ | اپنے ربّ پر | ر ب ب | اَرباب،مُربّی،رَبُّ العالَمین<br>رَبِّ کعبہ،رَبِّ مُحمّد ﷺ |
| | وَقَدْ | وَ قَ دْ | اور تحقیق | | شان وشوکت،صَبروتحمُّل،ذِکرواَذکار |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَخَذَ | اَ خَ ذَ | وہ لے چکا ہے | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | مِیْثَاقَکُمْ | مِیْ ثَا قَ کُ مْ | تم سے پختہ وعدہ | و ث ق | وَثِیقَہ نَوِیس، وَاثِق، مِیثَاقِ مَدِینہ |
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شَاءَ اللہ |
| | کُنْتُمْ | کُنْ تُمْ | تم ہو | ك و ن | |
| | مُّؤْمِنِیْنَ ⑧ | مُ x مِ نِیْ نَ | ایمان والے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمَان |
| ۹ | هُوَ | هُ وَ | وہ (اللہ) | | |
| | الَّذِیْ | ل لَ ذِ یْ | وہ ذات ہے جو | | |

لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّکُمْ وَ قَدْ اَخَذَ مِیْثَاقَکُمْ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ⑧ هُوَ الَّذِیْ

ایمان لانے کی دعوت دے رہا ہے اور اگر تم مؤمن ہو تو وہ تو تم سے مضبوط عہد و پیمان بھی لے چکا ہے ⑧ وہ (اللہ تعالیٰ) ہی ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | یُنَزِّلُ | یُ نَ زْ زِ لُ | نازل کرتا ہے | ن ز ل | نَازِل، نُزُولِ قُرآن، مُنَزِّل مِنَ اللہ |
| | عَلٰی عَبْدِہٖۤ | عَ لَا عَ بْ دِ ہِیْ.. | اپنے بندے پر | ع ب د | عَبدُاللہ، عِبَاد، عِبَادُالرَّحمٰن |
| | اٰیٰتٍۭ | آ یَا تِ مْ | آیتیں | ء ی ی | آیَتْ (نشانی/واحد)، آیَات (جمع) |
| | بَیِّنٰتٍ | بَا ئِ یِ نَا تِ | واضح | ب ی ن | بَیَان، مُبَیِّنَہ طَور پر، دَلِیلِ بَیِّن |
| | لِّیُخْرِجَکُمْ | ل لِ یُ خْ رِ جَ کُمْ | تاکہ وہ تمہیں نکالے | خ ر ج | خَارِج، وَزَارتِ خَارجہ مَخرَج، خُرُوج |
| | مِّنَ الظُّلُمٰتِ | مِنَ ظْ ظُ لُ مَا تِ | اندھیروں سے | ظ ل م | ظُلُمَت، ظُلمَت وتاریکی، بَحرِ ظُلمَات |
| | اِلَی النُّوْرِ ؕ | اِلَ ن نُوْ رِ | اجالے کی طرف | ن و ر | نُور، نُورَانِیَّت، نُورَانِی چہرہ |
| | وَ اِنَّ | وَ اِ ن نَ | اور بلاشبہ | | شِیرو شَکر، شَب و روز، اُمِید و رَجَا |

یُنَزِّلُ عَلٰی عَبْدِہٖۤ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ لِّیُخْرِجَکُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ ؕ وَ اِنَّ

جو اپنے بندے پر واضح آیتیں اتارتا ہے تاکہ وہ تمہیں اندھیروں سے نور کی طرف لے جائے، یقیناً اللہ تعالیٰ تم پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰہَ | ل لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِكُمْ | بِ كُ مْ | تم پر | | |
| | لَرَءُوْفٌ | لَ رَ ءُ وْ فُ | یقیناً نہایت شفیق | ر ء ف | رُؤُف الرَّحیم، رَأفت، عَبدُالرُّؤف |
| | رَّحِيْمٌ ⑨ | رَ رَ حِيْ مْ | خُوب رحم کرنے والا ہے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| ۱۰ | وَمَا | وَ مَا | اور کیا ہے | | عَدل واِنصَاف، قَول وقَرار، مَکر وفریب |
| | لَكُمْ | لَ كُ مْ | تمہیں | | |
| | اَلَّا | اَل لَا | کہ نہیں | | لَاتعداد، لَاعلاج، لَاعلم، لَاجواب |
| | تُنْفِقُوْا | تُنْ فِ قُوْ | تم خرچ کرتے | ن ف ق | اِنفَاق فِی سَبِیلِ اللہ، نَان ونَفقہ |
| | فِيْ سَبِيْلِ | فِيْ سَ بِيْ لِ | راہ پر | س ب ل | سَبِیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ اللہ |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَلِلّٰهِ | وَ لِل لَا هِ | جبکہ اللہ ہی کے لئے ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ⑨ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ

نرمی کرنے والا رحم کرنے والا ہے ⑨ تمہیں کیا ہو گیا ہے جو تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے؟ دراصل آسمانوں اور زمینوں کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِيْرَاثُ | مِيْ رَا ثُ | میراث | و ر ث | وَارِث، عِلم وَرَاثت، مِیرَاث |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کی | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضِ ط | وَلْ اَرْ ضِ | اور زمین کی؟ | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَرَاضی، کُرۂ اَرض |
| | لَا يَسْتَوِيْ | لَا يَسْ تَ وِيْ | نہیں برابر | س و ی | تَسوِیۃُ الصُّفُوف (صفوں کو سیدھا کرنا) مُساوات، مُساوِی |
| | مِنْكُمْ | مِنْ كُ مْ | تم میں سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | مَّنْ | مَنْ | وہ جس نے | | |
| | اَنْفَقَ | اَنْ فَ قَ | خرچ کیا | ن ف ق | اِنفَاق فِی سَبِیلِ اللہ، نَان ونَفقہ |
| | مِنْ قَبْلِ | مِنْ قَبْ لِ | سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نماز، قَبل اَز طَعام والکَلَام |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْفَتْحِ | لْ فَتْ حِ | فتح (مکہ) | ف ت ح | فتح، فاتح، مفتوح، افتتاح |

مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ط لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ

میراث کا مالک (تنہا) اللہ تعالیٰ ہی ہے، تم میں سے جن لوگوں نے فتح سے پہلے فی سبیل اللہ دیا ہے اور قتال کیا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَقٰتَلَ ط | وَ قَا تَ لَ | اورلڑائی کی | ق ت ل | قتل، قاتل، مقتول، مقتل |
| | اُولٰٓئِكَ | اُ لَا...ءِ كَ | یہ لوگ | | |
| | اَعْظَمُ | اَ عْ ظَ مُ | زیادہ عظیم ہیں | ع ظ م | عظیم، اعظم، عظمت، وزارتِ عظمیٰ |
| | دَرَجَةً | دَ رَ جَ ةً | درجے میں | د ر ج | درجہ بدرجہ، اللہ درجات بلند کرے |
| | مِّنَ الَّذِيْنَ | م مِنَ لْ لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں سے جنہوں نے | | منجانب، من حیث القوم |
| | اَنْفَقُوْا | اَنْ فَ قُوْ | خرچ کیا | ن ف ق | انفاق فی سبیل اللہ، نان ونفقہ |
| | مِنْۢ بَعْدُ | مِمْ بَ عْ دُ | اس کے بعد | ب ع د | بعدازاں، بعدازطعام، بعید |
| | وَقٰتَلُوْا ط | وَ قَا تَ لُوْ | اورلڑائی کی | ق ت ل | قتل، قاتل، مقتول، مقتل |
| | وَكُلًّا | وَ كُل لَا ؤں | اور ہرایک سے | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالم |

وَ قٰتَلَ ط اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَ قٰتَلُوْا ط وَ كُلًّا

وہ (دوسروں کے) برابر نہیں، بلکہ ان سے بہت بڑے درجے کے ہیں جنہوں نے فتح کے بعد خیراتیں دیں اور جہاد کئے، ہاں بھلائی کا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّعَدَ | وَ عَ دَ | وعدہ کیا ہے | و ع د | وعدہ، وعدہ وعید، وعدہ خلافی |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ نے | ء ل ہ | الٰہ، الٰہی، آلہہ، الٰہ العالمین |
| | الْحُسْنٰى ط | لْ حُسْ نَا | نیک جزا کا | ح س ن | حسن، احسان، محسن، محسنات |
| | وَاللّٰهُ | وَل لَا هُ | اوراللہ | ء ل ہ | الٰہ، الٰہی، آلہہ، الٰہ العالمین |
| | بِمَا | بِ مَا | اس سے جو | | ماحول، مافوق الفطرت، ماجرہ |
| | تَعْمَلُوْنَ | تَ عْ مَ لُوْ نَ | تم عمل کرتے ہو | ع م ل | عمل، اعمال، عامل، معمول |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خَبِيْرٌ ع ⑩ | خَ بِیْ رٌ | خوب خبردار ہے | خ ب ر | خَبِیر، خَبردار، مُخْبِر، اَخبار، خَبریں |
| ۱۱ | مَنْ | مَنْ | کون ہے | | |
| | ذَا الَّذِیْ | ذَ ل لَ ذِ یْ | وہ جو | | |
| | يُقْرِضُ | یُ قْ رِ ضُ | قرض دے | ق ر ض | قَرض، مَقرُوض، قَرض خواہ |

ع ۱ ۱۷ وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ع ⑩ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ

وعدہ تو اللہ تعالیٰ کا ان سب سے ہے جو کچھ تم کر رہے ہو اس سے اللہ تعالیٰ خبردار ہے ⑩ کون ہے جو اللہ تعالیٰ کو اچھی طرح قرض دے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ کو | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | قَرْضًا | قَ رْ ضَنْ | قرضِ | ق ر ض | قَرض، مَقرُوض، قَرض خواہ |
| | حَسَنًا | حَ سَ نَنْ | حسنہ | ح س ن | حَسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| | فَيُضٰعِفَهٗ | فَ یُ ضَا عِ فَ ہُوْ | پھر وہ اسے بڑھا دے گا | ض ع ف | ذُو اَضعافِ اَقَل، مُضاعَف |
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اس کے لئے | | |
| | وَلَهٗٓ | وَ لَ ہُوْ.. | اور اس کے لئے ہی | | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذِکر واذکار |
| | اَجْرٌ | اَ جْ رُنْ | اَجر ہے | ء ج ر | اَجر، اُجرت، اَجر وثَواب |
| | كَرِيْمٌ ج ⑪ | کَ رِیْ مْ | عمدہ / پسندیدہ | ك ر م | کَریم، اَکرم، مُکَرَّم، تکریم |
| ۱۲ | يَوْمَ | یَا وْ مَ | اس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | تَرَى | تَ رَ | آپ دیکھیں گے | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہلال، غیر مرئی |
| | الْمُؤْمِنِيْنَ | لْ مُ x مِ نِیْ نَ | ایمان والوں کو | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |

اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ج ⑪ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ

پھر اللہ تعالیٰ اسے اس کے لئے بڑھاتا چلا جائے اور اس کے لئے پسندیدہ اَجر ثابت ہو جائے ⑪ (قیامت کے) دن تو دیکھے گا کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْمُؤْمِنٰتِ | وَ لْ مُ x مِ نَا تِ | اور ایمان والیوں کو | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَسْعٰى | يَسْ عَا | دوڑتا ہوگا | س ع ی | سَعی لاحاصل، سَعی بسیار، سَعی بَینَ الصَّفا والمَروۃ |
| | نُوْرُهُمْ | نُوْرُ ہُمْ | ان کا نور | ن و ر | نُور، نُورانیّت، نُورانی چہرہ |
| | بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ | بَائِنَ آئِیْ دِیْ ہِمْ | ان کے آگے / سامنے | | دونوں ہاتھوں کے درمیان (سامنے) |
| | وَبِاَيْمَانِهِمْ | وَبِ آئِیْ مَانِ ہِمْ | اور ان کے دائیں طرف | ی م ن | یمین ویَسار، یُمنیٰ یُسریٰ، اُمّ ایمن |
| | بُشْرٰىكُمُ | بُ شْ رَا کُ مُ | تمہیں خوشخبری ہے | ب ش ر | بَشارت، مُبَشِّر، بَشیر، بُشریٰ |
| | اَلْيَوْمَ | لْ یَاوْمَ | آج | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | جَنّٰتٌ | جَن نَا تُنْ | ایسے باغات کی | ج ن ن | جنّتِ فردوس، جنّتُ المُعلّیٰ، جنّتُ البقیع |

وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ

مؤمن مردوں اور عورتوں کا نور ان کے آگے آگے اور ان کے دائیں دوڑ رہا ہوگا آج تمہیں ان جنتوں کی خوشخبری ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَجْرِيْ | تَ جْ رِیْ | کہ چلتی ہیں | ج ر ی | جاری وساری، اِجراء، جریان |
| | مِنْ تَحْتِهَا | مِنْ تَ حْ تِ ہَا | ان کے نیچے | ت ح ت | تحت العرش، ماتحت، تحت الکرسی |
| | الْاَنْهٰرُ | لْ اَنْ ہَا رُ | نہریں | ن ھ ر | نہر، اَنہار، نہر جاری، نہرِ زُبیدہ |
| | خٰلِدِيْنَ | خَالِ دِیْنَ | وہ ہمیشہ رہیں گے | خ ل د | خُلد بریں، خُلود (ہمیشگی)، خالدہ (نام) |
| | فِيْهَا ؕ | فِیْ ہَا | ان میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | ذٰلِكَ هُوَ | ذَالِ کَ ہُوَ | یہی ہے | | |
| | الْفَوْزُ | لْ فَاوْزُ | کامیابی | ف و ز | فائز، فائزون، فائزہ (نام) عہدہ پر فائز ہونا |
| | الْعَظِيْمُ ۚ ﴿١٢﴾ | لْ عَ ظِیْ مُ | بہت بڑی | ع ظ م | عظیم، اعظم، عظمت، وزارتِ عظمیٰ |
| ١٣ | يَوْمَ | یَاوْمَ | اس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۚ ﴿١٢﴾ يَوْمَ

جن کے نیچے نہریں جاری ہیں جن میں ہمیشہ کی رہائش ہے، یہ ہے بڑی کامیابی ﴿١٢﴾ اس دن

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَقُوْلُ | یَ قُوْ لُ | کہیں گے | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | الْمُنٰفِقُوْنَ | لْ مُ نَا فِ قُوْ نَ | منافق مرد | ن ف ق | مُنافِق، مَرضِ نِفاق، مُنافَقت |
| | وَالْمُنٰفِقٰتُ | وَلْ مُ نَا فِ قَا تُ | اور منافق عورتیں | ن ف ق | مُنافِق، مَرضِ نِفاق، مُنافَقت |
| | لِلَّذِيْنَ | لِلْ لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں سے جو | | |
| | اٰمَنُوا | آ مَ نُ | ایمان لائے: | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | انْظُرُوْنَا | اُنْ ظُ رُ وْ نَا | تم ہمارا انتظار کرو | ن ظ ر | اِنتِظار کرنا، مُنتَظِر ہونا، اِنتِظار گاہ |
| | نَقْتَبِسْ | نَقْ تَ بِسْ | کہ ہم بھی روشنی حاصل کرلیں | ق ب س | اِقتِباس، اِقتِباسات، پیرے کا اِقتِباس |

# يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ

منافق مرد وعورت ایمان والوں سے کہیں گے کہ ہمارا انتظار تو کرو کہ ہم بھی تمہارے نور سے کچھ روشنی حاصل کرلیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ نُّوْرِكُمْ ج | مِنْ نُوْ رِ کُ مْ | تمہارے نور سے کچھ | ن و ر | نُور، نُورَانیّت، نُورَانی چہرہ |
| | قِيْلَ | قِیْ لَ | (ان سے) کہا جائے گا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | ارْجِعُوْا | رْ جِ عُوْ | تم لوٹ جاؤ | ر ج ع | رَاجِع، مَرجَع، رُجُوع کرنا (بار بار پلٹنا) |
| | وَرَآءَكُمْ | وَ رَا...ءَ کُ مْ | اپنے پیچھے کی طرف | و ر ء | مَاوَرَاءُ الْبَحر، مَاوَرائے آئین |
| | فَالْتَمِسُوْا | فَلْ تَ مِ سُوْ | پھر تلاش کرو | ل م س | لَمس کرنا (چھونا)، بَیع مُلَامَسہ |
| | نُوْرًا ط | نُوْ رَا | نور | ن و ر | نُور، نُورَانیّت، نُورَانی چہرہ |
| | فَضُرِبَ | فَ ضُ رِ بَ | تب حائل کردی جائے گی | ض ر ب | |
| | بَيْنَهُمْ | بَا ئِ نَ ہُ مْ | ان کے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |

# مِنْ نُّوْرِكُمْ ج قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ط فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ

جواب دیا جائے گا کہ تم اپنے پیچھے لوٹ جاؤ اور روشنی تلاش کرو، پھر ان کے اور ان کے درمیان ایک دیوار حائل کردی جائے گی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِسُوْرٍ | بِ سُوْ رِ | ایک دیوار/فصیل | س و ر | سُورَت، سُوَر، سُورَۃُ الْحَدِید |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَّهٗ | ل لَ ہُوْ | اس کا | | |
| | بَابٌ ؕ | بَا بٌ | ایک دروازہ ہوگا | ب و ب | بابِ رحمت، بابِ عُمرہ، بابِ ارقم |
| | بَاطِنُهٗ | بَا طِ نُ ہُوْ | اس کے اندر | ب ط ن | بطنِ مادر، ظاہر و باطن، باطنی طور پر |
| | فِيْهِ | فِیْ ہِ | اس میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | الرَّحْمَةُ | ر رَحْ مَ ةُ | رحمت ہوگی | ر ح م | رحم، رحمت، رحیم، رحم و کرم |
| | وَظَاهِرُهٗ | وَ ظَا ہِ رُ ہُوْ | اور اس کے باہر | ظ ہ ر | ظاہر و باطن، مظہر، اظہارِ حق |
| | مِنْ قِبَلِهِ | مِنْ قِ بَ لِ ہِ | اس کی طرف | ق ب ل | منجانب، من حیث القوم، قبلۂ اوّل، قبلہ و کعبہ، نماز کا قبلہ |
| | الْعَذَابُ ؕ ۝۱۳ | لْ عَ ذَا ب | عذاب ہوگا | ع ذ ب | عذابِ الٰہی، عذابِ جہنم، عذابِ آخرت |

## بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ؕ ۝۱۳

جس میں دروازہ بھی ہوگا، اس کے اندرونی حصہ میں تو رحمت ہوگی اور باہر کی طرف عذاب ہوگا ۝۱۳

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۴ | يُنَادُوْنَهُمْ | یُ نَا دُوْ نَ ہُمْ | وہ (منافق) ان (مؤمنوں) کو پکاریں گے | ن د و | ندا آئی، منادی کرنا، ندائے ملت |
| | اَلَمْ نَكُنْ | اَلَمْ نَ کُ | کیا ہم نہیں تھے | ك و ن | |
| | مَّعَكُمْ ؕ | م مَ عَ کُ مْ | تمہارے ساتھ (دنیا میں؟) | | مع اہل و عیال، معیت |
| | قَالُوْا | قَا لُوْ | وہ کہیں گے: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | بَلٰى | بَ لَا | (ہاں) کیوں نہیں! | | |
| | وَلٰكِنَّكُمْ | وَ لَا کِن نَ کُ مْ | اور لیکن تم نے | | شان و شوکت، صبر و تحمل، ذکر و اذکار |
| | فَتَنْتُمْ | فَ تَنْ تُ مْ | فتنے میں ڈال لیا تھا | ف ت ن | فتنہ پرور، شدید فتنہ، فتنہ باز |
| | اَنْفُسَكُمْ | اَنْ فُ سَ کُ مْ | اپنے آپ کو | ن ف س | نفس، انفس، نفسا نفسی، تنفس |

## يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ

یہ چلا چلا کر ان سے کہیں گے کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے وہ کہیں گے کہ ہاں تھے تو سہی لیکن تم نے اپنے آپ کو فتنہ میں پھنسا رکھا تھا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَتَرَبَّصْتُمْ | وَ تَ رَ بْ بَصْ تُمْ | اور تم نے انتظار کیا | ر ب ص | شان وشوکت، صبر وتحمّل، کون ومکان |
| | وَارْتَبْتُمْ | وَرْ تَبْ تُمْ | اور تم نے شک کیا | ر ی ب | لَا رَیب کِتَاب، لَا رَیب بَات |
| | وَغَرَّتْكُمُ | وَ غَ رْ رَتْ کُ مُ | اور تمہیں فریب دیا | غ ر ر | غَرَر (دھوکہ)، بَیع غَرَر (دھوکے کی تجارت) |
| | الْاَمَانِيُّ | لْ اَ مَا نِیْ یُ | (جھوٹی) خواہشوں نے | م ن ی | اُمْنِیَہ (خواہش)، اَمَانِی (خواہشات) |
| | حَتّٰى | حَتْ تَا | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّٰی کہ |
| | جَآءَ | جَا...ءَ | آ پہنچا | ج ی ء | |
| | اَمْرُ | اَمْ رُ | حکم | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمر، مَامُور |
| | اللّٰهِ | لْ لَا هِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | وَغَرَّكُمْ | وَ غَ رْ رَ کُ مْ | اور تمہیں دھوکا دیا | غ ر ر | غَرَر (دھوکہ)، بَیع غَرَر (دھوکے کی تجارت) |

وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ

اور انتظار میں ہی رہے اور شک وشبہ کرتے رہے اور تمہیں تمہاری فضول تمناؤں نے دھوکے میں ہی رکھا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا حکم آ پہنچا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاللّٰهِ | بِلْ لَا هِ | اللہ کے متعلق | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | الْغَرُوْرُ ۝١٤ | لْ غَ رُوْر | اس بڑے دھوکے باز (شیطان) نے | غ ر ر | غَرَر (دھوکہ)، بَیع غَرَر (دھوکے کی تجارت) |
| ۱۵ | فَالْيَوْمَ | فَلْ یَا ؤ مَ | لہٰذا آج | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | لَا يُؤْخَذُ | لَا یُ x خَ ذُ | نہیں لیا جائے گا | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُؤاخَذہ کرنا، |
| | مِنْكُمْ | مِنْ کُ مْ | تم سے | | مِن وعَن، مِن جُملہ، مِن حَیثُ القَوم |
| | فِدْيَةٌ | فِ دْ یَ تُنْ | کوئی فدیہ | ف د ی | فِدیہ دینا، روزے کا فِدیہ |
| | وَّلَا | وَ لَا | اور نہ | | عدل وانصاف، قول وقرار، مکر وفریب، لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | مِنَ الَّذِيْنَ | مِ نَلْ لَ ذِیْ نَ | ان لوگوں سے جنہوں نے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القَوم |
| | كَفَرُوْا | کَ فَ رُوْ | کفر کیا | ک ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۱۴﴾ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ

اور تمہیں اللہ تعالیٰ کے بارے میں دھوکہ دینے والے نے دھوکے میں ہی رکھا ﴿۱۴﴾ الغرض، آج تم سے نہ فدیہ (اور نہ بدلہ) قبول کیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَاْوٰىكُمُ | مَ x وَا كُ مُ | تمہارا ٹھکانا | ء و ی | مَلجاوماویٰ، یتیموں کا ماویٰ |
| | النَّارُ ؕ | ن نَا رُ | آگ ہے | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سموم |
| | هِيَ | هِ يَ | یہی | | |
| | مَوْلٰىكُمْ ؕ | مَ وْ لَا كُ مْ | تمہاری دوست ہے | و ل ی | وَلی، مَولیٰ، وَلیُ اللہ، اَولیاءِ کرام |
| | وَبِئْسَ | وَ بِ x سَ | اور وہ (آگ) بُری ہے | ب ء س | شان وشوکت،صبروتحمل، ذکرواذکار |
| | الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾ | لْ مَ صِیْ رُ | لوٹ جانے کی جگہ | ص ی ر | |
| ۱۶ | اَلَمْ يَاْنِ | اَ لَمْ یَ x نِ | کیا وقت نہیں آیا | | |
| | لِلَّذِيْنَ | لِل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کے لئے جو | | |
| | اٰمَنُوْٓا | آ مَ نُوْ.. | ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |

مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ هِيَ مَوْلٰىكُمْ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾ اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

جائے گا اور نہ کافروں سے تم (سب) کا ٹھکانا دوزخ ہے، وہی تمہاری رفیق ہے اور وہ بُرا ٹھکانا ہے ﴿۱۵﴾ کیا اب تک ایمان والوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ | اَنْ | یہ کہ | | |
| | تَخْشَعَ | تَ خْ شَ عَ | جھک جائیں | خ ش ع | خُشُوع وخُضُوع، قلبِ خاشع |
| | قُلُوْبُهُمْ | قُ لُوْ بُ هُمْ | ان کے دل | ق ل ب | قلب، قُلُوب، قلبی تعلق، قلبِ اَطہر |
| | لِذِكْرِ | لِ ذِ كْ رِ | ذکر کے لئے | ذ ك ر | ذِکر، اذکار، ذاکر، مذکور، ذِکرِ الٰہی |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | وَمَا | وَ مَا | اور (اس کے لئے) جو | | سَیروسیاحت،علم وحکمت، شب وروز، مَاحول، مَافوقُ الفطرت، مَاجرہ |
| | نَزَلَ | نَ زَ لَ | نازل ہوا | ن ز ل | نازِل، نُزول، نازِلہ، مَنازِل |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الْحَقِّ ۙ | مِ نَلْ حَقْ قِ | حق سے؟ | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |
| | وَلَا يَكُوْنُوْا | وَلَا یَ کُوْ نُوْ | اور وہ نہ ہوں | ك و ن | شان وشوکت، صبر وتحمُّل، ذِکر واذکار |
| | كَالَّذِيْنَ | کَلْ لَ ذِیْ نَ | ان لوگوں کی طرح جو | | |

اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

کے لئے وقت نہیں آیا کہ ان کے دل ذکرِ الٰہی سے اور جو حق اُتر چکا ہے اس سے نرم ہو جائیں اور ان کی طرح نہ جائیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اُوْتُوا | اُوْ تُ | دیئے گئے | | |
| | الْكِتٰبَ | لْ کِ تَا بَ | کتاب | ك ت ب | کِتاب، حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |
| | مِنْ قَبْلُ | مِنْ قَبْ لُ | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام والکلام |
| | فَطَالَ | فَ طَا لَ | پھر لمبی ہوگئی | ط و ل | طُوْل وعَرض، طَوالت، طَوِیل |
| | عَلَيْهِمُ | عَ لَا یْ ہِمُ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | الْاَمَدُ | لْ اَ مَ دُ | مدت | ء م د | |
| | فَقَسَتْ | فَ قَ سَتْ | تو سخت ہو گئے | ق س و | قَساوتِ قَلبی (دِلی طور پر سخت ہونا) |
| | قُلُوْبُهُمْ ؕ | قُ لُوْ بُ ہُمْ | ان کے دل | ق ل ب | قلب، قُلُوب، قَلبی تعلّق، قلبِ اَطہر |
| | وَكَثِيْرٌ | وَ کَ ثِیْ رُ | اور بہت سے | ك ث ر | خیرِ کثیر، کثرت، اکثر، کثیر لوگ |

اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَكَثِيْرٌ

جنہیں ان سے پہلے کتاب دی گئی تھی پھر جب ان پر ایک زمانہ دراز گزر گیا تو ان کے دل سخت ہو گئے اور ان میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْهُمْ | م مِنْ ہُمْ | ان میں سے | | مِن وعَن، مِن جُملہ، مِن حَیثُ القَوم |
| | فٰسِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ | فَا سِ قُوْ نَ | فاسق ہیں | ف س ق | فِسق وفُجُور، فَاسِق وفَاجِر، فَاسِق |
| ۱۷ | اِعْلَمُوْٓا | اِعْ لَ مُوْ.. | تم جان لو | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | اَنَّ | اَن نَ | کہ بلاشبہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهَ | لْ لَا هَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | يُحْيِ | یُ حْ یِ | زندہ کرتا ہے | ح ی ی | حَیَاتِ جَاوِدَانی، حَیٌّ قَیُّوم حَیَاتِ طَیِّبہ، جنگلی حَیَات |
| | الْاَرْضَ | لْ اَ رْ ضَ | زمین کو | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَرَاضِی، کُرَہٴ اَرض |
| | بَعْدَ | بَ عْ دَ | بعد | ب ع د | بَعد ازاں، بَعد اَز طَعام، بَعِید |
| | مَوْتِهَا ط | مَا وْ تِ ہَا | اس کی موت کے | م و ت | مَوت وحَیَات، مَرضُ المَوت |
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | بَيَّنَّا | بَا یِّ یَنْ نَا | ہم نے بیان کیں | ب ی ن | بَیان، مُبَیِّنَہ طَور پر، دَلِیلِ بَیِّن |

مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿١٦﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ط قَدْ بَيَّنَّا

بہت سے فاسق ہیں ﴿١٦﴾ یقین مانو کہ اللہ تعالیٰ ہی زمین کو اس کی موت کے بعد زندہ کر دیتا ہے، ہم نے تو تمہارے لئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَكُمُ | لَ كُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | الْاٰيٰتِ | لْ آ یَا تِ | آیتیں | ء ی ی | آیت، آیات (نشانیاں)، آیاتِ بَیِّنَہ |
| | لَعَلَّكُمْ | لَ عَلْ لَ كُ مْ | تا کہ تم | | |
| | تَعْقِلُوْنَ ﴿١٧﴾ | تَ عْ قِ لُوْ نَ | سمجھو | ع ق ل | عَقل، عَاقِل، مَعقُول، عَقِیل |
| ١٨ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | الْمُصَّدِّقِيْنَ | لْ مُص صَد دِ قِیْ نَ | صدقہ دینے والے مرد | ص د ق | صَدقَہ، صَدقَات، صَدقَہ وخَیرَات |
| | وَالْمُصَّدِّقٰتِ | وَلْ مُص صَد دِ قَا تِ | اور صدقہ دینے والی عورتیں | ص د ق | صَدقَہ، صَدقَات، صَدقَہ وخَیرَات |
| | وَاَقْرَضُوا | وَ اَ قْ رَ ضُ | اور جنہوں نے قرض دیا | ق ر ض | قَرض، مَقرُوض، قَرض خواہ |

لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿١٧﴾ اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا

اپنی آیتیں بیان کر دیں تا کہ تم سمجھو ﴿١٧﴾ بیشک صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور جو اللہ تعالیٰ کو خلوص کے ساتھ قرض

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهَ | لْ لَا هَ | اللہ کو | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَرْضًا | قَ رْضَنْ | قرض | ق ر ض | قرض، مقروض، قرض خواہ |
| | حَسَنًا | حَ سَ نَا ءِیْں | حسنہ / اچھا | ح س ن | حَسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| | يُّضٰعَفُ | یُ ضَا عَ فُ | تو وہ بڑھادیا جائے گا | ض ع ف | ذُوْ اَضعَافِ اَقَلْ، مُضَاعَف |
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |
| | وَلَهُمْ | وَلَ ہُمْ | اور ان کے لئے | | لَیل ونہار، رَحِیم وکَرِیم، رَنج واَلَم |
| | اَجْرٌ | اَجْ رُنْ | اَجر ہے | ء ج ر | اَجر، اُجرت، اَجر وثَواب |
| | كَرِيْمٌ ۝١٨ | کَ رِیْ م | بہت عمدہ | ك ر م | کَرِیم، اَکرَم، مُکَرَّم، تَکرِیم |
| ١٩ | وَالَّذِيْنَ | وَل لَ ذِیْ نَ | اور وہ لوگ جو | | شان وشوکت، صَبر وتَحَمُّل، ذِکر واَذکار |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |

اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝١٨ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

دے رہے ہیں، ان کے لئے یہ بڑھایا جائے گا اور ان کے لئے پسندیدہ اجر و ثواب ہے ۝١٨ اللہ تعالیٰ اور اس کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاللّٰهِ | بِل لَا ہِ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَرُسُلِهٖٓ | وَ رُسُ لِ ہِیْ.. | اور اس کے رسولوں پر | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَت مُحَمَّدِیَّہ |
| | اُولٰٓئِكَ | اُلَا...ءِ کَ | لوگ ہیں | | |
| | هُمُ | ہُ مُ | وہی | | |
| | الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ | ص صِد دِیْ قُوْن | بہت سچے | ص د ق | صَدَاقَت، صَادِق واَمِین، صِدق |
| | وَالشُّهَدَآءُ | وَش شُ ہَ دَا...ءُ | اور گواہی دینے والے ہیں | ش ہ د | شَاہِد، شَہِید، مَشہُود، شَہَادَت |
| | عِنْدَ | عِ نْ دَ | ہاں | ع ن د | عِندَ اللہ ماجُور ہوں، عِندَ الطَّلَب |
| | رَبِّهِمْ ۭ | رَب بِ ہِمْ | اپنے ربّ کے | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبّی، رَبُّ العَالَمِین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم |
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖۤ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖۗ وَ الشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ لَهُمْ | | | | | |
| رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر جو ایمان رکھتے ہیں وہی لوگ اپنے ربّ کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں ان کے لئے | | | | | |
| | اَجْرُهُمْ | اَ جْ رُ هُمْ | ان کا اجر ہے | ء ج ر | اَجر، اُجرت، اَجر وثواب |
| | وَ نُوْرُهُمْ ؕ | وَ نُوْ رُ هُمْ | اور ان کا نور ہے | ن و ر | نُور، اَنوار، مُنوَّر ہونا، اَنوارِ الٰہی |
| | وَالَّذِيْنَ | وَل لَ ذِ ىْ نَ | اور وہ لوگ جنہوں نے | | عدل و انصاف، قول و قرار، مکر و فریب |
| | كَفَرُوْا | كَ فَ رُوْ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | وَ كَذَّبُوْا | وَ كَذْ ذَ بُوْ | اور جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کذّاب، مُسیلمہ کذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | بِاٰيٰتِنَاۤ | بِ آ يَا تِ نَا.. | ہماری آیتوں کو | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیاتِ قرآنیہ، آیاتِ بیّنہ |
| | اُولٰٓىِٕكَ | اُ لَا...ءِ كَ | وہی لوگ | | |
| | اَصْحٰبُ | اَصْ حَا بُ | اصحاب ہیں/ ساتھی ہیں | ص ح ب | صَحابی، صَحابہ، اَصحابِ بدر، صاحِب |
| اَجْرُهُمْ وَ نُوْرُهُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ | | | | | |
| ان کا اجر اور ان کا نور ہے، اور جو لوگ کفر کرتے ہیں اور ہماری آیتوں کو جھٹلاتے ہیں | | | | | |
| | الْجَحِيْمِ ۝۱۹ ع | لْ جَ حِیْ مِ | دوزخ کے | ج ح م | جحیم (جہنم کا نام ہے) |
| ۲۰ | اِعْلَمُوْۤا | اِعْ لَ مُوْ.. | تم جان لو! | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلِّم، مَعلوم، علّامہ |
| | اَنَّمَا | اَن نَ مَ | کہ بس | | |
| | الْحَيٰوةُ | لْ حَ يَا ةُ | زندگی تو | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیّ قیّوم، حَیاتِ طیّبہ، جنگلی حَیات |
| | الدُّنْيَا | دْ دُنْ يَا | دنیا کی | د ن و | دِین و دُنیا، دُنیاوی زندگی |
| | لَعِبٌ | لَ عِ بُنْ | ایک کھیل ہے | ل ع ب | لَہو و لَعِب، مَلاعِب (کھیل) |
| | وَّ لَهْوٌ | وَل لَ هْ وُنْ | اور تماشا ہے | ل ھ و | لَہو و لَعِب، لَہوِیات، لَہو گفتگو |
| | وَّ زِيْنَةٌ | وَ زِىْ نَ تُنْ | اور زینت ہے/ آرائش ہے | ز ی ن | زَینُ العابِدین، مُزیّن، زِینت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّتَفَاخُرٌۢ | وَ تَ فَا خُ رُ مْ | اور تمہارا ایک دوسرے پر فخر کرنا ہے | ف خ ر | فخرِ خاندان، قابلِ فخر، اِفتخار |

ع ۹ ۱۸

اَلْجَحِيْمِ ۝١٩ اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ وَّ زِيْنَةٌ وَّ تَفَاخُرٌۢ

وہ جہنمی ہیں ۝١٩ خوب جان رکھو کہ دنیا کی زندگی صرف کھیل تماشا زینت اور آپس میں فخر (وغرور) اور مال و اولاد میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَيْنَكُمْ | بَ اَئِ نَ کُ مْ | آپس میں | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | وَتَكَاثُرٌ | وَ تَ کَا ثُ رُنْ | اور ایک دوسرے پر کثرت جتلانا ہے | ك ث ر | خَیرِ کَثِیر، کَثرَت، اَکثَر، کَثِیر لوگ |
| | فِي الْاَمْوَالِ | فِلْ اَمْ وَا لِ | اَموال میں | م و ل | مَال، اَموال، مَالِ غَنِیمَت |
| | وَالْاَوْلَادِ ط | وَلْ اَ وْ لَا دِ | اور اولاد (میں) | و ل د | مَولُود، اَولاد، ذُرِّیہ، آل و اولاد |
| | كَمَثَلِ | کَ مَ ثَ لِ | اس طرح | م ث ل | مِثَال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل، مِثَالیں |
| | غَيْثٍ | غَا اَئِ ثِنْ | بارش کی | غ ی ث | |
| | اَعْجَبَ | اَ عْ جَ بَ | کہ خوش لگتی ہے | ع ج ب | عَجِیب، تَعَجُّب، عَجَب، مُتَعَجِّب، عُجُوبَہ |
| | الْكُفَّارَ | لْ کُفْ فَا رَ | کسانوں کو | ك ف ر | کُفر (چھپانا)، کَافِر (چھپانے والا) کسانوں کو کفار بیج چھپانے کی وجہ سے کہا جاتا ہے |

بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ط كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ

ایک کا دوسرے سے اپنے آپ کو زیادہ بتلانا ہے، جیسے بارش اور اس کی پیداوار کسانوں کو اچھی معلوم ہوتی ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَبَاتُهٗ | نَ بَا تُ هُوْ | اس سے اُگتی کھیتی | ن ب ت | نَبَاتَاتُ الاَرض، عِلمِ نَبَاتَات |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمِین ثُمَّ آمِین |
| | يَهِيْجُ | یَ هِیْ جُ | وہ خشک ہوجاتی ہے | ھ ی ج | |
| | فَتَرٰىهُ | فَ تَ رَا هُ | تو آپ اسے دیکھتے ہیں | ر ء ی | رِیَا، رُؤیَا، رُؤیتِ ہِلَال، غَیر مَرئی |
| | مُصْفَرًّا | مُصْ فَ رْ رَنْ | زرد شدہ | ص ف ر | صَفرَاوِی، گُنبَدِ صَفرَاء (مسجدِ اَقصیٰ کا گنبد) لَونِ اَصفَر (زرد رنگ) |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمِین ثُمَّ آمِین |
| | يَكُوْنُ | یَ کُوْ نُ | وہ ہوجاتی ہے | ك و ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حُطَامًا ط | حُ طَا مَا | چُورا چُورا | ح ط م | |
| | وَفِي الْاٰخِرَةِ | وَ فِلْ آ خِ رَةِ | اور آخرت میں | ء خ ر | آخرت، اَخیر، آخر، اُخروِی زندگی |

نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا ط وَفِي الْاٰخِرَةِ

پھر جب وہ خشک ہو جاتی ہے تو زرد رنگ میں اس کو تم دیکھتے ہو پھر وہ بالکل چورا چورا ہو جاتی ہے اور آخرت میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُنْ | عذاب ہے | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم عَذابِ آخرت |
| | شَدِيْدٌ لا | شَ دِیْ دُوْں | نہایت سخت | ش د د | شِدّت، شَدَائِد، تشدُّد، اَشَدّ |
| | وَّمَغْفِرَةٌ | وَ مَ غْ فِ رَةٌ | اور عظیم بخشش ہے | غ ف ر | غفّار، عَبدُالغفور، غافِر، اِستغفار |
| | مِّنَ اللّٰهِ | م مِنَ ل لَا هِ | اللہ کی طرف سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | وَرِضْوَانٌ ط | وَ رِضْ وَا ن | اور رضامندی ہے | ر ض و | رَضامندی، اللہ کی رَضا، تسلیم ورَضا |
| | وَمَا | وَ مَ | اور نہیں ہے | | شِیروشَکر، شَب و روز، اُمید و رَجا |
| | الْحَيٰوةُ | لْ حَ يَا ةُ | زندگی | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیٌّ قَیُّوم حَیاتِ طَیّبہ، جنگلی حَیات |
| | الدُّنْيَآ | د دُنْ یَا.. | دنیا کی | د ن و | دِین ودُنیا، دُنیاوِی زِندگی |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا ماشاءَاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | مَتَاعُ | مَ تَا عُ | سامان | م ت ع | مَتاعِ کارواں، مَتاعِ عَزِیز تَمتّع (فائدہ اٹھانا)، حَجِّ تَمتّع |

عَذَابٌ شَدِيْدٌ لا وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ط وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ

سخت عذاب اور اللہ تعالیٰ کی مغفرت اور رضامندی ہے اور دنیا کی زندگی سوائے دھوکے کے سامان کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْغُرُوْرِ ﴿۲۰﴾ | لْ غُ رُوْر | دھوکے کا | غ ر ر | غَرَر (دھوکہ)، بَیع غَرَر (دھوکے کی تجارت) |
| ۲۱ | سَابِقُوْٓا | سَا بِ قُوْ.. | تم دوڑو | س ب ق | سَبقت لیجانا، سَبقتِ لِسانی، مُسابقت |
| | اِلٰى | اِلَا | کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | مَغْفِرَةٍ | مَ غْ فِ رَةِ | بخشش | غ ف ر | غفّار، عَبدُالغفور، غافِر، اِستغفار |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ رَّبِّكُمْ | مِر رَب بِ کُ مْ | اپنے رب کی | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد ﷺ |
| | وَجَنَّةٍ | وَ جَن نَ تِنْ | اور اس جنت ( کی طرف ) | ج ن ن | جنّتِ فردوس، جنّتُ المُعلّٰی، جنّتُ البقیع |
| | عَرْضُهَا | عَ رْ ضُ ہَا | کہ اس کی چوڑائی ہے | ع ر ض | عَرض، طُول وعَرض |
| | كَعَرْضِ | کَ عَ رْضِ | چوڑائی کی طرح | ع ر ض | عَرض، طُول وعَرض |
| | السَّمَآءِ | س سَ مَا...ءِ | آسمان | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |

الْغُرُوْرِ ﴿٢٠﴾ سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ

اور کچھ بھی تو نہیں ﴿٢٠﴾ ( آؤ ) دوڑو اپنے رب کی مغفرت کی طرف اور اس جنت کی طرف جس کی وسعت آسمان و زمین کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْاَرْضِ ۙ | وَلْ اَرْضِ | اور زمین کی | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | اُعِدَّتْ | اُعِ دْ دَتْ | وہ تیار کی گئی ہے | ع د د | مُستعِد ہونا، مُستعِدّی، اِستِعداد |
| | لِلَّذِيْنَ | لِلْ لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کے لئے جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، ایمان |
| | بِاللّٰهِ | بِلْ لَا ہِ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | وَرُسُلِهٖ ؕ | و رُ سُ لِ ہٖ | اور اس کے رسولوں ( پر ) | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسَل، رِسالتِ محمّدیّہ |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ کَ | یہ | | |
| | فَضْلُ | فَ ضْ لُ | فضل ہے | ف ض ل | فضل، فضیلت، اَفضل، فضائل |
| | اللّٰهِ | لْ لَا ہِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | يُؤْتِيْهِ | یُ x تِیْ ہِ | وہ یہ دیتا ہے | ء ت ی | |

وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ

وسعت کے برابر ہے یہ ان کے لئے بنائی گئی ہے جو اللہ تعالیٰ پر اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں، یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَنْ يَّشَآءُ ؕ | مَ ئیْ یَ شَا...ءُ | جسے وہ چاہے | ش ی ء | اِن شاءَ اللہ، ماشاءَ اللہ، مَشیتِ اِلٰہی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاللّٰهُ | وَل لَا هُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | ذُو الْفَضْلِ | ذُل فَض لِ | فضل والا ہے | ف ض ل | فضل، فَضِیلت، اَفضل، فضائل |
| | الْعَظِيْمِ ﴿٢١﴾ | لْ عَ ظِی م | بہت بڑے | ع ظ م | عَظِیم، اَعظم، عَظمت، وزارتِ عُظمیٰ |
| ٢٢ | مَآ | مَا.. | نہیں | | |
| | اَصَابَ | اَصَا بَ | پہنچتی | ص و ب | مُصیبت زدہ، مَصائب و آلام |
| | مِنْ مُّصِيْبَةٍ | مِم مُ صِیْ بَ تِنْ | کوئی مصیبت | ص و ب | مُصیبت زدہ، مَصائب و آلام |
| | فِي الْاَرْضِ | فِل اَر ضِ | زمین میں | ء ر ض | ارض وسماء، اراضی، کُرۂ ارض |

مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢١﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ

جسے چاہے دے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے ﴿٢١﴾ نہ کوئی مصیبت دنیا میں آتی ہے نہ (خاص) تمہاری جانوں میں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَا | وَلَا | اور نہ | | عدل وانصاف، قول وقرار، مکروفریب<br>لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | فِيْٓ | فِیْ.. | میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقْت |
| | اَنْفُسِكُمْ | اَنْ فُ سِ کُ مْ | تمہارے نفسوں | ن ف س | نفس، اَنفس، نفسانفسی، تَنفّس |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | فِيْ كِتٰبٍ | فِیْ کِ تَا بِ | (وہ لکھی ہوئی) ہے کتاب میں | ک ت ب | کتابِ حکمت، کتاب اللہ، کتابت |
| | مِّنْ قَبْلِ | مِ مِنْ قَبْ لِ | اس سے پہلے | ق ب ل | قبل از نماز، قبل از طعام والکلام |
| | اَنْ | اَنْ | کہ | | |
| | نَّبْرَاَهَا ۭ | نَ بْ رَ اَ ہَا | ہم اسے پیدا کریں | ب ر ء | بَارِی (پیدا کرنے والا)، عبدُ البَارِی |
| | اِنَّ | اِن نَ | یقیناً | | |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ کَ | یہ | | |
| | عَلَى اللّٰهِ | عَ لَل لَا ہِ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | **وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ** | | | | |
| | مگر اس سے پہلے کہ ہم اس کو پیدا کریں وہ ایک خاص کتاب میں لکھی ہوئی ہے، یہ (کام) اللہ تعالیٰ پر (بالکل) | | | | |
| | يَسِيْرٌ ۚ ﴿٢٢﴾ | یَ سِیْ ر | نہایت آسان ہے | ی س ر | یُسر، میسر، ایسرُ القرآن، تیسیرُ القرآن |
| ٢٣ | لِّكَيْلَا | لِ کَا یْ لَا | تا کہ نہ | | لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | تَاْسَوْا | تَ x سَا وْ | آپ غم کھائیں/افسوس کریں | ء س و | |
| | عَلٰى مَا | عَ لَا مَا | اس پر جو | | علیٰ وجہِ البصیرت، علی الاعلان، ماحول، مافوقُ الفطرت، ماجرہ |
| | فَاتَكُمْ | فَا تَ کُ مْ | تم سے فوت ہو جائے (چوک جائے) | ف و ت | فوت ہونا، وفات، فوتیدگی |
| | وَلَا تَفْرَحُوْا | وَ لَا تَفْ رَ حُوْ | اور تم نہ اتراؤ | ف ر ح | فرحت بخش، فرحت و سُرور، تفریح |
| | بِمَآ | بِ مَا.. | اس پر جو | | ماحول، مافوقُ الفطرت، ماجرہ |
| | اٰتٰىكُمْ ؕ | آ تَا کُ مْ | وہ تمہیں دے | ء ت ی | |
| | وَاللّٰهُ | وَ ل لَا ہُ | اور اللہ | ء ل ہ | الٰہ، الٰہی، آلہہ، الٰہ العالمین |
| | **يَسِيْرٌ ۚ ﴿٢٢﴾ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ ؕ وَاللّٰهُ** | | | | |
| | آسان ہے ﴿٢٢﴾ تاکہ تم اپنے سے فوت شدہ کسی چیز پر رنجیدہ نہ ہو جایا کرو اور نہ عطا کردہ چیز پر اترا جاؤ، اور اترانے والے | | | | |
| | لَا يُحِبُّ | لَا یُ حِب بُ | پسند نہیں کرتا | ح ب ب | حُبّ، احباب، مُحِبّ، محبّت، حبیب |
| | كُلَّ | کُل لَ | ہر | ک ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالم |
| | مُخْتَالٍ | مُ خْ تَا لِنْ | اترانے والے | خ ی ل | |
| | فَخُوْرِ ۙ ﴿٢٣﴾ | فَ خُوْ ر | بہت فخر کرنے والے کو | ف خ ر | فخرِ خاندان، قابلِ فخر، افتخار |
| ٢٤ | الَّذِيْنَ | اَل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | يَبْخَلُوْنَ | یَبْ خَ لُوْ نَ | (خود بھی) بخل کرتے ہیں | ب خ ل | بُخل، بخیل آدمی، بخیلی (کنجوسی) |
| | وَيَاْمُرُوْنَ | وَ یَ x مُ رُوْ نَ | اور حکم دیتے ہیں | ء م ر | امرِ ربّی، امر، آمر، مامور |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | النَّاسَ | ن نا سَ | لوگوں کو | ن و س | خَیرُالنَّاس، عَامّۃُالنَّاس،عوَامُ النَّاس |

لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ۞ ﴿٢٣﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَ يَاْمُرُوْنَ النَّاسَ

شیخی خوروں کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں فرماتا ﴿٢٣﴾ جو (خود بھی) بخل کریں اور دوسروں کو (بھی) بخل کی تعلیم دیں، سنو!

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِالْبُخْلِ ط | بِلْ بُ خْ لِ | بخیلی کا | ب خ ل | بُخل، بَخیل آدمی، بخیلی (کنجوسی) |
| | وَمَنْ | وَ مَا ئِیْں | اور جو شخص | | شان وشوکت،صبروتحمّل، ذِکرواذکار |
| | يَّتَوَلَّ | یَ تَ وَل لَ | منہ پھیر لے | و ل ی | |
| | فَاِنَّ | فَ اِن نَ | تو بلاشبہ | | |
| | اللّٰهَ | ل لا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | هُوَ | ہُ وَ | وہی ہے | | |
| | الْغَنِيُّ | لْ غَ نِ یُ | بڑا بے پروا | غ ن ی | عَبدُالغَنی، مُستغنی، اَغنیاء غَنی (اللہ تعالیٰ کی صفت ہے) |
| | الْحَمِيْدُ ﴿٢٤﴾ | لْ حَ مِی دُ | نہایت قابلِ تعریف | ح م د | حمد وثناء، حامد، محمود، محمّد |
| ٢٥ | لَقَدْ | لَ قَ دْ | بلاشبہ تحقیق | | |
| | اَرْسَلْنَا | اَ رْ سَلْ نَا | ہم نے بھیجے | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسل، رِسالتِ مُحمّدیّہ |

بِالْبُخْلِ ط وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٢٤﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا

جو بھی منہ پھیرے اللہ تعالیٰ بے نیاز اور سزاوار حمد و ثنا ہے ﴿٢٤﴾ یقیناً ہم نے اپنے پیغمبروں کو کھلی دلیلیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رُسُلَنَا | رُ سُ لَ نَا | اپنے رسول | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسل، رِسالتِ مُحمّدیّہ |
| | بِالْبَيِّنٰتِ | بِلْ بَا ئِ يِ نَا تِ | واضح دلیلوں کے ساتھ | ب ی ن | بَیان، مُبیّنہ طور پر، دَلیلِ بیّن |
| | وَاَنْزَلْنَا | وَ اَنْ زَلْ نَا | اور ہم نے نازل کی | ن ز ل | نَازِل، نُزُول قُرآن، نَازِلَہ |
| | مَعَهُمُ | مَ عَ ہُ مُ | ان کے ساتھ | | مَعَ ہٰذا، مَعیّت، اسکی مَعیّت میں |
| | الْكِتٰبَ | لْ كِ تَا بَ | کتاب | ك ت ب | کِتابِ حِکمت، کِتاب اللہ، کِتابت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْمِيْزَانَ | وَلْ مِیْ زَا نَ | اور ترازو | و ز ن | وَزن، اَوزان، مِیزان |
| | لِيَقُوْمَ | لِ یَ قُوْ مَ | تا کہ قائم رہیں | ق و م | قائم، مَقام، قَیِّم، دِینِ قَیِّم |
| | النَّاسُ | ن نَا سُ | لوگ | ن و س | خَیرُالنَّاس، عَامَّۃُ النَّاس، عَوَامُّ النَّاس |

رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ

دے کر بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور میزان (ترازو) نازل فرمایا تا کہ لوگ عدل پر قائم رہیں، اور ہم نے لوہے کو اتارا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِالْقِسْطِ ج | بِلْ قِسْ طِ | انصاف پر | ق س ط | قِسط، قُسط، اَقساط، مُقسِط |
| | وَاَنْزَلْنَا | وَ اَنْ زَلْ نَا | اور ہم نے نازل کیا | ن ز ل | نازِل، نُزُول قُرآن، نازِلہ |
| | الْحَدِيْدَ | لْ حَ دِیْ دَ | لوہا | ح د د | سُورَۃُ الْحَدِید، اَلْحَدِید (لوہا) |
| | فِيْهِ | فِیْ ہِ | اس میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقت |
| | بَاْسٌ | بَ x سُنْ | لڑائی (کا سامان) ہے | ب ء س | |
| | شَدِيْدٌ | شَ دِیْ دُنْ | نہایت سخت | ش د د | شِدَّت، شَدَائِد، تَشَدُّد، اَشَدّ |
| | وَّمَنَافِعُ | وَ مَ نَا فِ عُ | اور فائدے ہیں | ن ف ع | نَفع نُقصان، مُنَافِع، نَفع بَخش |
| | لِلنَّاسِ | لِنْ نَا سِ | لوگوں کے لئے | ن و س | خَیرُالنَّاس، عَامَّۃُ النَّاس، عَوَامُّ النَّاس |
| | وَلِيَعْلَمَ | وَلِ یَ عْ لَ مَ | اور تا کہ جان لے | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلَّامَہ |

بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ

جس میں سخت ہیبت وقوت ہے اور لوگوں کے لئے اور بھی (بہت سے) فائدے ہے اور اس لئے بھی کہ اللہ تعالیٰ جان لے کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | مَنْ | مَا ئِیْنْ | اسے جو | | |
| | يَّنْصُرُهٗ | یَنْ صُ رُ ہُوْ | اس کی مدد کرتا ہے | ن ص ر | نُصرت، نَاصِر، اَنصارِ مَدِینہ |
| | وَرُسُلَهٗ | وَ رُ سُ لَ ہُوْ | اور اس کے رسولوں کی | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسَل، رِسَالَتِ مُحَمَّدِیَّہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِالْغَيْبِ ط | بِلْ غَائِ ب | بِن دیکھے | غ ی ب | غیب کا علم، غِیاب، غیبی امداد |
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | قَوِيٌّ | قَ وِی یُنْ | نہایت قوی | ق و ی | قُوَّت، قَوِی، مُقَوِّی غِذَا، قَوِیُّ الجُثَّہ |
| | عَزِيْزٌ ع ﴿۲۵﴾ | عَ زِیْ ز | بڑا زبردست ہے | ع ز ز | اَلعَزِیز (غالب، اللہ کا صفاتی نام)، عَزِیزِ مصر، مُعَزَّز، مُعَزَّزَات |
| ۲۶ | وَلَقَدْ | وَلَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | شان وشوکت، صبر وتحمل، کون ومکان |
| | اَرْسَلْنَا | اَرْ سَلْ نَا | ہم نے بھیجا | ر س ل | رَسُول، رُسُل، مُرسل، رِسَالَتِ مُحَمَّدِیَّہ |



اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَ رُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ط اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ع ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

اس کی اور اس کے رسولوں کی مدد بن دیکھے کون کرتا ہے، بیشک اللہ تعالیٰ قوت والا اور زبردست ہے ﴿۲۵﴾ بیشک ہم نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نُوْحًا | نُوْ حَا ؤْں | نُوح کو | | حضرت نُوح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَّ اِبْرٰهِيْمَ | وَاِبْ رَا ہِیْ مَ | اور ابراہیم کو | | حضرت ابراہیم علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَجَعَلْنَا | وَ جَ عَلْ نَا | اور ہم نے رکھی | ج ع ل | |
| | فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا | فِیْ ذُ رِ ری یَ تِ ہِ مَ | ان دونوں کی اولاد میں | ذ ر ر | ذُرِّیَّتِ آدم علیہ السلام، ذُرِّیَّتِ اِبلیس |
| | النُّبُوَّةَ | ن نُ بُو وَ ۃَ | نبوت | ن ب ء | نبی، اَنبیاء، خَتمِ نُبُوت، اَنبَاء (سعودی چینل) |
| | وَالْكِتٰبَ | وَلْ کِ تَا بَ | اور کتاب | ک ت ب | کِتابِ حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |
| | فَمِنْهُمْ | فَ مِنْ ہُمْ | پھر ان میں سے کچھ | | مِن وعَن، مِن جُملہ، مِن حَیثُ القَوم |
| | مُّهْتَدٍ ج | مُ ہْ تَ دْ | ہدایت پانے والے ہیں | ھ د ی | ہِدَایت، ہَادِیِ عالَم، ہَادیِ کائنات |

نُوْحًا وَّ اِبْرٰهِيْمَ وَ جَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَ الْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ج

نوح (علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا اور ہم نے ان دونوں کی اولاد میں پیغمبری اور کتاب جاری رکھی تو ان میں سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَكَثِيْرٌ | وَ کَ ثِیْ رُ | اور بہت سے | ک ث ر | خَیرِ کَثِیر، کَثرت، اَکثر، کَثِیر لوگ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْهُمْ | م ِمن ہُم | ان میں سے | | مِنجانب، مِن حیثُ القوم |
| | فٰسِقُوْنَ ۝٢٦ | فَا سِ قُو نَ | فاسق ہیں | ف س ق | فِسق و فُجُور، فاسِق و فاجِر، فاسِق |
| ۲۷ | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | قَفَّيْنَا | قَف فَا ئِيْ نَا | ہم نے لگاتار بھیجا | ق ف و | |
| | عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ | عَ لَا.. آ ثَا رِ ہِم | ان کے نقشِ قدم پر | ء ث ر | اَثر، اَثر و رُسوخ، آثارِ قدیمہ |
| | بِرُسُلِنَا | بِ رُ سُ لِ نَا | اپنے رسولوں کو | ر س ل | رَسول، رُسل، مُرسل، رِسالتِ مُحمّدیّہ |
| | وَقَفَّيْنَا | وَ قَف فَا ئِيْ نَا | اور ہم نے (ان کے) پیچھے بھیجا | ق ف و | شان وشوکت، صبروتحمّل، ذِکرواذکار |

وَ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝٢٦ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَ قَفَّيْنَا

کچھ تو راہ یافتہ ہوئے اور ان میں سے اکثر بہت نافرمان رہے ۝٢٦ ان کے بعد پھر بھی ہم اپنے رسولوں کو پے در پے بھیجتے رہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِعِيْسَى | بِ عِيْ سَ | عیسیٰ | | حضرت عیسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | ابْنِ مَرْيَمَ | بْ نِ مَرْ يَ مَ | ابنِ مریم کو | ب ن و | اِبنِ سینا، اَبناء، اَبنائے مدرسہ، بنُون |
| | وَاٰتَيْنٰهُ | وَ آ تَا ئِيْ نَا هُ | اور ہم نے اسے دی | ء ت ی | عدل وانصاف، قول وقرار، مکروفریب |
| | الْاِنْجِيْلَ ۵ | لْ اِنْ جِيْ لَ | انجیل | | حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل شدہ آسمانی کتاب |
| | وَجَعَلْنَا | وَ جَ عَلْ نَا | اور ہم نے رکھ دی | ج ع ل | لَیل ونَہار، رَحیم وکَریم، رَنج واَلم |
| | فِيْ قُلُوْبِ | فِيْ قُ لُو بِ | دلوں میں | ق ل ب | قلب، قُلوب، قلبی تعلّق، قلبِ اَطہر |
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِيْ نَ | ان لوگوں کے جنھوں نے | | |
| | اتَّبَعُوْهُ | ت تَ بَ عُو هُ | پیروی کی اس کی | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّباعِ سُنّت |

بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَ اٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۵ وَ جَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ

اور ان کے بعد عیسیٰ بن مریم (علیہ السلام) کو بھیجا اور انہیں انجیل عطا فرمائی اور ان کے ماننے والوں کے دلوں میں شفقت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَاْفَةً | رَ x فَ تَا ؤں | شفقت | ر ء ف | رؤفُ الرّحیم، رَأفت، عبدُالرّؤف |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّ رَحْمَةً ط | وَ رَ حْ مَ ہْ | اور مہربانی | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| | وَ رَهْبَانِيَّةَ | وَ رَ ہْ بَا نِ یْ یَ ةَ | اور رہبانیت (دنیا سے کنارہ کشی) | ر ھ ب | رَہبَانِیّت (دنیا سے کنارہ کشی کرنا)، رَاہِب |
| | اِبْتَدَعُوْهَا | اِبْ تَ دَ عُوْ ہَا | (تو) اسے انہوں نے خود ایجاد کیا | ب د ع | اِبْدَاع (نئی ایجاد)، بِدْعَت، بِدْعَات |
| | مَا كَتَبْنٰهَا | مَا کَ تَبْ نَا ہَا | ہم نے اسے نہیں لکھا تھا | ک ت ب | کِتَابِ حِکمت، کِتَابُ اللہ، کِتَابَت |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم |
| | اِلَّا | اِل لَ | سوائے | | اِلَّا مَاشَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | ابْتِغَآءَ | بْ تِ غَا....ءَ | تلاش کرنے | ب غ ی | |

رَاْفَةً وَّ رَحْمَةً ط وَ رَهْبَانِيَّةَ اِبْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ

اور رحم پیدا کر دیا، ہاں! رہبانیت (ترک دنیا) تو ان لوگوں نے از خود ایجاد کر لی تھی ہم نے ان پر اسے واجب نہ کیا تھا سوائے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رِضْوَانِ | رِضْوَانِ | خوشنودی | ر ض و | رَضَائے الٰہی، رَضَامندی، رَاضی، رَضَا |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | فَمَا رَعَوْهَا | فَ مَا رَ عَا ؤْ ہَا | پھر انہوں نے اس کا خیال نہ رکھا | ر ع ی | رِعَایت، رِعَایتی قِیمت |
| | حَقَّ | حَق قَ | جیسا کہ حق تھا | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |
| | رِعَايَتِهَا ج | رِ عَا یَ تِ ہَا | اس کا خیال رکھنے کا | ر ع ی | رِعَایت، رِعَایتی قِیمت |
| | فَاٰتَيْنَا | فَ آ تَا ئِ نَ | پھر ہم نے دیا | ء ت ی | |
| | الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | ل لَ ذِ یْ نَ آ مَ نُوْ | ان لوگوں کو جو ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمَان، مُؤمِن، اِیمَان |
| | مِنْهُمْ | مِنْ ہُمْ | ان میں سے | | |
| | اَجْرَهُمْ ج | اَجْ رَ ہُمْ | ان کا اَجر | ء ج ر | اَجر، اُجرت، اَجر وثَواب |

رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ج فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ج

اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے، سوانہوں نے اس کی پوری رعایت نہ کی، پھر بھی ہم نے ان میں سے جو ایمان لائے تھے انہیں ان کا اجر دیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَكَثِيْرٌ | وَ کَ ثِیْ رُ | اور بہت سے | ك ث ر | خیرِ کثیر، کثرت، اکثر، کثیر لوگ |
| | مِّنْهُمْ | م مِنْ ہُمْ | ان میں سے | | منجانب، مِن حیثُ القوم |
| | فٰسِقُوْنَ ۲۷ | فَا سِ قُوْ نَ | فاسق ہیں | ف س ق | فِسق و فجور، فاسق و فاجر، فاسق |
| ۲۸ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ | یَا.. اَ یْ یُ ہَلْ لَ ذِیْ نَ | اے وہ لوگو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | جو ایمان لائے ہو! | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | اتَّقُوا | ت تَ قُوْ | تم ڈرو | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | وَاٰمِنُوْا | وَ آ مِ نُوْ | اور ایمان لاؤ | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | بِرَسُوْلِهٖ | بِ رَ سُوْ لِ ہِیْ | اس کے رسول پر | ر س ل | رَسول، رُسُل، مُرسل، رِسالتِ محمدیہ |

وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۲۷ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ

اور ان میں زیادہ تر لوگ نافرمان ہیں ۲۷ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہا کرو اور اس کے رسول (ﷺ) پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يُؤْتِكُمْ | یُ x تِ کُ مْ | وہ تمہیں دے گا | ء ت ی | |
| | كِفْلَيْنِ | کِفْ لَا یْ نِ | دو حصے (اجر) | ك ف ل | |
| | مِنْ رَّحْمَتِهٖ | مِرْ رَحْ مَ تِ ہِیْ | اپنی رحمت سے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم و کرم |
| | وَيَجْعَلْ | وَ یَ جْ عَ لْ | اور بنائے گا | ج ع ل | جعلی، جعل سازی، جعلی نوٹ، جعلی مقابلہ، جعلی کاغذات |
| | لَّكُمْ | لَ کُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | نُوْرًا | نُوْ رَنْ | ایسا نور | ن و ر | نُور، اَنوار، مُنوّر ہونا، اَنوارِ الٰہی |
| | تَمْشُوْنَ | تَمْ شُوْ نَ | (کہ) تم چلو گے | م ش ی | |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کے ساتھ | | |
| | وَيَغْفِرْ | وَ یَ غْ فِ رْ | اور وہ بخش دے گا | غ ف ر | غَفّار، عبدُ الغفور، غافِر، اِستغفار |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَكُمْ ط | لَ كُ مْ | تمہیں | | |

يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ط

ایمان لاؤ اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی رحمت کا دوہرا حصہ دے گا اور تمہیں نور دے گا جس کی روشنی میں تم چلو پھرو گے اور تمہارے گناہ بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاللّٰهُ | وَ ل لَا هُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ الْعَالَمِیْن |
| | غَفُوْرٌ | غَ فُوْ رٌ | بہت معاف کرنے والا | غ ف ر | غفّار، عبدُالغفور، غافِر، اِستِغفار |
| | رَّحِيْمٌ ﴿٢٨﴾ | رَ رَ حِیْ مٌ | نہایت رحم کرنے والا ہے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکرم |
| ۲۹ | لِّئَلَّا | لِ ءَل لَا | تا کہ | | |
| | يَعْلَمَ | يَ عْ لَ مَ | جان لیں | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علّامہ |
| | اَهْلُ الْكِتٰبِ | اَ هْ لُلْ کِ تَا بِ | اہلِ کتاب | ء ھ ل<br>ک ت ب | اَہل وعیال، اَہل خانہ، اَہل بیت<br>کتاب حکمت، کتاب اللہ، کتابت |
| | اَلَّا | اَ ل لَا | کہ نہیں | | لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | يَقْدِرُوْنَ | يَ قْ دِ رُوْ نَ | بلاشبہ وہ قدرت رکھتے | ق د ر | قادِر، قُدرت، مُقتدر، قدیر |
| | عَلٰى شَيْءٍ | عَ لَا شَیْ ءٍ | کسی شے پر | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ<br>شئے، اَشیائے خورد ونوش |

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٨﴾ لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ

معاف فرما دے گا، اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے ﴿٢٨﴾ یہ اس لئے کہ اہلِ کتاب جان لیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ فَضْلِ | م مِنْ فَضْ لِ | فضل سے | ف ض ل | فضل، فضیلت، اَفضل، فضائل |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ الْعَالَمِیْن |
| | وَاَنَّ | وَ اَن نَ | اور بلاشبہ | | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذِکر واذکار |
| | الْفَضْلَ | اَلْ فَضْ لَ | تمام فضل | ف ض ل | فضل، فضیلت، اَفضل، فضائل |
| | بِيَدِ | بِ یَ دِ | ہاتھ میں ہے | ی د ی | یدِ بیضا، یدِ طولیٰ، رفع یدین، قطع ید |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ الْعَالَمِیْن |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يُؤْتِيهِ | یُ x تِیْ ہِ | وہ یہ (فضل) دیتا ہے | ء ت ی | |
| | مَنْ | مَ ئیں | جسے | | |
| | يَّشَآءُ ط | یَ شَا … ء | وہ چاہتا ہے | ش ی ء | اِن شَاءَ اللہ، مَاشَاءَ اللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |

مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ اَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ ط

کسی حصے پر بھی انہیں اختیار نہیں اور یہ کہ (سارا) فضل اللہ تعالیٰ ہی کے ہاتھ ہے وہ چاہے دے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَ اللّٰهُ | ول لَا ہُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | ذُو الْفَضْلِ | ذُلْ فَضْ لِ | فضل والا ہے | ف ض ل | فضل، فضیلت، افضل، فضائل |
| | الْعَظِيمِ ع ﴿۲۹﴾ | لْ عَ ظِی م | بہت بڑے | ع ظ م | عظیم، اعظم، عظمت، وزارتِ عظمیٰ |

وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ع ﴿۲۹﴾

اور اللہ تعالیٰ ہے ہی بڑے فضل والا ﴿۲۹﴾

ع ۲۰

## اھم نوٹ

کمپوزنگ، تصحیح، طباعت اور بائینڈنگ کے پراسس میں انتہائی احتیاط سے کام لیا گیا ہے۔ تاہم بشری تقاضوں کے مطابق اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات وغیرہ درست نہ ہوں، تو از راہِ کرم مطلع فرمائیں، ادارہ آپ کا بے حد ممنون ہوگا۔

## والدین کیلئے مسنون قرآنی دُعا

رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِي صَغِيرًا (سورۃ بنی اسرائیل: ۲۴)

"اے اللہ! اُن پر ویسے ہی رحم کر جیسے انہوں نے میرے بچپن میں میری پرورش کی۔"

اَیْسَرُ الْقُرْاٰن کے تمام قارئین اور متعلقین کے والدین جو اس دنیائے فانی سے دار الآخرت میں جا چکے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے……اور…… چوہدری محمد صادق صاحب مرحوم جو 15 جنوری 2022ء کو رحلت فرما گئے تھے……ادارہ کی طرف سے تمام قارئین کی خدمت میں دُعائے مغفرت کی استدعا ہے۔ اُن کی طرف سے قرآن فہمی کے اس منفرد منصوبہ کو ربِ کریم اپنی بارگاہ میں ہمیشہ کے لئے صدقہ جاریہ بنادے۔ (ادارہ)

# قرآن فہمی میں مددگار دُعا

## اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ مَاضٍ

| اَللّٰهُمَّ | اِنِّيْ | عَبْدُكَ | وَابْنُ عَبْدِكَ | وَابْنُ اَمَتِكَ | نَاصِيَتِيْ | بِيَدِكَ | مَاضٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْ لَاہُ مْ مَ | اِنْ نِ یْ | عَ بْ دُ کَ | وَبْ نُ عَ بْ دِ کَ | وَبْ نُ اَمَ تِ کَ | نَاصِ یَ تِ یْ | بِ یَ دِ کَ | مَ اضِ نْ |
| اے اللہ! | یقیناً میں | تیرا بندہ ہوں | اور تیرے بندے کا بیٹا ہوں | اور تیری بندی کا بیٹا ہوں | میری پیشانی | تیرے ہاتھ میں ہے | جاری ہے |

اے اللہ! یقیناً میں تیرا بندہ ہوں، اور تیرے بندے کا بیٹا ہوں، اور تیری ہی بندی کا بیٹا ہوں، میری پیشانی تیرے قابو میں ہے،

## فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ قَضَائُكَ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ

| فِيَّ | حُكْمُكَ | عَدْلٌ | فِيَّ | قَضَائُكَ | اَسْئَلُكَ | بِكُلِّ اسْمٍ | هُوَلَكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِ یْ یَ | حُ کْ مُ کَ | عَ دْ لُ نْ | فِ یْ یَ | قَ ضَ اءُ کَ | اَسْ ءَ لُ کَ | بِ کُ لْ لِ سْ مِ نْ | ہُ وَ لَ کَ |
| میرے حق میں | تیرا حکم | انصاف والا ہے | میرے بارے میں | تیرا فیصلہ | میں تجھ سے سوال کرتا ہوں | ہر اس نام کے واسطے سے | جو تیرے لئے ہے |

میرے حق میں تیرا حکم جاری ہے، تیرا فیصلہ میرے بارے میں انصاف کے ساتھ ہے، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہر اُس نام کے

## سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهُ فِيْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهُ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ

| سَمَّيْتَ بِهٖ | نَفْسَكَ | اَوْ | اَنْزَلْتَهُ | فِيْ كِتَابِكَ | اَوْ | عَلَّمْتَهُ | اَحَدًا | مِّنْ خَلْقِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَ مْ مَا یْ تَ بِ ہِیْ | نَ فْ سَ کَ | اَوْ | اَنْ زَلْ تَ ہُوْ | فِ یْ کِ تَابِ کَ | اَوْ | عَ لْ لَ مْ تَ ہُوْ | اَحَ دَ مْ | مِ نْ خَ لْ قِ کَ |
| تونے پسند کیا ہے جسے | اپنے لئے | یا | تونے اُتارا | اپنی کتاب میں | یا | تُونے سکھایا اُسے | کسی کو | اپنی مخلوق میں سے |

واسطے سے جو تُونے اپنے لئے پسند کیا، یا اپنی کتاب میں تُونے اُتارا، یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہے،

## اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ

| اَوِاسْتَأْثَرْتَ | بِهٖ | فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ | عِنْدَكَ | اَنْ | تَجْعَلَ | الْقُرْاٰنَ | رَبِيْعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوِسْ تَ x ثَ رْ تَ | بِ ہِیْ | فِیْ عِ لْ مِ لْ غَا یْ بِ | عِ نْ دَ کَ | اَنْ | تَ جْ عَ لَ | لْ قُ رْ آ نَ | رَ بِ یْ عَ |
| یا تونے اختیار کر رکھا ہے | اُس کو | علمِ غیب میں | اپنے پاس | یہ کہ | تُو بنادے | قرآن کو | بہار |

یا اپنے علم غیب میں تُونے اُس کو اختیار کر رکھا ہے، اس بات کو کہ تُو قرآن مجید کو میرے دل کی بہار

## قَلْبِيْ وَنُوْرَ صَدْرِيْ وَجَلَآءَ حُزْنِيْ وَذَهَابَ هَمِّيْ ۔ (مسند احمد ج ۱ ص ۳۹۱)

| قَلْبِيْ | وَنُوْرَ صَدْرِيْ | وَجَلَآءَ حُزْنِيْ | وَذَهَابَ | هَمِّيْ |
|---|---|---|---|---|
| قَ لْ بِ یْ | وَنُ وْ رَ صَ دْ رِ یْ | وَجَ لَا ... ءَ حُ زْ نِ یْ | وَذَ ہَ ا بَ | ہَ مْ مِ یْ |
| میرے دل کی | اور نُور میرے سینے کا | اور دُور کردے میرے رنج وغم کو | اور دُور کردے | میری فکر کو |

اور میرے سینے کا نُور بنا دے اور دُور کر میرے رنج و غم کو اور میری فکر و پریشانیوں کو دُور کرنے کا ذریعہ بنا دے۔

## وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا (سورۃ مزمل:۴)

"اور قرآن کی تلاوت اطمینان سے صاف صاف کیا کرو۔"

خاور صادق "قرآن سمجھو تحریک"

کا یہ اہم اور منفرد منصوبہ فہمِ قرآن کے سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

☆ قرآن کریم کو سمجھانے کا یہ اسلوب پہلی دفعہ ہمارے ہی ادارے نے متعارف کروایا ہے۔

☆ قرآن فہمی کا یہ منصوبہ خالصتاً "رضائے الٰہی" کے حصول کیلئے ہے۔

☆ مزید بہتری کیلئے اس مفید کاوش کی ترویج و ترقی میں ادارہ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

آیئے! اس منفرد کوشش میں شریک ہو کر
تعلیمِ قرآن کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کریں۔


خاور صادق "قرآن سمجھو تحریک"

صدقہ جاریہ محترم محمد صادق چوہدری/محترمہ خاور صادق/محترم امیر ارقم ضمیر

فرسٹ فلور، امیر ارقم ضمیر مسجد/اسلامک سنٹر، ڈاکٹرز سوسائٹی، کینال روڈ لاہور 0300-5445595

www.quran-samjho.org quran.samjho.tahreek@gmail.com